وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

مجرب مستند نایاب عملیات و نقوش کا شاہکار

مسمّٰی بہ

خزینۃ الاسرار

از:

مولانا قاری محمد حنیف اسلم قاسمی

تاج کمپنی، اسلام آباد۔ کراچی

ربَّنا تَقبّل منّا اِنَّك انت السَمِیْعُ الْعَلِیْم

مجرب مستند نایاب عملیات ونقوش کا شاہکار
مسمّٰی بہ

خزینۃ الاسرار

از:

مولانا قاری محمد حنیف اسلم قاسمی

تاج کمپنی، اسلام آباد۔ کراچی

فہرست مضامین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض حال

الحمد للہ و کفیٰ و علی عبادہ الذین اصطفیٰ. اما بعد !

ارباب دانش سے یہ بات پوشیدہ نہیں کہ جو کام سلیقہ اور انتظام سے ہوتا ہے اس میں طبیعت کو مسرت بھی حاصل ہوتی ہے۔ اور کامیابی سے ہمکنار ہونا بھی مشکل نہیں ہوتا کسی مرض کے علاج میں دوا کے استعمال کے لئے طبیب کے مشورے اور اس کی ہدایات کو اولین حیثیت حاصل ہوتی ہے طبیب کے مشورے کے خلاف قدم اٹھانا گویا کہ اپنے آپ کو موت کے سپرد کر دینا ہے لیکن اس کے باوجود بعض اوقات طبیب کی تمام کوششیں رایگاں ثابت ہوتی ہیں۔ اور جو دوا ایک مریض کو فائدہ پہنچا چکی ہے وہی دوا اسی نوع کے دوسرے مریض پر کوئی اثر نہیں کرتی۔

اس کی وجہ یہ نہیں کہ طبیب کے علاج میں کچھ خامی ہے یا دواؤں میں خامی ہے بلکہ ہر چیز کے لئے ایک وقت اور محل مقرر ہے کُلُّ امرٍ مَرْهُوْنٌ بِاَوْقَاتِها یہی وجہ ہے کہ طبیب بار بار نسخوں میں ترمیم و تنسیخ کر کے نسخے کو مرض کے ساتھ مریض کے بدلتے ہوئے مزاج کے مطابق بنانے کی کوشش کرتا ہے اور اس چیز کو طبیب کی قابلیت کی دلیل سمجھا جاتا ہے نہ کہ اس دماغی کمزوری یا عدم واقفیت کی نشانی۔

پس جس طرح جسم انسانی کے ماہروں نے امراض کے لئے دوائیں تجویز کی ہیں، اسی طرح روحانیات کے ماہروں نے بعض مقاصد کے لئے وظائف و اعمال ترتیب دے کر اس میں عامل کے مشورے اور اس کے مقرر کردہ شرائط و ہدایات پر کار بند ہونا ضروری قرار دیا ہے ورنہ نتیجہ معلوم۔

ہم شکایت کرتے ہیں کہ تعویذات وغیرہ میں اثر نہیں مگر یہ نہیں سمجھتے کہ ہم نے کہاں تک ان کی ہدایات کی پیروی کی؟ اور کس حد تک ان کے مشورے پر عمل کیا ہے؟

اس کا جواب اکثر نفی ہی میں ملتا ہے بلکہ عموماً ایسا ہوتا ہے کہ کسی کتاب میں کوئی عمل دیکھا اور اسے کر بیٹھے قواعد و شرائط پر عمل کرنا تو درکنار ان پر اکثر سرسری نظر ڈالنی بھی گوارا نہیں کی اور جب ناکامی کا سامنا ہوا یا نقصان اٹھایا تو اعمال و عاملین سے بدگمانی کے گناہ کبیرہ میں مبتلا ہو گئے۔ اور اپنی کوتاہی اور بداحتیاطی کا کچھ خیال نہیں آیا۔ ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں سوائے اپنے قصور کے کوئی شخص اعمال و عاملین کو موردالزام قرار نہیں دے سکتا۔

اعمال میں بحکم خداوندی اثر ضرور ہوتا ہے خواہ جلد ہو یا بدیر اور ناکامی کا باعث یا قواعد کی خلاف ورزی ہوتی ہے یا وقت کی ناسازگاری اپنے اور عمل کے مزاج میں عدم مطابقت۔

اور باوجود مکمل احتیاط کے اگر کبھی ناکامی سے دوچار ہونا پڑ بھی جائے تو اس سے عمل کے اثرات اور اس کے مکمل ہونے پر کوئی حرف نہیں آتا اس کا باعث صرف یہ ہوتا ہے کہ مشیت ایزدی اس میں کامیابی کو پسند نہیں کرتی اور طبیب حاذق کی طرح عامل کامل بھی سر پٹک کر رہ جاتا ہے۔ پس جس طرح جسمانی علاج میں ناکامی سے طبیب کی قابلیت و مہارت اور دواؤں کا قصور نہیں سمجھا جاتا اسی طرح عمل اور عامل سے بدظن ہونا اور ان کو مورد طعن وہدف ملامت بنانا قرین انصاف نہیں ہاں بعض نام نہاد عامل جنہوں نے عملیات و وظائف کو پیشہ کے طور پر استعمال کرنا شروع کیا ہے اور طرح طرح سے مخلوق خدا کو ٹھگ لینا ان کے ہر وقت کا مشغلہ ہے ان سے گریز کرنا نہایت ضروری ہے۔ اسی نظریہ کے پیش نظر کہ عوام دھوکہ بازوں کے دام تزویر سے بچیں اور اپنے عزیز وقت کے ساتھ متاع عزیز برباد نہ کریں ناچیز نے یہ قدم اٹھایا ہے کہ اپنے مجرب اور مستند ذخیرے کو افادۂ عوام کے لئے پیش کر دوں۔

اس میں کوئی عمل ایسا نہیں جو غلط ہو اس میں صرف وہی اعمال درج کئے گئے ہیں جو میرے یا احباب کے تجربہ میں آچکے ہیں یا جنہیں میں نے بزرگوں کی قلمی بیاضوں سے حاصل کیا ہے۔ اور ان کی کامیابی پر پورا بھروسہ اور یقین ہے۔

یہ میرے پندرہ سالہ شوق کا حاصل ہے جو قبولیت کی امید اور افادۂ عوام کی خاطر ہدیہ ناظرین ہے امید کہ اس سے فائدہ اٹھا کر اس ناچیز کو دعاء خیر سے فراموش نہ فرمائیں گے۔

علاوہ ازیں اس ذخیرہ کی اشاعت سے یہ بھی مقصود ہے کہ جولوگ عاملین عملیات اور تعویذات سے بدظن ہو چکے ہیں وہ اس کتاب کے اعمال ووظائف کا شرائط وقواعد کے مطابق تجربہ کریں۔اور پھر دیکھیں کہ ناکامی کیونکر ہوتی ہے؟ اور بدگمانی کا ازالہ ہوتا ہے یا نہیں؟

ساتھ ہی یہ بھی عرض ہے کہ اس کتاب کے عملیات کو نہ پیشہ کے طور پر استعمال کیا جائے اور نہ اس سے ناجائز فائدہ اٹھایا جائے ورنہ دنیا میں روسیاہی کے ساتھ مواخذۂ اخروی سے بھی نجات ناممکن ہوگی، ناظرین کی سہولت کی خاطر میں نے اس کی ترتیب حروف تہجی کے مطابق قائم کی ہے۔ہر عمل اس سے متعلق باب میں تلاش کرلیا جائے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری اس ناچیز سعی کو قبول فرما کر اپنی عزیز مخلوق کو اس سے بیش از بیش فائدہ پہنچائے اور اسے میرے لئے اور ناشر کے لئے ذخیرۂ آخرت اور وسیلۂ نجات بنائے آمین ثم آمین یا رب العالمین۔ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم . وتب علينا انك انت التواب الرحيم. واخر دعوانا ان الحمد لله رب العٰلمين. وصلى الله تعالىٰ علىٰ خير خلقهٖ محمد واٰلهٖ وصحبهٖ اجمعين.

خادم الانام
احقر محمد حنیف اسلم الحسینی القاسمی مظفرنگری غفرلہٗ
ساکن محلہ اسلام پورہ متصل عیدگاہ مظفرنگر۔یوپی۔
۱۷ شعبان ۱۳۷۰ھ پنجشنبہ

باب الالف

اس باب میں آٹھ فصلیں ہیں۔

فصل اول حروف ابجد اور ان کے اعداد کے بیان میں

جمل ابجدی کے مطابق کے حروف اعداد حسب ذیل ہیں۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰

ن	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث
۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰

خ	ذ	ض	ظ	غ
۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اور جمل کبیر کے مطابق اعداد حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ حرف مطلوب لے کر اس کے حروف ملفوظی کے اعداد لے لو مثلاً الف میں تین حرف ال ف ہیں ان تینوں کے اعداد لے لو جو ۱۱۱ ہوتے ہیں۔ وقس علی ہذا۔

فصل دوم

اسماء الٰہی اور ان کے بعض خواص کے بیان میں۔

قال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم ان للّٰہ تعالیٰ تسعة وتسعین اسماً من احصٰہا دخل الجنة . وفی روایة ان حفظہا۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ۹۹ نام ہیں جو شخص ان کو یاد کرے گا وہ جنتی ہے۔

نیز فرمایا ہے کہ جو شخص ان کو پڑھ کر دعا کرے گا وہ ضرور قبول ہوگی۔ احادیث میں ہے کہ بعض کلمے زبان پر ہلکے اور میزان میں بھاری ہوتے ہیں پس مسلمان یہ نہ خیال کریں کہ قلیل محنت سے کثیر ثواب نہیں ملتا۔

(۱) اسماء الٰہی سے قضاء حاجت کا مجرب عمل

اپنے نام کے عدد جمل ابجدی سے لے کر ان اعداد کے مطابق اسماء الٰہی میں سے کوئی اسم تلاش کرو خواہ ایک ہو یا دو یا تین فقط۔ مثلاً اپنا نام ہلال ہے ۱۱ا کے عدد ۶۶ ہوتے ہیں ان کے موافق اسماء حسنیٰ میں سے وکیل ہے۔ اور مثلاً کسی کا نام محمد ہے اس کے عدد ۹۲ ہوتے ہیں اور ان اعداد کے موافق باسط، ودود، دو نام ہیں۔ پس ان حاصل شدہ اسماء کے شروع میں لا الہ الا اللہ کا اضافہ کر کے اس طرح کہو لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْوَكِيْلُ لِمَنِ اسْمُهٗ هِلَال. لا اله الا اللّٰه الباسطُ الودود لِمَنِ اسمُهٗ مُحَمَّد اس حاصل شدہ عبارت کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھو بعد ازاں سورۂ الم نشرح بہ تعداد مذکورہ پڑھ کر درود شریف اسی تعداد میں پڑھو اور اپنی حاجت طلب کرو انشاء اللہ تعالیٰ حاجت روا ہوگی۔

نقشہ ذیل سے اسماء الٰہی کے اعداد معلوم کرو۔

نمبر شمار	اسماء الٰہی	اعداد	نمبر شمار	اسماء الٰہی	اعداد
۱	الله	٦٦	۲	رحمن	۲۹۸
۳	رحيم	۲۵۸	۴	ملك	۹۰
۵	قدوس	۱۷۰	۶	سلامْ	۱۳۱
۷	مؤمن	۱۳۹	۸	مهيمن	۱۴۵
۹	عزيز	۹۴	۱۰	جبار	۲۶
۱۱	متكبر	٦٦۲	۱۲	خالق	۷۳۱
۱۳	بارئ	۲۱۳	۱۴	مصور	۳۳٦
۱۵	غفار	۱۲۸۱	۱٦	قهار	۳۰٦
۱۷	وهاب	۱۴	۱۸	رزاق	۳۰۸
۱۹	فتاح	۴۸۹	۲۰	عليم	۱۵۰
۲۱	قابض	۹۰۳	۲۲	باسط	۷۲

نمبر شمار	اسماء الٰہی	اعداد	نمبر شمار	اسماء الٰہی	اعداد
۲۳	خافض	۱۴۸۱	۲۴	رافع	۳۷۱
۲۵	معز	۱۱۷	۲۶	مذل	۷۷۰
۲۷	سمیع	۱۸۰	۲۸	بصیر	۳۰۲
۲۹	حکم	۶۸	۳۰	عدل	۱۰۴
۳۱	لطیف	۱۲۹	۳۲	خبیر	۸۱۲
۳۳	حلیم	۸۸	۳۴	عظیم	۱۰۲۰
۳۵	غفور	۱۲۸۶	۳۶	شکور	۵۲۶
۳۷	علی	۱۱۰	۳۸	کبیر	۲۳۲
۳۹	حفیظ	۹۹۸	۴۰	مقیت	۵۵۰
۴۱	حسیب	۸۰	۴۲	جلیل	۷۳
۴۳	کریم	۳۱۰	۴۴	رقیب	۳۱۲
۴۵	مجیب	۵۵	۴۶	واسع	۱۳۷
۴۷	حکیم	۷۸	۴۸	ودود	۲۰
۴۹	مجید	۵۷	۵۰	باعث	۵۷۳
۵۱	شہید	۳۱۹	۵۲	حق	۱۰۸
۵۳	وکیل	۶۶	۵۴	قوی	۱۱۶
۵۵	متین	۵۰۰	۵۶	[illegible]	۴۶
۵۷	حمید	۷۲	۵۸	محصی	۱۴۸
۵۹	مبدئ	۵۶	۶۰	معید	۱۲۴
۶۱	محیی	۶۸	۶۲	ممیت	۴۹۰

نمبر شمار	اسماء الٰہی	اعداد	نمبر شمار	اسماء الٰہی	اعداد
۶۳	حی	۱۸	۶۴	قیوم	۱۵۶
۶۵	واجد	۱۴	۶۶	ماجد	۴۸
۶۷	واحد	۱۹	۶۸	صمد	۱۳۴
۶۹	قادر	۳۰۵	۷۰	مقتدر	۷۴۴
۷۱	مقدم	۱۸۴	۷۲	مؤخر	۸۴۶
۷۳	اول	۳۷	۷۴	آخر	۸۰۱
۷۵	ظاهر	۱۱۰۶	۷۶	باطن	۶۲
۷۷	والی	۴۷	۷۸	متعالی	۵۴۱
۷۹	برّ	۲۰۲	۸۰	تواب	۴۰۹
۸۱	منتقم	۶۳۰	۸۲	عفو	۱۵۶
۸۳	رؤف	۲۸۶	۸۴	مالك الملك	۳۱۲
۸۵	ذوالجلال والاکرام	۱۱۰۰	۸۶	مقسط	۲۰۹
۸۷	جامع	۱۱۴	۸۸	غنی	۱۰۶۰
۸۹	مغنی	۱۱۰۰	۹۰	مانع	۱۶۶
۹۱	ضار	۱۰۰۱	۹۲	نافع	۲۰۱
۹۳	نور	۲۵۶	۹۴	هادی	۲۰
۹۵	بدیع	۸۶	۹۶	باقی	۱۱۳
۹۷	وارث	۷۰۷	۹۸	رشید	۵۱۴
۹۹	صبور	۲۹۸		میزان ۳۳۸۳۸	

(۲) جس شخص کو کسی رنج وغم، خوف دشمن وغیرہ کا سامنا ہو اور فوری طور پر اس کا دفعیہ

درپیش ہوتو بوقت نصف شب بیدار ہوکر باحتیاط تمام وضو کر کے دو رکعت نماز بہ نیت مقصد ادا کرے نماز سے فارغ ہوکر اسی جگہ قبلہ رو بیٹھ کریَا ھُوَ ایک ہزار پانچ سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کے لئے دعا کرے انشاء اللہ جلد از جلد مقصد برآری ہوگی۔

(۳) برائے حل مشکلات، بوقت شب چار ہزار پانچ سو مرتبہ اللہ پڑھ کر اپنی حاجت طلب کرو عجیب وغریب تاثیر ظاہر ہوگی مجرب۔

فصل سوم

اسماء اصحاب کہف کے بیان میں۔

(۱) یہ نام مٹ جانے ڈوب جانے اور آتشزدگی سے محفوظ رکھتے ہیں۔اور امراض و حاجات میں فائدہ رساں ہیں لکھ کر مکان یا کشتی یا اسباب میں رکھدیں وہ مکان وغیرہ باذن اللہ امان الٰہی میں رہے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الٰھی بحرمۃ یَمْلیْخا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَط تَبْیُوْنَسْ. اَذْرَفْطیو نُس کشَا فطیونس. یوانَسْ بُوْسُ وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرُ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلَ وَمِنْھَا جَائِرٌ.

(۲) اگر کسی جگہ آگ لگ جائے تو ان اسماء کو کوری سکوری پر لکھ کر آگ میں ڈالیں باذن اللہ وہ آگ بجھ جائے گی۔

فصل چہارم

استخاروں اور احوال غائب معلوم کرنے کے بیان میں۔

کسی اہم کام کے شروع کرنے سے پیشتر استخارہ امر مسنون ہے اس میں ضروری نہیں کہ جواب بالکل صاف ملے بلکہ خواب سے بیدار ہوکر طبیعت کا میلان جس طرف ہو اس جانب کو ترجیح دے کر اس کے مطابق عمل پیرا ہونے سے انشاء اللہ کامیابی ہوگی میں نے جو استخارے۔اس فصل میں درج کئے ہیں ان میں سے اکثر سے صاف جواب ملتا ہے مگر اس کے لئے تصفیۂ قلب ضروری ہے جتنا کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی طرف زیادہ رجوع ہوگا اسی قدر جواب صاف ملے گا بعض لوگوں پر استخارہ قطعاً نہیں کھلتا وہ نیند سے بیدار ہوکر اپنی طبیعت

کے میلان پر عمل کریں۔

اگر استخارہ ایک رات میں نہ کھلے تو سات رات تک کرنا چاہیے۔ ناجائز کاموں کے لئے ہرگز عمل نہ کریں ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان ہوگا۔ عمل کر کے قبلہ رو دائیں کروٹ پر باوضو خاموش اُسی جگہ سو جانا چاہیے نیند نہ آنے تک کروٹ نہ بدلی جائے سوال کا جواب ملنے پر آنکھ کھلنے کے بعد سو جانے سے جواب غلط ہو جاتا ہے اس میں احتیاط ضروری ہے۔

(۱) فوراً جواب حاصل کرنے کا عمل

کاغذ کے دو ٹکڑے لے کر ایک پر افعل لکھ کر اس کے نیچے یہ آیت لکھو یعتذرون الیکم اذا رجعتم الیھم قل لا تعتذروا لن نومن لکم قد نبأنا اللّٰہ من اخبارکم وسیری اللّٰہ عملکم ورسولہ ثم تردون الی عالم الغیب والشھادۃ فینبئکم بما کنتم تعملون دوسرے کاغذ پر لاتفعل لکھ کر اس کے نیچے یہ آیت لکھو وقل اعملوا فسیری اللّٰہ عملکم ورسولہٗ والمؤمنون وستردون الی عالم الغیب والشھادۃ فینبئکم بما کنتم تعملون پھر دونوں کاغذوں کی الگ الگ گولی بنا کر ان پر پاک مٹی لپیٹ کر ایک پانی سے بھرے ہوئے لوٹے میں ڈال کر یہ آیت بیس مرتبہ پڑھو۔ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْساً فَادّٰرَئْتُمْ فِیْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ ان میں سے ایک کاغذ اوپر آجائے گا اس پر اِفْعَل تحریر ہے تو کام ہو جائے گا اور لاتفعل مرقوم ہے تو اس کام کو نہ کرنا چاہیے وہ نہیں ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۲) بعد نماز عشاء سورۂ یٰسین کی تلاوت اس طرح کرو کہ ہر مبینؔ کو ۱۰۲ مرتبہ پڑھو سورۃ ختم ہونے کے بعد ۳۵ مرتبہ درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھو۔ اَللّٰهُمَّ بِحَق هٰذِهِ التَّوْرٰةِ اَنْ کَانَ هٰذَا لاَمْر خَیْراً فَاَرِنِیْ بَیَاضاً خضِرَةً وان کانَ شراً فَاَرِنِی سَوَاداً اَوحَرة۔ دعا پڑھتے وقت اپنے مطلب کا دل میں خیال رکھو اور اسی جگہ سو جاؤ۔ انشاء اللہ ان میں سے کوئی ایک چیز ضرور نظر آئے گی اگر سفیدی یا سبزی نظر آئے تو بہتر ہے اور سیاہی یا سرخی دکھائی دے تو اس کام سے پرہیز ضروری ہے۔

(۳) بعد نماز عشاء دو رکعت بہ نیت استخارہ اس طرح ادا کرو کہ رکعت اولیٰ میں بعد فاتحہ آیۂ کریمہ۔ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَار مَاكَانَ لَهُمَا لِخَيْرَةَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَعَالٰى عَمَّا

یُشْرِکُوْنَ۔ اور سورۂ کفرون پڑھو اور رکعت ثانیہ میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ کریمہ۔ وَمَا کَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَۃٍ اِذَا قَضَی اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَمْرًا اَنْ یَّکُوْنَ لَہُمُ الْخِیَرَۃُ مِنْ اَمْرِہِمْ وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِیْنًا۔ اور سورۂ اخلاص پڑھو نماز سے فارغ ہو کر دائیں کروٹ پر لیٹ کر یہ دعا ایک مرتبہ پڑھ کر خاموش سو جاؤ دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ یَا حَبِیْبَ کُلِّ حَبِیْبٍ...... یَا مُغِیْثُ کل مُغِیْثٍ یَا کَافِیْ یَا مُکْفِیْ مَنْ ھُوَ بِجَمِیْعِ الْخَلْقِ کَافِیْ اَلْکَشِفْ لِیْ مَالِیْ نَفْسِیْ مَخْفِیْ بِحق القلمِ وَاللَّوْحِ وَالْعَرْشِ وَالْکُرْسِیْ وَبِحَقِ محمدٍ صلی اللّٰہ علیہ وسلم التقرشی اللّٰھم ان کنت تعلم ان ھذا الامر خیرلی فی دینی ومعاشِیْ وعاقبۃ امری عاجلہ وَاجلہٖ فَارِنِیْ بَیَاضاً اَوْ خَضرۃً اوماءً جارِیاً وانْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھذا الامرشرلی فی دینی ومعاشی فارني سواداً او دخاناً انک علی کل شیٔ قدیرٍ وصلی اللّٰہ علی سیدنا محمدٍ وعلی الہٖ وصحبہٖ اجمعین۔ اگر خواب میں سفیدی یا سبزی یا نظر آئے تو کام ہو جائے گا۔ اور سیاہی یا دھواں نظر آئے تو اس کام سے پرہیز کرنا چاہئے۔ خط کشیدہ الفاظ پڑھتے وقت اپنے مقصد کو دھیان میں رکھنا چاہئے۔ مجرب ہے۔

(۴) بعد نماز عشاء چار رکعت نماز نفل بہ نیت استخارہ اس طرح ادا کرو کہ رکعت اولیٰ میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۂ ضحیٰ ثانیہ میں سورۂ تین ثالثہ میں سورۂ قدر اور رابعہ میں سورۂ زلزال پڑھ کر بعد سلام سورۂ زلزال ایک کاغذ پر لکھ کر اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جاؤ اور سوتے وقت یہ دعا پڑھ کر سو جاؤ "اللّٰھم اَرِنِیْ فی منامی الخبر فی کذا و کذا" کذا و کذا کی جگہ اپنے مقصد کا ذکر کرو جواب صاف ملے گا۔

(۵) مندرجہ ذیل نقش لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر اسماء الٰہی یا خبیر یا ہادی یا مبین لاتعداد نیند کے آنے تک پڑھتے ہوئے سو جاؤ اور اپنے مقصد کا دل میں خیال رکھو انشاء اللہ صاف معلوم ہوگا نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

۷۸۶

رفیع الدرجات ذوالعرش.

یوم التلاق یوم ھم بارزون

۲۰۰	۱۰	۲	۶۰۰	۲۰۰	۱۰	۲	۶۰۰
۲	۶۰۰	۲۰۰	۱۰	۲	۶۰۰	۲۰۰	۱۰
۲۰۰	۱۰	۲	۶۰۰	۲۰۰	۱۰	۲	۶۰۰
۶۰۰	۲۰۰	۲۰۰	۱۰	۲	۶۰۰	۲۰۰	۱۰
۱۰	۲	۶۰۰	۲۰۰	۱۰	۲	۶۰۰	۲۰۰
۶۰۰	۲۰۰	۱۰	۲	۶۰۰	۲۰۰	۱۰	۲
۱۰	۲	۶۰۰	۲۰۰	۱۰	۲	۶۰۰	۲۰۰
۶۰۰	۲۰۰	۱۰	۲	۶۰۰	۲۰۰	۱۰	۲

یلقی الروح من امرہ

علی من یشاء من عبادہ لینذر

(۶) بروز پنجشنبہ (روزہ رکھ کر) غسل کر کے پاکیزہ کپڑے پہن کر خوشبو لگاؤ پھر رات کو بعد نماز عشاء پندرہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضرت غوث الاعظم سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کی روح پر فتوح کو بخشو پھر گیارہ سو مرتبہ اَخْبِرْنِی بِحَالِیْ پڑھ کر سو جاؤ اپنے مقصد کا دل میں خیال رکھو انشاء اللہ ضرور معلوم ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۷) بشرائط مذکورہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ سو مرتبہ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یا کَاشِفَ الْغَرَائِبْ بعد نماز عشاء پڑھ کر سو جاؤ مقصد حاصل ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۸) بوقت نصف شب بیدار ہو کر باوضو روبقبلہ بیٹھ کر اَلْهَادِیُ الْخَبِیْرُ الْمُبِیْنُ گیارہ سو مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ مرتبہ پڑھو۔ مگر ہر سو مرتبہ کے بعد ایک مرتبہ اِھْدِنِیْ یَاھَادِیُ اَخْبِرْنِیْ یَاخَبِیْرُ بَیِّنْ لِّیْ یَامُبِیْنُ ضرور پڑھو فارغ ہو کر اپنے مقصد کے لئے دعا کر کے سو جاؤ اسی رات میں معلوم ہوگا مجرب ہے۔

(۹) بعد نماز عشاء دو رکعت بہ نیت استخارہ پڑھ کر بعد سلام سجدہ میں جا کر ایک سو ایک مرتبہ یَا عَلِیْمُ پڑھ کر اپنے مقصد کے لئے دعا کر کے سو جاؤ پہلی ہی شب میں مقصد حاصل ہوگا نماز میں پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ کفرون اور دوسری میں سورۂ اخلاص پڑھی جائے گی۔ مجرب ہے۔

(۱۰) سوتے وقت انگوٹھے کے ناخن پر یہ طلسم لکھ کر لاتعداد اللّٰہُ نورُ السمواتِ والاَرْضِ پڑھتا ہوا سو جائے کسی سے کلام نہ کرے اپنے مطلب کا تصور رکھے طلسم یہ ہے۔ سلسلع

(۱۱) مندرجہ ذیل اسماء بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھ کر سو جائے کوئی شخص آ کر سوال کا جواب دے جائے گا اسماء یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ لھت ھت یھت یھعت لھب الھب یا اللہ تون ہوئے۔ مجرب ہے۔

(۱۲) بعد نماز عشاء دو رکعت نماز بہ نیت استخارہ پڑھے رکعت اولیٰ میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ شمس سات مرتبہ اور ثانیہ میں سورۂ لیل سات مرتبہ پڑھے بعد سلام اسی جگہ بیٹھے ہوئے ۱۰۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر یہ نقش زعفران سے لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے انشاء اللہ پہلی ہی شب میں مقصد حاصل ہوگا مجرب ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ص	م	ل	ا
ا	ل	م	ص
ل	ا	ص	م
م	ص	ا	ل

(۱۳) بعد نماز عشاء سفید کپڑے پہن کر دائیں کروٹ پر روبقبلہ لیٹ کر سورۂ شمس واللیل والضحیٰ الم نشرح والتین اخلاص اور یہ دعا اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کَذٰلِكَ وَاجْعَلْنِیْ اَمْرِیْ فَرَجاً وَّ مَخْرَجاً وَّاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کَذٰلِكَ مَا اسْتَدَلَّ بِهٖ عَلٰی اِجَابَةِ دَعْوَتِیْ۔ سات سات مرتبہ پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ سات یوم کے اندر مقصد حاصل ہوگا دعا پڑھتے وقت اپنے مقصد کا تصور رکھنا چاہئے۔ مجرب ہے۔

(۱۴) بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھ کر پہلی رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ کفرون اور دوسری میں سورۂ اخلاص پڑھے۔ بعد سلام اول و آخر ۳۔۳ مرتبہ درود شریف اور بارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دم کر کے دائیں رخسار کے نیچے رکھ کر رو بقبلہ دائیں کروٹ پر اسی جگہ سو جائے انشاء اللہ پہلی ہی شب میں معلوم ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۱۵) بروز پنجشنبہ یا دوشنبہ بعد نماز عشاء سفیدی کئے ہوئے مکان میں پاک جگہ پر اول دو رکعت نماز نفل بہ نیت استخارہ ادا کرو پھر اسی جگہ بیٹھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف حسب ذیل دعا گیارہ سو مرتبہ، پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دو رکعت نماز نفل ادا کر کے اسی جگہ سو جاؤ انشاء اللہ پہلے روز ورنہ تیسرے روز دو موکل حاضر ہو کر سوال کا جواب دے جائیں گے ورنہ خواب میں معلوم ہوگا۔ پڑھتے وقت لوبان کی دھونی دیتے رہنا چاہئے دعا یہ ہے۔

یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ عَلَی الْخَبِیْرِ الْمَغِیْبَاتِ اِقْضِ حَاجَتِیْ بِحَقِّ یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ

فصل پنجم

آسیب کے دفعیہ کے بیان میں۔

(۱) مندرجہ ذیل عزیمت تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے آسیب زدہ کو پلاؤ اور اس کے منہ پر چھینٹے مارو جن بولے گا۔ اور شور کرے گا اس کو کہہ دو کہ وہ نکل جائے اگر نہ نکلے تو اسی عزیمت کا فتیلہ بنا کر کورے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر جلاؤ اگر پھر بھی نہ جائے تو اس کا دھواں مریض کی ناک اور کان میں پہنچاؤ فوراً جن جل کر خاکستر ہوگا۔ اور مریض آرام پائے گا عزیمت یہ ہے۔

عَزَمْتُ علیکم برب جبرائیلً ومیکائیلً واسرافیلً وعزرائیلً اَصْحٰنا الَّذِیْ جَعَلَ الْعَرْش عزمت علیکم بالذی اجاب اُذْھَبَ له عیسیٰ ابنُ مریم وَاَیَّدْ نا ہُ بِرُوْحِ الْقُدُسْ عزمت علیکم بخاتم سلیمان بنِ داؤدَ علیھما السلام الذی سُخِّرَ لَہُ الرِّیاحُ والجنُّ والشّیٰطِیْنُ سریعاً

(۲) مندرجہ ذیل نقش لکھ کر فتیلہ بنا کر تل کے تیل میں کورے چراغ میں سولہ کے ہندسہ کی طرف سے آسیب زدہ کے روبرو جلاؤ فلاں بن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا

نام لکھو جس قدر جن جلیں گے چراغ کی اسی قدر لو ہو جائیں گی۔ جب آسیب حاضر نہ ہو سکے بلکہ وہ مریض کے اندر ہضم ہو یا اسے بغیر نظر آئے ستاتا ہو تب اس فتیلہ سے کام لینا چاہئے بارہا تجربہ کیا گیا ہے نقش یہ ہے۔

اللّٰهم احرق الشیطین

۱۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

اظہر

الٰہی بحرمۃ ایں نقش فلاں بن فلاں را صحت دہی

(۳) آسیب کو حاضر کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر فتیلہ بنا کر کڑوے تیل میں کورے چراغ میں مریض کے روبرو جلاؤ جن حاضر ہو گا اس سے قول و قرار لے کر چھوڑ دو جلانا ہو تو فتیلہ جلا کر ختم کر دو جن خاکستر ہو گا تعویذ یہ ہے۔

بکسمت الیلم برب جبرائیلؑ واسرافیلؑ منکان مسلیتان تنجن بسیاتِ مسکر گربی مسمان بحق بن اصحاب حاضر شو حاضر شو حاضر شو فرعون قارون هامان شد او نمرود ابلیس

(۴) جس مکان میں آسیب کا اثر ہو اس کے جس قدر گوشے ہوں اسی قدر مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر نئی کلیہا میں ڈال کر اسے ڈھک کر ہر گوشہ میں دفن کر دو اس مکان سے جن بھاگ جائے گا اور پھر داخل نہ ہو سکے گا تعویذ یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحیم بسم الله پچھمی قل هو الله احد دکھنی ابراهیم خلیل الله پوربی امیر حمزه اتری حضرت علی کرم صدیق بحق خواجه عبدالکریم

(۵) مندرجہ ذیل نقش لکھکر آسیب زدہ کے مکان کے دروازے پر چسپاں کرو۔ جن اس میں داخل نہیں ہو سکے گا نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا بدوح بحق یا جبرائیلؑ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا بدوح بحق یا اسرافیلؑ

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا بدوح بحق یا عزرائیلؑ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا بدوح بحق یا میکائیلؑ

(۶) مکان کے لئے:۔ آیۃ کریمہ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْداً وَّاَکِیْدُ کَیْداً فَمَهِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْداً ایک ایک کیل پر پچیس پچیس مرتبہ پڑھ کر ایک ایک کیل مکان کے ہر گوشہ میں گاڑنے سے جن بھاگ جائے گا مجرب ہے۔

(۷) مندرجہ ذیل نقش مشک وزعفران وگلاب سے چینی کی طشتری پر لکھ کر آسیب زدہ کو چالیس روز تک پلاؤ پرانے سے پرانا اثر بھی دور ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یاحی حین لاحی فی دیمومۃِ ملکہٖ وبقائہ یاحی

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

(۸) مندرجہ ذیل نقش مشک اور زعفران سے لکھ کر دائیں بازو پر باندھے آسیب کا اثر دور ہوگا نقش یہ ہے۔

لا الہ الا اللہ حجاب بینی وبین کل مکرہ ماکرہ لا الہ الا اللہ

حجاب بینی وبین کل بلاءٍ و آفتہ وفتنہ برحمتك یا ارحم الراحمین

۱۶۵۸	۱۶۶۱	۱۶۶۴	۱۶۵۱
۱۶۶۳	۱۶۵۲	۱۶۵۷	۱۶۶۲
۱۶۵۳	۱۶۶۶	۱۶۵۹	۱۶۵۶
۱۶۶۰	۱۶۵۵	۱۶۵۴	۱۶۶۵

(۹) اگر کہیں آسیب آگ دیدیتا ہو یا اینٹیں پھینکتا ہو تو اس نقش معظم کو لکھ کر پانی کے نئے کوزہ میں ڈالے۔ اور اس کو دھو کر چھت اور جس جگہ مناسب خیال کرے چھڑکے پھر ہرگز آسیب کا خلل نہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

دی	ع	۲ل م اع	ف
ے	ک	ل	ف
ق	م	د	ک
بدوج	بدوح	ے	ھح ا

(۱۰) ایضاً یہ نقش لکھ کر اس کا منہ قبلہ کی طرف کر کے دیوار پر چسپاں کر دیا جائے پھر

ہرگز پتھر وغیرہ نہ آئیں گے۔ نقش یہ ہے۔

(۱۱) آسیب کو جلانے کے لئے

مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر فتیلہ بنا کر حسب معمول کڑوے تیل میں جلا کر اس کا دھواں آسیب زدہ کی ناک اور کان میں پہنچاؤ آسیب جل جائے گا۔ تعویذ یہ ہے۔

ابلیس ابوجہل ہامان فرعون

شداد مردود نمرود

(۱۲) عمل عجیب

یہ فتیلہ لکھ کر اور گیارہ تار کا نیلا ڈورا لپیٹ اور ایک کلیہ اوندھی رکھ کر اور اس پر تازہ پھول ڈال کر نئے چراغ میں فتیلہ روشن کرے اور مریض کو پاس بٹھائے اس کی نگاہ چراغ پر رہے فوراً آسیب حاضر ہو کر بات کرے گا اس کے ساتھ حسب مرضی سلوک کرو اور اگر عامل مریض کے روبرو نہ جاسکتا ہو تو یہ فتیلہ لکھ کر دیدیا جائے اور اسی طرح اس کو جلا دیا جائے

دو تین روز برابر دو تین دن کے اندر تیل میں خون معلوم ہوگا اس سے آسیب قتل ہو جائے گا۔ آرام ہونے کے بعد مریض کے وارثوں سے کچھ رقم لے کر موکلوں کو ثواب پہنچانے کی غرض سے بچوں کو شیرینی تقسیم کر دے۔ فتیلہ یہ ہے۔

فرعون لعین	ابلیس لعین ومردود	ہامان لعین	ہوا ا
رہنما ابلیس			عنت ہوا ا
لعین مردود فرعون		ہامان	جنزل ابلیس لعین

(۱۳) سورۂ ناس کو سات مرتبہ بغیر سین کے پڑھ کر کڑوے تیل پر دم کرے اور آسیب زدہ کے آنکھ ناک کان اور ہاتھ پاؤں کے ناخنوں پر ملے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی۔

فصل ششم

ام الصبیان کے دفعیہ کے بیان میں۔

ام الصبیان اشرار جنات میں سے ایک خبیث عورت ہے جو بچہ کو اس کی والدہ سے غافل پا کر دودھ پلا دیتی ہے جس کے باعث وہ بچہ اپنی ماں کا دودھ پینا چھوڑ دیتا ہے۔

(۱) ۲۱ مرتبہ سورۂ نصر پڑھ کر اجوائن پر دم کر کے اس کی پوٹلی بنا کر زچہ کی چارپائی کے پایہ کے نیچے باندھ دیا جائے انشاء اللہ ام الصبیان کا اثر زائل ہوگا۔

(۲) یہ تعویذ لکھ کر بچہ کے گلے میں معہ عود صلیب ڈال دیا جائے۔ انشاء اللہ اثر دور ہوگا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم. لا والعین التی لا تنام لا والرکن والمقام لا والملك العلام لا والواحد الذی لا ینام لا والعرش الذی لا یزول لا والکرسی الذی لا یحول لاوالثمانیة الذین یحملون العرش ومن حوله لاوالملئکة العافین والمسبحین لا والذی قال علیٰ جبل طور سیناً انوخ لا اله الا هو لا تقربوا من علقت علیه هذه الاسماء.

(۳) چار عدد کوری سکوری لے کر ہر ایک پر یہ نقش لکھ کر سب کو کوئلوں سے بھر کر ان میں آگ دہکائیں جب آگ دہک جائے تو جس چار پائی پر بچہ ہو اس کے چاروں پایوں کے نیچے ایک ایک سکوری رکھدی جائے، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۳۰	۱۰۲۴	۱۰۱۰	۱۰۳۶
۱۰۱۲	۱۰۳۴	۱۰۳۲	۱۰۲۲
۱۰۴۰	۱۰۱۴	۱۰۲۰	۱۰۲۶
۱۰۱۸	۱۰۲۸	۱۰۳۸	۱۰۱۶

فصل ہفتم

احتلام کے دفعیہ کے بیان میں

(۱) سوتے وقت شہادت کی انگلی سے بغیر روشنائی کے اپنے سینہ پر خلفاء راشدین یعنی ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، اور اپنی والدہ کا نام لکھ کر سو جائے انشاء اللہ احتلام سے محفوظ رہے گا مجرب ہے۔

(۲) سورۂ نوح تمام لکھ کر زیر تکیہ رکھ کر سو جائے احتلام نہیں ہوگا۔

(۳) سوتے وقت سورۂ طلاق پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے بدن پر پھیر کر سو جائے احتلام سے محفوظ رہے گا۔

(۴) مدرجہ ذیل نقش سیسہ کے پترے پر کندہ کرا کر کمر پر باندھے انشاء اللہ العزیز کبھی احتلام نہیں ہوگا، نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲۴۲	۴۲۴۶	۴۲۴۹	۴۲۳۵
۴۲۴۸	۴۲۳۶	۴۲۴۱	۴۲۴۷
۴۲۳۷	۴۲۵۱	۴۲۴۴	۴۲۴۰
۴۲۴۵	۴۲۳۹	۴۲۳۸	۴۲۵۰

فصل ہشتم

آشوب چشم کے بیان میں۔

(۱) مندرجہ ذیل حروف کو نوچندی شنبہ یعنی سنیچر کو لکھ کر چاٹ لے تو اس سال آشوب چشم سے محفوظ رہے گا حروف یہ ہیں۔

الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓمٓرٰ الٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ طٰسٓ یٰسٓ صٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ۔ال م ص رك ی ع ط س ح ق ہ ن.

(۲) اسے سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر مریض کی دونوں آنکھوں کے درمیان لٹکائے جلد شفا حاصل ہوگی۔

یا ایھا الرمد المرمود رقیتك بتوراة موسیٰ وانجیل عیسیٰ وزبور داوود والقرآن العربی لا تقبح ولا تبرح ولا تکون لہٗ رھقا اخرج من عین ھذا الآدمی کما خرج یونسؑ من بطن الحوت وکما خرج یوسف من الحب والسجن بالف الف لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

(۳) سرمہ پر حسب ذیل دعا ۲۱ مرتبہ پڑھ کر آنکھ میں لگائے انشاء اللہ صحت ہوگی۔

اِذْھَبُوْا بِقَمِیْصِیْ ھٰذَا فَاَلْقُوْہُ عَلٰی وَجْہِ اَبِیْ یَاْتِ بَصِیْراً فَکَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآئَكَ فَبَصَرُكَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ اَللّٰھُمَّ اذْھَبِ الرَّمَدَ وَرِیَاحَ الرَّمَدِ وضَرَبَانِ الرَّاْسِ وَالشَّقِیْقَۃِ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحَابَ الْکَھْفِ وَالرَّقِیْمِ کَانُوْا مِنْ آیاتِنَا عَجَباً اِذْ اَوَی الْفِتْیَۃُ اِلَی الْکَھْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَا اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَۃً وَّھَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رشداً کٓھٰیٰعٓصٓ ذِکْرُ رَحْمَۃِ رَبِّكَ عَبْدَہٗ زَکَرِیَّا اِذْنَادیٰ رَبَّہٗ نِدَآءً خَفِیًّا قَالَ رَبِّ اِنِّیْ وَھَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْباً وَّلَمْ اَکُنْ بِدُعَآءِكَ رَبِّ شَقِیًّا وَلَا حَوْلَ وَلا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم.

(۴) سرخی اور درد چشم کے لئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم . دَخَلَ الرَّمَدُ بِسَلَامَۃٍ وَیَخْرُجُ الرَّمَدُ بِسَلَامَۃٍ وانکَفَتِ الْدَمْعۃِ وَانْجَلَتِ الْحُمْرَۃُ بِاَلْفِ لاحول ولاقوۃ الاباللّٰہ العلیّ العظیم اَللّٰہُ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکوٰۃٍ فِیْھَامِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ اَلزُّجَاجَۃُ کَاَنَّھَا کَوْکَبٌ

دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَرْبِیَّةٍ یَّكَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ.

علی الصباح روزانہ ۳ مرتبہ پڑھ کر دونوں آنکھوں پر دم کیا جائے انشاء اللہ شفا ہوگی۔

(۵) آیۃ کریمہ۔ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ کو کسی درود شریف کے ساتھ ملا کر سات مرتبہ پڑھ کر دونوں انگوٹھوں کی پشت پر دم کرکے دونوں آنکھوں پر پھیرلے انشاء اللہ نور بصر میں زیادتی ہوگی اور ضرر چشم دور ہوگا مجرب۔

(۶) اس آیۃ کریمہ کو مشک و زعفران و گلاب سے کاغذ پر لکھ کر اسے پانی میں دھو کر قدرے پانی مریض کو پلائیں۔ اور قدرے آنکھوں پر لگائیں انشاء اللہ آرام ہوگا آیۃ کریمہ یہ ہے۔

یُرِیْدُ اللّٰهُ اَنْ یُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفاً فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآئَكَ فَبَصَرُكَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ.

(۷) بترکیب مذکورہ بالا لکھ کر قدرے پانی پلائیں اور قدرے پانی میں عرق گلاب ملا کر سر اور آنکھوں پر لگائیں آیۃ کریمہ یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِیْرُ اَلْقٰهُ عَلٰی وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْراً.

باب الباء

اس باب میں چار فصلیں ہیں۔

فصل اول

بخورات مناسب سبعہ سیارہ ونسبت ایام وغیرہ میں۔

بعض اعمال میں سبعہ سیاروں کی مناسبت سے دھونی دی جاتی ہے۔اس لئے ہر سیارہ کے لئے نجورات مناسبہ کا حال اس نقشہ سے دریافت کیجئے اسی سے سبعہ سیارہ کے ساتھ ایام ہفتہ ورحروف ابجد کی نسبت معلوم کرو۔

نقشہ جامع آسامی ایام کواکب وخواص والوان وبخور وغیرہ

ایام کواکب	اسماء کواکب	خواص	آتشی	بادی	آبی	خاکی	بخورات	الوان کواکب
شنبہ	زحل	نحس اکبر	ا	ب	ج	د	عودولوبان	سیاہ
پنجشنبہ	مشتری	سعد اکبر	ہ	و	ز	ح	عودوشکر	صندلی
سہ شنبہ	مریخ	نحس اصغر	ط	ی	ک	ل	عودوملاگیر	سرخ
یکشنبہ	شمس	سعد اکبر	م	ن	س	ع	عودودارچینی	زرد
جمعہ	زہرہ	سعد اصغر	ف	ص	ق	ر	عودوصندل سفید	سفید
چہارشنبہ	عطارد	مشترک	ش	ت	ث	خ	عودوصندل سرخ	فیروزی
دوشنبہ	قمر	سعد اصغر	ذ	ض	ظ	غ	عودوکافور	سبز

فصل دوم

اعمال متعلقہ بیداری دبے خوابی کے بیان میں۔

(۱) وقت مقررہ پر بیدار ہونے کے لئے

سوتے وقت یہ آیۃ کریمہ لَا یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَا اِلَّا هُوَ سات مرتبہ معہ اول وآخر درود

شریف سات سات مرتبہ پڑھ کر جس وقت بیدار ہونا چاہے اس کا ذکر کر کے بغیر کسی سے ہم کلام ہوئے سو جائے انشاء اللہ مقررہ وقت پر آنکھ کھلے گی ایک منٹ کا بھی فرق نہیں ہوگا مجرب ہے۔

(۲) ایضاً۔ سوتے وقت یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر وقت کی تعین کر کے سو جائے مقصد حاصل ہوگا۔ آیت یہ ہے۔

اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ اِلٰی غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْھُوْداً.

(۳) ایضاً۔ مندرجہ ذیل آیت کو کانچ یا چاندی یا چینی کے برتن میں زعفران وگلاب و شہد خالص آتش نارسیدہ سے لکھ کر آب بارش سے دھو کر رکھ لیں اور وقت خواب تین گھونٹ پی لیا کریں انشاءاللہ وقت مقررہ پر آنکھ کھلے گی۔ آیات یہ ہیں۔

وکذلك اوحینا الیك روحا من امر نا ماکنت تدری ما الکتاب ولا الایمان ولکن جعلناہ نوراً نھدی به من نشاء من عباد نا وانك لتھدی الی صراط مستقیم صراط اللّٰه الذی لهٗ ما فی السمٰوات وما فی الارض الا الی اللّٰه تصیر الامور.

(۴) دفع بے خوابی کے لئے

اگر کسی کو نیند نہ آتی ہو تو وہ اس آیۃ کریمہ کو لاتعداد پڑھنا شروع کرنے سے انشاءاللہ جلد نیند آجائے گی مجرب ہے۔ آیۃ یہ ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْماً.

(۵) ایضاً۔ مندرجہ ذیل حروف لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر لیٹ جائیں جلد نیند آئیگی۔

صجع سعلسلع لطاط سفلفلح منھملج ملطح علیط ھسلطس وجه فجه فجه.

(۶) بیدار رہنے کے لئے

مندرجہ ذیل اسماء کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈالیں نیند نہیں آئے گی اسماء یہ ہیں یا نفس انفس اللّٰہ۔

فصل دوم

اعمال بواسیر کے بیان میں۔

اس تعویذ کو باریک کاغذ پر لکھ کر ٢ ماشہ چاندی کے خول میں دائیں ہاتھ کے گٹے کے اوپر باندھیں مجرب ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم یا تصفیق یا رزاق یا محیط یا مجیب یا مقسط یا معین یا مذل سبحانك لا الہ الا انت الھی بحرمۃ حضرت عمر تازی سوارقدس اللّٰہ سرہ.

(٢) ایضاً۔ بروز چہارشنبہ (بدھ) بوقت طلوع آفتاب لکھ کر چاندی کے تعویذ میں مڑھ کر دائیں ہاتھ کے گٹے پر باندھیں بارہا آزمودہ ہے نقش یہ ہے۔

٧٨٦

١٢	١٥	١٨	٥
١٧	٦٠	١١	١٦
٧	٢٠	١٣	١٠
١٤	٩	٨	١٩

(٣) اتوار کے دن طلوع آفتاب کے وقت یہ تعویذ لکھ کر زوال کے بعد کمر میں باندھے۔تعویذ یہ ہے۔

(٤) آخری چہارشنبہ کو بوقت طلوع آفتاب اس تعویذ کو لکھ کر پانی میں گھول دیں اور اس پانی میں چاندی کا چھلا گرم کر کے سات بار بجھائیں اور اس کو بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہنیں بواسیر دفع ہوجائے گی مجرب ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم الٓمّ الٓمّصٓ الٓر ق نٓ الٓمر کٓھیٰعٓصٓ حٰمٓ
عٓسٓقٓ طٰہٰ صٓ یٰسٓ طٰسٓمّ طٰسٓ.

(۵) دوشنبہ یا روز جمعہ کو بوقت طلوع آفتاب لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھیں انشاءاللہ آرام ہوگا۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. یارحیمُ کل صریخ ومکروب وغیاثہ یا رحیم وصلی اللّٰہ علیٰ خیر خلقہٖ محمد والہٖ واصحابہٖ اجمعین.

(۶) یہ دعا بارہ مرتبہ بارہ روز تک پڑھیں مجرب ہے۔

کا کاکر تاقر ور کرتا آخر کرتا جوکرتا سو ھوئ یا رآشنا رسی میں برج اپجی اور رسی میں جائ دوازدہ دن پڑھی عمر بھر نہ ھوئ لکھ بار پڑھی بنس میں نہ ھوئ جان کرنہ بتائ دوازدہ برھمن مارنی کی ھتیا ھوئ. روم کا ملّا شاہ محمد دعادیا سو ھوئ.

فصل چہارم

ہر قسم کے بخار کے دفعیہ کے بیان میں۔

(۱) کاغذ کے تین پرزوں پر حسب ذیل آیات لکھ کر اسے صاف پانی میں دھوکر روزانہ تین دن تک ایک تعویذ نہار منہ پلایا جائے۔

پہلے دن کے لئے یہ لکھے۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. انا اعطینك الکوثر یرید اللّٰہ ان یخفف عنکم دوسرے دن کے لئے فصل لربك وانحر ذلك تخفیف من ربکم ورحمۃ۔ تیسرے دن کے لئے ان شانئك ھو الابتر الآن خفف اللّٰہ عنکم۔

(۲) یہ تعویذ لکھ کر بخار والے کے دائیں بازو پر باندھ دیا جائے انشاءاللہ جلد آرام ہوگا۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم براء ۃ من العزیز الحکیم الیٰ ام ملدم التی تاکل الحم وتشرب الدم وتھشم العظ اما بعد فیا ام ملدم ان کنت مؤمنۃ فبحق محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم و ان کنت یھودیۃ فبـ ق موسی الکلیم علیہ السلام وان کنت نصرانیۃ فبحق المسیح عیسیٰ علیہ السلام ان لا اکلت لفلان بن فلانتہ لحماً ولا شربت لہ وما ولا ھشمت لہٗ عظماً وان تتحرلی عنہ الیٰ من اتخذ مع الرحمن الٰھاً اخر لا الہ الا اللّٰہ العزیز الحکیم والافانت

برئیۃ من اللّٰہ واللّٰہ بریئ منک وحسبنا اللّٰہ ونعم الوکیل ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم وصلی اللّٰہ علی سیدنا محمد وعلیٰ الہٖ وصحبہٖ وسلم.

(۳) سردی سے بخار کے لئے

مریض سے آٹھ ٹھیکریاں مٹی کی نئی منگائیں اور ایک ٹھیکری پر یا محیط لکھ کر اس کے بازو پر باندھیں۔ اور دوسری پر یہی اسم لکھ کر اسے پاک پانی میں دھو کر پلائیں دوسرے دن ٹھیکری کو بازو سے کھول کر کنویں میں ڈالیں اور پھر دو ٹھیکریوں پر وہی اسم لکھ کر ایک کو بازو پر بندھوائیں اور دوسری کو پلائیں تیسرے دن پھر بازو سے کھول کر کنویں میں ڈالیں اور دو ٹھیکریوں پر یا محیط لکھ کر ایک پلائیں اور دوسری بازو پر باندھیں چوتھے دن اسے بھی کنویں میں ڈال کر دو ٹھیکریوں پر یا محیطك لکھ کر ایک پلائیں اور ایک بندھوائیں انشاءاللہ ہرگز جاڑا بخار نہیں آئے گا۔ ترکیب کے خلاف کرنے سے اثر نہیں ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۴) ایضاً۔ مندرجہ ذیل نقش لکھ کر مریض کے زیر تکیہ رکھیں انشاءاللہ سردی موقوف ہوگی مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

(۵) ہر قسم کے بخار کے لئے خواہ خلطی ہو یا سحری یا آسیبی

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. فسیکفیکھم اللّٰہ وھو السمیع العلیم اذھب الحمشی باذن اللّٰہ العلیم سلام قولاً من رب رحیم ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم.

اس کو نہار منہ چینی کی طشتری پر اصلی زعفران اور شہد خالص سے قدرے کیوڑہ ملا کر لکھ کر مریض کو پلایا کریں اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے میم کو الحمد سے وصل کر کے تمام سورۃ ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دونوں وقت مریض پر دم کر دیا کریں مجرب ہے۔

(۶) بسم اللہ کے انیس حرفوں کو جدا جدا کر کے لکھیں پھر انا اعطینک الکوثر لکھیں پھر دوسرے پرچہ پر اسی طرح حروف لکھ کر فصل لربک وانحر تحریر کریں پھر تیسرے پرچہ پر حروف کے بعد ان شانئک ھو الابتر لکھ کر تینوں کا الگ الگ فتیلہ بنا کر شناخت رکھیں۔ اور ہر ایک پر قدرے نئی روئی لپیٹ دیں جب مریض کو بخار شروع ہو تو پہلے فتیلہ کی دھونی دیں اگر بخار اتر جائے تو بقیہ دونوں فتیلوں کو نہ جلائیں ورنہ اسی طرح دوسرے پھر تیسرے کی دھونی دیں اسی طرح تین روز کریں انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔

(۷) ایک بڑے کورے برتن میں صاف پانی بھر کر اس پر باوضو ۴۰ مرتبہ مع تسمیہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کریں پھر اس پانی سے مریض کو سر سے پا تک خوب مل مل کر غسل کرائیں اور اس دعا کو برابر پڑھتے جائیں۔ اَللّٰهُمَّ اِنما فعلتَ ذٰلِكَ تَصْدِيقاً بِرَسُوْلِكَ وَاِرَادَةَ شِفَاءِ بِكَ بسم اللہ اذْهَبِیْ یا ام سلام۔

(۸) تپ نوبت کے لئے۔

بخار سے ایک گھنٹہ پیشتر ۳ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کر دیں انشاء اللہ بخار نہیں ہوگا بسم اللہ الرحمن الرحیم یا مُسَبِبُ سَبِبَّ یَا شَافِیْ اشْفِ یا کافی اِکْفِ یَا مُفْلِحُ اِفْلِحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجَ یَا مسَهِّلُ سَهِّلْ یا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یا رحمانُ الرَّحِیم یا ذَا لْجَلَالِ وَالْاِکْرَام۔

(۹) بخار آنے سے نصف گھنٹہ پیشتر ایک پان پر معہ تسمیہ لا یجلیھا لوقتھا الا ھو لکھ کر مریض برابر دیکھتا رہے اگر بخار نہ آئے یا آجائے تو پان کو کھالے یا دیوار میں لگا دے انشاء اللہ بخار نہیں آئے گا اگر آئے گا تو شدت سے آئے گا اور اس کے بعد موقوف ہو جائے گا۔ مجرب۔

باب الباءالفارسی (پ)

اس باب میں تین فصلیں ہیں

فصل اول

پرہیز جلالی و جمالی وغیرہ کے بیان میں

پرہیز جلالی

گوشت ہر قسم۔ مچھلی، بیضہ، شہد، مشک، مشک کا پانی، چمڑے کا ڈول، کتاب کی جلد چرمی، جوتہ، موزہ، کمبل، اونی اشیاء، ہاتھی دانت کے چاقو کا دستہ اور جماع وغیرہ علاوہ ازیں یہ خیال رکھے کہ ایسی چیز کا استعمال نہ ہو جو حیوانات سے نکلتی ہو۔ دودھ والے درخت کا پتہ نہ توڑے، شاخ، پھول، اور میوے اپنے ہاتھ سے نہ توڑے گھوڑے وغیرہ پر سوار نہ ہو۔ غیر کے بستر پر نہ لیٹے۔ کسی سے ملاقات نہ کرے۔ بدبودار اشیاء سے پرہیز کرے ہر وقت باوضو رہے۔ جلالی عملیات میں ان باتوں کا خیال ضروری ہے۔

پرہیز جمالی

دودھ، دہی، سرکہ، نمک بنایا ہوا (نمک لاہوری کا استعمال رکھے) خرما، گوشت، پیاز لہسن اور تمام بدبودار اشیاء نیز جماع وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے۔ میوہ ہر قسم اور دال چاول وغیرہ کھا سکتے ہیں۔

مکروہات احرامی

بناؤ سنگھار کرنا، بھڑک دار لباس پہننا۔ فصد یا حجامت سے خون نکلوانا، سلا ہوا کپڑا پہننا، اگر ایک بھی شرط ان سے فوت ہوگی اور شرائط مذکورہ بالا کے موافق عمل نہ کرے گا تو خطرہ عظیم واقع ہوگا بلکہ جان کے ضیاع کا اندیشہ ہے۔ اگر اتفاقاً رجعت کا اثر ہو جائے تو ہر روز بلا ناغہ تا حصول صحت آیۃ الکرسی اور سورۂ فاتحہ ایک ایک بار پڑھتا رہے، اگر اس سے بھی عاجز ہو تو محض ان کا تصور کر لیا کرے اگر اس سے بھی عاجز ہو تو کسی آدمی کو مقرر کرے کہ وہ روزانہ پڑھ کر سنایا کرے۔ صحت کے بعد اسے خود پڑھکر پورا کرے یہ یاد رہے کہ عمل جلالی پڑھتے وقت عمل جمالی نہ پڑھے۔ اور عمل جمالی پڑھتے وقت جلالی عمل نہ پڑھے۔

فصل دوم

پھوڑے پھنسی اور ورم کے دفعیہ کے بیان میں۔

(۱) پھوڑے پھنسی اور زخم وغیرہ کے لئے مندرجہ ذیل آیت سات مرتبہ پڑھ کر اپنا تھوک انگلی پر لے کر تکلیف کی جگہ لگائے انشاءاللہ آرام ہوگا آیت یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. اِنَّا بَلَوْنَا هُمْ كَمَا بَلَوْنَا اَصْحَابَ الْجَنَّةِ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ فَاَصْبَحَتْ كَا الصَّرِيْمِ.

(۲) مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر پانی میں دھو کر پلائے انشاءاللہ آرام ہوگا۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم ، بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اِلٰى كُلِّ عِلَّةٍ لا تقيح ولا تزيح ابداً انشاء اللّٰہ تعالیٰ حبة طلعت فی صخرة صماء لا اصل لها ثابت ولا فرع لهانا بت بسم اللّٰہ ارقيك واللّٰہ يشفيك ويعافيك ويسئلونك عن الجنال فقل ينسفها ربی نسفاً فيذرها قاعاً صفصفا لا تریٰ فيها عوجاً ولا امتايها الالم النابت فی الجسد الذی يموت مت بقدرة الحی الذی لا يموت وصلی اللّٰہ علی سيدنا محمد وعلیٰ الهٖ وصحبهٖ وسلم.

(۳) مندرجہ ذیل آیت کو چینی کی طشتری پر مشک وزعفران سے لکھ کر روغن بنفشہ سے دھو کر پھوڑے پھنسی پر لگائے انشاءاللہ جلد آرام ہوگا۔ آیت یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم ويسئلونك عن الجبال فقل ينسفها ربی نسفا فيذرها قاعاً صفصفاً لا تریٰ فيها عولاً ولا امتا.

(۴) ازالۂ ورم کے لئے۔

مندرجہ ذیل نقش مقام ورم پر لکھیں انشاءاللہ ورم زائل ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

ا	ح	د
ہ	و	د
ح	ط	ی

فصل سوم

پیشاب اور مثانہ کے امراض کے دفعیہ میں

(۱) پیشاب کھولنے کے لئے

مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر مریض کی گردن میں باطہارت باندھے انشاء اللہ فوراً پیشاب کھل جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم لم یلبثوا الا ساعۃً من نھار بلاغٌ فھل یھلك الا القوم الفاسقون .

(۲) ایضاً۔ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر عُطِبَتْ اور بائیں پر عُطِسَتَ دائیں پاؤں کے تلوے پر عُبِطُوْسا اور بائیں پر عُطِمَسْ تحریر کرو۔ جب پیشاب کھل جائے تو ان حرفوں کو مٹادو۔

(۳) ایضاً۔ یہ اسماء مریض کی ہتھیلی پر لکھے جائیں فوراً پیشاب کھل جائے گا۔ اسماء یہ ہیں۔

یلحفه مکصهلح ماهو صفه بیصال ماهواه یاحی ا ن لااله الا هو ولا اله الا هو.

(۴) رک رک کر تکلیف سے پیشاب آنے کے لئے۔

اس تعویذ کو کاغذ پر لکھ کر بائیں ران پر باندھے پیشاب آنے پر فوراً کھول دے ورنہ نقصان ہوگا۔

ومرمل هو الع الله لنا سیجعل الله	ان الله ه ع ه صله سعه حعط بعد عسر یسرا	یرید الله بکم الیسر ولایرید بکم العسر تخفیف	وخلق الانسان ضعیفا
وجلوالمسا	عین ان قبلی ضعیفة وضعیفا یریدالله ان یخفف عنکم		

(۵) ایضاً۔ ہرن کی جھلی پر لکھ کر بائیں ران پر باندھے مجرب ہے۔

باسم الله باذن الله الشفاء من کل سقم لا تدرکه الابصار وهو ویدرك الابصار وهو اللطیف الخبیر وساررن وسارعون ساکدراصلدا صلد بسوهو مطی فه فه فاصله

(٦) ریگ مثانہ اور پتھری خارج کرنے کے لئے

یہ آیت لکھ کر مریض کو پلائے انشاء اللہ آرام ہوگا۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم وبست الجبال بسافکانت هباءً منبثاً وّ حملت الارض والجبال فدکتادکةً واحده قل کونوا حجارةً اوحدیداً او خلقا مما یکبر فی صدورکم فسیقولون من یعید ناقل الذی فطرکم اول مرة فسینغضون الیك رؤسهم ویقولون متی هو قل عسی ان یکون قریباً.

(٧) پیشاب کی کثرت روکنے کے لئے۔

اسے لکھ کر مریض کو پلائے انشاء اللہ جلد آرام ہوگا۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم وقیل یا ارض ابعلی ماء ك ویاسماء اقلعی وغیض الماء وقضی الامر. قل ارئیتم ان اصبح ما ء کم غوراً فمن یاتیکم بماءٍ معین.

(یہی تعویذ خون استحاضہ۔ نکسیر اور سینے سے خون بہنے کے لئے بھی مفید ہے)

باب التاء

اس باب میں سات فصلیں ہیں

فصل اول

تشخیص امراض کے بیان میں

(۱) یہ علامت لکھ کر مریض کو دکھائے اگر آسیب کا خلل ہے تو دیکھتے ہی رونا شروع کردے گا۔اور خبیث ہے تو ہنسنے لگے گا اور جسمانی مرض ہے تو چپ رہے گا۔نقش یہ ہے۔

(۲) مریض کے بدن کا وہ کپڑا جو سوتے وقت اس کے برہنہ جسم پر رہا ہو مثلاً کرتہ وغیرہ۔اس کے ایک کنارے کو کھینچ کر ایک بالشت ناپے پھر اس پر سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی تین تین بار اور سورۂ صٰفّٰت کی شروع کی آیتیں لازب تک پ ۲۳ ع ۵ اور سورۂ جن شروع سے شططا تک پ ۲۹ ع ۱۱ اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس پ ۳۰ ختم ایک ایک بار پڑھ کر دم کرے پھر اسی طرح ناپے اگر پہلے سے بڑھ گیا تو شیاطین کا اثر ہے۔اور گھٹ جائے تو سحر ہے یا جن اور برابر رہے تو جسمانی مرض ہے۔مجرب ہے۔

(۳) مریض کے دائیں بائیں کے انگوٹھے سے موئے پیشانی تک ایک ڈورا کچا سات تار کا لے کے اس پر سورۂ مزمل شریف سات مرتبہ مع اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھ کر ڈورے پر دم کرکے دوبارہ ناپیں اگر ایک انگل کم ہو تو سایۂ دیو ہے۔دو ہو تو آسیب تین ہو تو سحر اور چار ہو تو ام الصبیان اور اگر ایک انگل زیادہ ہو تو نظر ہے دو ہو تو نظر کفتار تین ہو تو باد اور چار ہو تو تپ ہے اور برابر رہے تو جسمانی مرض ہے۔مجرب ہے۔

(۴) سات تار نیلے سوت کے لے کر بطریق مذکورہ (۳) ناپ کر ایک مرتبہ درود شریف سات مرتبہ سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور سات مرتبہ ان اسماء کو پڑھ کر ڈورے پردم کرے اسماء یہ ہیں۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. قَیُوْشِ مَقْشِ زَجْمَاشِ مِیْعَاشِ شَاقِیْشِ مَاشِ اَیُوْشِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. پھر دوبارہ ناپ کر علامات مذکورہ (۳) پر قیاس کرے۔ مجرب ہے۔

(۵) ان اسماء کو اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھ کر مریض کے سر پر رکھے اگر وہ روئے تو جن کا اثر ہے ہنسے تو وہ انسانی کرتب (جادو نظر وغیرہ) سمجھے۔ اور خاموش رہے تو بلاء آسمانی خیال کرے اسماء یہ ہیں۔

مکھیل مکھیل سعلیط سعلیط ھھطط ھھطط.

(۶) قابلۂ حمل اور بانجھ عورت کی تشخیص کے لئے۔

اس طلسم کو لکھ کر عورت کو چٹائے اگر پیشاب کرے تو قابلۂ حمل ہے ورنہ بانجھ۔ طلسم یہ ہے۔

ے ا ل ۱ ک ط ۲۱۱ ۴ ۱ ۱ ے

(۷) حمل معلوم کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل علامات لکھ کر عورت کی گردن میں ڈالے اگر حاملہ ہوگی تو فوراً پیشاب کرے گی ورنہ نہیں۔ علامات یہ ہیں۔

حصین حصین

حسن نوس

فصل دوم
تقویم دائمی قمری (جنتری) کے بیان میں

جنتری

ہفتہ کے دن اور تاریخ							ربیع الاول و ذی الحجہ	شعبان	ربیع الثانی رمضان	جمادی الاول	محرم و شوال	جمادی الثانیہ و ذیقعدہ	صفر و رجب	ب
جمعہ	جمعرات	بدھ	منگل	پیر	اتوار	سنیچر	۱	ب	ج	د	ہ	و	ز	-
سنیچر	جمعہ	جمعرات	بدھ	منگل	پیر	اتوار	ز	۱	ب	ج	د	ہ	و☆	۳☆
اتوار	سنیچر	جمعہ	جمعرات	بدھ	منگل	پیر	و	ز	۱	ب	ج	د	د	۶
پیر	اتوار	سنیچر	جمعہ	جمعرات	بدھ	منگل	ہ	و	ز	۱	ب	ج	د	۲
منگل	پیر	اتوار	سنیچر	جمعہ	جمعرات	بدھ	د	ہ	و	ز	۱	ب	ج	۵
بدھ	منگل	پیر	اتوار	سنیچر	جمعہ	جمعرات	ج	د	ہ	و☆	ز	۱	ب	۱
جمعرات	بدھ	منگل	پیر	اتوار	سنیچر	جمعہ	ب	ج	د	ہ	و	ز	۱	۴
۷	۶	۵	۳	۴	۲	۱☆	۷	۲	۵	۳	۶	۱	۴	
۱۴	۱۳	۲۱	۱۱	۱۰	۹	۸	۱۵	۱۰	۸	۱۱	۱۴	۹	۱۲	
۲۱	۲۰	۱۹	۱۸	۱۷	۱۶	۱۵	۲۳	۱۸	۱۳	۱۶	۲۲	۱۷	۲۰☆	
۲۸	۲۷	۲۶	۲۵	۲۴	۲۳☆	۲۲	X	۲۶	۲۱	۱۹	X	۲۵	۲۸	.
X	X	X	X	X	۳۰	۲۹	X	X	۲۹	۲۴	X	X	X	
							X	X	X	۲۷	X	X	X	

قمر کا دور کبیر ۲۱۰ سال کا ہوتا ہے۔ قمر کا دور صغیر ۳۰ سال کا ہوتا ہے۔
مذکورہ تحت حروف واعداد اور دن وتاریخ پر ☆ نشانات لگائے ہیں۔

کسی بھی سنہ ہجری کو (۲۱۰) پر تقسیم کر کے حاصل قسمت کو ترک کرکے بقیہ کو (۳۰) پر تقسیم کرو حاصل قسمت کے ہندسہ کو خانہ (ب) کے نیچے دیکھو اور جتنے سال اس تقسیم سے بچیں انہیں خانہ (الف) کے برابر ملاحظہ کرو۔ خانہ الف کے ہندسہ کی سیدھ میں دائیں جانب جو حرف لکھا ہوا ہے اسے خیال میں رکھو اب جس ماہ قمری کی تاریخ اور دن دیکھنا ہو وہی حرف اس ماہ کے نیچے دیکھو۔ اس مرتبہ جہاں وہی حرف لکھا ہوا ہے اس کی سیدھ میں

ہفتہ کے جو دن لکھے ہوئے ہیں ان دنوں سے ملا کر ان کے نیچے دی ہوئی تاریخیں دیکھ لو۔
مثلاً اب یہ دیکھنا ہے کہ جمادی الاولیٰ ۱۳۷۰ھ کی ۲۳ ؍ تاریخ کس دن ہوگی۔ تو ۱۳۷۰ھ کو
(۲۱۰) پر تقسیم کیا حاصل قسمت (۶) ہوئے اور باقی (۱۱۰) رہے (۶) کو چھوڑ کر (۱۱۰) کو
(۳۰) پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت (۳) ہوئے اور باقی (۲۰) بچے اب (۳) حاصل قسمت کو
خانہ (ب) کے نیچے اور بقیہ (۲۰) عدد کو خانہ الف کے بازو میں دیکھو۔ اب اس (۲۰) عدد
کے اوپر اور ہندسہ (۳) کی سیدھ میں دیکھو حرف 'واؤ' ہے اب جمادی الاولیٰ کے نیچے دیکھو
''واؤ'' کہاں لکھا ہے اس حرف ''واؤ'' کی سیدھ میں جمعرات کا دن ہے اس کے نیچے ایک
تاریخ ہے اسی دن سے جمادی الاولیٰ ۱۳۷۰ھ کی ابتدا ہوتی ہے اور اس دن کی برابر میں
جمعہ ہے اس کے نیچے اس ماہ کی ۲۳ ؍ تاریخ ملے گی۔ (ماخوذ از ماہنامہ ''ستارہ'' رامپور یوپی)

فصل سوم

تسخیر خلائق کے بیان میں۔

(۱) اسم یا مُستَطِیعُ کو بوقت نماز فجر (خواہ نماز سے پہلے یا بعد میں) تیرہ سو مرتبہ مع اول و آخر درود شریف ۳۳ مرتبہ روزانہ پڑھے بلا شک مرجع خلائق ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۲) اسی اسم کی ترکیب مجھے ایک عامل سے اس طرح حاصل ہوئی ہے کہ ہر قسم کے گوشت، انڈا، مچھلی اور بدبودار اشیاء سے پرہیز کر کے وقت مقررہ پر بارہ ہزار پانچ سو مرتبہ مع اول و آخر درود شریف ۳۳ مرتبہ روزانہ دس روز تک بعد نماز فجر یا عصر پڑھے پھر ایک ہزار دو سو پچاس مرتبہ روزانہ سابقہ وقت پر ورد جاری رکھے انشاء اللہ دوسرے عشرہ سے تسخیر عام شروع ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

(۳) بعد نماز عصر مندرجہ ذیل دعا ۳۶۰ مرتبہ بلاناغہ پڑھے۔ مجرب ہے۔ دعا یہ ہے۔

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالنُّفُوْس وَالْاَبْصَار سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ الْمَخْلُوْقَاتِ مَعَ الْفُتُوْحَاتِ بِحَقِّ شَمْشَائِیْل.

(۴) برائے تسخیر ولاۃ و حکام و امراء وغیرہ۔

یَا رَحْمٰنَ کُلِّ شَیْئٍ وَّرَاحِمَہٗ۔ پانچ سو مرتبہ تین روز تک برابر پڑھے۔ اور روزانہ غسل کرے۔ چوتھے روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ہتھیلی پر لکھ کر امیر و حاکم وغیرہ کے سامنے جائے اور اس کے سامنے پندرہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ سب محبت و چاپلوسی سے پیش آئیں گے۔ مجرب بارہا۔

(۵) ایضاً۔ حاکم وغیرہ کے روبرو جاتے وقت ۴۱ مرتبہ یا اِسْتَقْضِیْ طِیْشٍ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیر لے انشاء اللہ حاکم وغیرہ کیسے ہی خشمگیں کیوں نہ ہوں مہربانی سے پیش آئیں گے۔ میرا بارہا کا تجربہ ہے۔

فصل چہارم

تسخیر جنات کے بیان میں۔

جاننا چاہئے کہ اس قسم کے عملیات اس وقت تک نہ کرنے چاہئیں جب تک کہ رہبر کامل اس کا نگراں نہ ہو اس لئے کہ اس میں اندیشہ مضرت رہتا ہے اور ذرا سی غلطی سے بجائے فائدہ کے نقصان پہنچ جاتا ہے۔ میں نے ان اعمال کو اس لئے درج کتاب کیا ہے کہ میں بلا بخل اپنے سینہ کے پوشیدہ راز ظاہر کر رہا ہوں اور یہ خیال ہے کہ شاید کوئی اللہ کا بندہ کمر ہمت باندھ کر ان اعمال کو کر کے احقر کو دعاء خیر میں یاد رکھے۔ آج بھی ایسے لوگوں کی کمی نہیں کہ جو مشکل سے مشکل عمل کو کچھ نہیں سمجھتے اور بلا خطرا سے کر کے کامیاب ہوتے ہیں ان میں سے بعض سے میں بھی واقف ہوں۔ اور وہ خود اس میں کامیاب ہوئے ہیں اور اپنے کئے ہوئے مجرب عمل انہوں نے اس ناچیز کو بھی بخشے ہیں چنانچہ وہ بھی ہدیۂ ناظرین ہوں گے۔

(۱) سوا لاکھ مرتبہ اسم مندرجہ ذیل ایک شب میں پڑھے تنہائی کا مقام ہو پڑھتے وقت عود جلائے۔ پاک کپڑے پہنے۔ خوشبو لگائے خوشبودار پھول اپنے پاس رکھے۔ بدبودار چیزیں نہ کھائے حصار اس طرح کرے کہ چاروں قل اور آیۃ الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر فولادی چھری پر دم کر کے اس چھری سے اپنے گرداگرد حلقہ کھینچ لے اور حلقہ کے درمیان بیٹھے اسم پڑھنے سے پہلے دو رکعت نماز حاجت ادا کرے ہر رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ نصر دس

مرتبہ پڑھے بعد سلام کے اسم مندرجہ ذیل پڑھے یا شَمْعَلُوْنِیْ ایک روحانی حاضر ہو کر سلام کرے گی چاہئے کہ پہلے اس سے عہد لے اور کچھ نشانی طلب کرے جس وقت کوئی مشکل پیش آئے تو حکم کرتے ہی حاضر ہوگی یہ روحانی ایک بزرگ ہے۔ اور نوے ہزار بادشاہ جنات اس کے تابع ہیں۔ بلا اجازت کوئی نہ پڑھے جو شخص پڑھنا چاہے تو پہلے کسی عامل کامل سے اجازت طلب کرلے۔ یہ وظیفہ صرف ایک رات کا ہے۔

(نوٹ) میں نے ایک بزرگ کی قلمی بیاض میں اسم مذکور کی تعداد صرف ایک لاکھ لکھی ہوئی دیکھی ہے۔

(۲) نقش پندرہ کو اکتالیس روز اس طرح پر کرے کہ شہر کی مغرب و مشرق وجنوب کی سمت میں دس دس روز ۱۱۔۱۱ ہزار زمین پر لکھ کر مٹائے اور شمال کی طرف ۱۱ ہزار ایک سو مرتبہ لکھے اور مٹائے انشاء اللہ جنات حاضر ہو کر اظہار اطاعت کریں گے اس سے عہد و مواثیق لے۔ لئے جائیں۔

(۳) بعد نماز عشاء ترک حیوانات جلالی کے ساتھ حصار کر کے ۲۷ مرتبہ آیۃ الکرسی چالیس روز تک پڑھے اور کسی قسم کا خوف اپنے دل میں نہ لائے ہر عشرہ پر درود شریف بہت کثرت سے پڑھے۔ اور ایک روٹی ہر عشرہ پر راہ خدا میں خیرات کرے۔ چالیسویں دن جن حاضر ہو کر اظہار اطاعت کرے گا۔ مجرب ہے۔

فصل پنجم

تسخیر مؤکل کے بیان میں۔

(۱) نوچندی جمعرات سے عمل شروع کرنے سے پہلے غسل کر کے لباس احرامی پہنو اور ترک حیوانات جلالی کرو پھر تنہائی میں روبقبلہ بیٹھ کر بخور روشن کر کے [illegible] شرہ میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پانچ ہزار مرتبہ دوسرے عشرہ میں چار ہزار مرتبہ تیسرے میں تین ہزار مرتبہ اور چوتھے میں صرف پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھو مع اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ۔ اس دوران میں مؤکل حاضر ہوگا مگر اس سے بات قطعاً نہ کرو نہ کسی قسم کا خوف اپنے دل میں لاؤ چالیسویں دن مؤکل سے یہ اقرار لے لو کہ بوقت طلب فوراً حاضر ہو جائے بعد اداء زکوٰۃ

روزانہ سو مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ لیا کرو جب مؤکل کو بلانا منظور ہو تو گیارہ مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر اسے حاضری کے لئے کہو وہ حاضر ہو جائے گا۔

(۲) صرف تین دن کا مجرب عمل۔

تین روز تک صرف دودھ پیو۔ بعد نماز عشاء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۴۵۰۰۰ ہزار مرتبہ مع اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھو، پڑھنے سے پہلے آیۃ الکرسی سات یا گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے گرد حصار کرلو۔ تیسرے روز ۱۹ مؤکل حاضر ہو کر اظہار اطاعت کریں گے پھر جب ان کو طلب کرنا ہو تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۱۱سو مرتبہ پڑھو فوراً حاضر ہوں گے۔

(۳) ترک حیوانات جلالی و جمالی کر کے ۴۱ روز تک آیۃ کریمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ مع اول و آخر درود شریف ۲۱۔۲۱ مرتبہ احرام باندھ کر بعد نماز عشاء خلوت میں بیٹھ کر پڑھو پڑھنے سے پیشتر سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے گرد حصار کرلو۔ ڈرنا نہ چاہئے اکیسویں دن سے مؤکل حاضر ہونا شروع ہوں گے۔ اور ۴۱ ویں دن چار مؤکل تابعدار ہو جائیں گے۔

(تنبیہ) اس عمل کے دو مؤکل آتشی ہیں وہ دوران عمل میں عامل پر آتشبازی کرتے ہیں لیکن حصار کے باعث عامل پر اثر انداز نہیں ہوتے۔ اس لئے اس عمل کے دوران میں درود شریف کا خارج وقت میں کثرت سے ورد رکھا جائے۔ نیز اس عمل کو چھپر والے مکان یا جھونپڑے میں بیٹھ کر نہ پڑھا جائے ورنہ آگ لگنے کا سخت اندیشہ ہے۔ عمل مجرب ہے۔

فصل ششم

تسخیر ہمزاد کے بیان میں۔

(۱) بعد نماز عشاء با پرہیز جلالی و جمالی عزیمت ذیل تین سو پچاسی مرتبہ پڑھیں۔

عزیمت یہ ہے۔

عَزَمْتُ علیکم یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ اُحْضُرْ اُحْضُرْ اُحْضُرْ یَا قَوْمَ هَمْزَادُ حَاضِرْ شَوْبِحَقِّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

انشاء اللہ سات روز میں ہمزاد مسخر ہوگا ورنہ نو دن پڑھیں اس مرتبہ ضرور تابعدار ہو جائے گا۔ مجرب ہے

(۲) یا ھَمزَادُ یَا مُسَخَّرَاتُ بِلُطفِکَ یَا لَطِیفُ. بعد نماز عشاء تین ہزار تین سو مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھو بد بودار اشیاء سے پرہیز ضروری ہے چلہ میں شروع سے آخر تک ایک قسم کا غلہ اختیار کیا جائے۔ چالیس روز کے بعد ہمزاد حاضر ہو کر تابع ہوگا مگر چاہئے کہ عمل پڑھتے وقت سرسوں کے تیل کا چراغ جلا کر اپنی پشت کی جانب رکھ کر سایہ کی رگ گردن پر نظر رکھے۔

(۳) نوچندی پیر کو روزہ رکھو اور دریا پر جا کر غسل کرو پھر کنارہ پر روبقبلہ بیٹھ کر سات ہزار مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ معہ اول و آخر درود شریف ۵۔۵ مرتبہ پڑھو بعد ختم اسی جگہ بیٹھے ہوئے اس نقش کو لکھ کر کھلا ہوا دریا میں چھوڑ کر چلے آؤ۔ اسی طرح پانچ دن برابر کرو۔ پانچویں روز ایک شخص سے ملاقات ہوگی وہ دریافت کرے گا کہ تم یہ عمل کیوں پڑھتے ہو اس سے اپنا مقصد بتا دو مقصد حاصل ہوگا۔ نقش کے لئے کاغذ اور دوات قلم ساتھ لے جانا چاہئے۔ عمل پڑھتے وقت لوبان یا اگربتی کی دھونی دینی چاہئے جس قدر روزہ کا وقت ہے اسی قدر عمل پڑھنے کا وقت ہے۔ روزہ افطار کرنے کے بعد اسے نہیں پڑھ سکتے۔ نقش یہ ہے۔

۵	۱۰	بامد دقائیل	۲۱۲	۴
۲۱۳	۳		۶	۹
۲	۲۱۰	احضر احضر احضر	۱۲	۷
۱۱	۸	بحق یا جبرائیل	۱	۲۱۱

(۴) کاغذ کے چار پرزوں پر یہ اسماء لکھو "فرعون، قارون، ہامان، شداد والوہم شیطان" رات کو سوتے وقت ایک ایک پرزہ چاروں پایوں کے نیچے رکھ کر سو جاؤ۔ صبح کو جلا دو روزانہ ایسا ہی کرو چند روز میں خواب میں ہمزاد سے باتیں شروع ہو جائیں گی جو ہر قسم کے سوال کا جواب دیگا۔

(۵) بعد نماز عشاء سوتے وقت بستر پر چت لیٹ کر دایاں ہاتھ سینہ پر اور بایاں برابر

پھیلا کر سات مرتبہ سورۂ قریش مع اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنا نام لے کر کہو کہ مجھے فلاں بات سے باخبر کر انشاء اللہ ہمزاد اس سے مطلع کرے گا۔ مجرب ہے۔

فصل ہفتم

تلی کے علاج کے بیان میں۔

(۱) منگل کے روز اس نقش کو لکھ کر تلی کی جگہ پر باندھے، انشاء اللہ آرام ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

حاح مال طال حقه ساما بطارات وربیل فی ا ح درص تربد	بطارات

(۲) سفید بینگن پر یہ طلسم لکھ کر ہوادار اور دھوپ والی جگہ پر لٹکاؤ زمین اور بغیر دھوپ کی جگہ پر مت چھوڑو انشاء اللہ تلی زائل ہو جائے گی طلسم یہ ہے۔

لح لح لح لح بل بل دل دل لح لح لح لح ابل
دل ما دل صه مه مه حم حم حم حم حم
حم حم عسق کهیعص ولح مح لا مح زال بازل
الراحم یرحم الرامه مه لح لح لح لح لح لح لح
لح لح امری الی اللّٰه اشف طحال فلاں بن فلانۃ باذن اللّٰه تعالیٰ و عزتہٖ یا ذوالجلال والاکرام. فلاں بن فلانۃ کی جگہ مریض کا نام معہ والدہ تحریر کرو۔

(۳) ریشمی کپڑے پر جمعرات کے دن یہ اسماء لکھ کر جمعہ کے روز سورج نکلنے سے پہلے مریض کی گردن میں لٹکایا جائے اور آنے والی جمعرات کو سورج چھپنے سے پہلے یہ تعویذ مریض سے جدا کر دیا جائے۔ مجرب ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھیں۔

ماح ماما و کارم رم رو ح اح ح لم و بہ	طالح ماماما ر س دم	اح ح ح ع و و یا اطا مخ	سم بکسار د ہ ح ما	صم حح لح مھر نار

(۴) یہ نقش لکھ کر رومال کی چار تہہ تلی پر رکھ کر تعویذ ایک نلکی میں (جس سے حقہ بناتے ہیں) بند کر کے رومال پر رکھ دیں اور نلکی کو آگ سے جلائیں تلی دفع ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

(۵) ایک بڑا چمچہ لے کر اس میں گرم راکھ بھر کر یہ نقش لکھ کر اس راکھ پر رکھو۔ اور اس کے اوپر قدرے دہکتے ہوئے انگارے رکھ کر اس چمچہ کو قمیص کے اوپر تلی والی جگہ پر رکھو انشاء اللہ اسی وقت تلی کٹ جائے گی مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

(۶) مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر تلی والے مریض کی گردن میں ڈالیں اور ساتویں دن کھول دیں اگر تجربہ کرنا ہو تو بکری کی گردن میں سات روز لٹکاؤ پھر ذبح کر و اس میں تلی نہیں نکلے گی تعویذ یہ ہے۔

یقوش یقوش طلطمیش طلطمیش ھیطیط ھیطیط انسل ایھا

الطحال من جنب فلان بن فلانة بحرمة اللّٰہ الواحد القهار وبهرمة الرحمن علی العرش استویٰ واسکن کما سکن عرش الرحمن علی الماء ولہٗ ماسکن فی اللیل والنہار وھوا السمیع العلیم۔

(۷) تلی کے درد کے لئے

اس طلسم کو کاغذ پر لکھ کر قمیص کے اوپر تلی کی جگہ پر رکھو پھر ایک نیا چمچہ لے کر اس میں قدرے راکھ بھر کر اس کے اوپر چند انگارے رکھو پھر اس چمچہ کو طلسم کے اوپر رکھ کر دائرے میں لکھی ہوئی آیت مریض کے نام کے اعداد کی برابر پڑھو انشاء اللہ درد دفع ہوگا طلسم یہ ہے۔

باب الجیم

اس باب میں دو فصلیں ہیں

فصل اول

جانوران موذیہ مثل مچھر اور موش وغیرہ کی دفعیہ میں

(۱) مچھر بھگانے کے لئے۔

مندرجہ ذیل نقش کاغذ کے چار پرزوں پر لکھ کر مکان کے چاروں گوشوں یا چارپائی کے چاروں پایوں کے نیچے ایک ایک پرزہ مچھروں کے ظاہر ہونے سے پہلے رکھ دیا جائے اور سرو کے پتوں کی دھونی دی جائے انشاءاللہ مچھر کبھی ظاہر نہیں ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

(۲) مچھر پسو اور چیونٹیوں کے دفعیہ کے لئے۔

کاغذ کے چار ٹکڑوں پر یہ اسماء لکھ کر مکان کے چاروں گوشوں میں دفن کر دیں۔ اسماء یہ ہیں۔

یٰس والقرآن ص والقرآن ق والقرآن لو انزلنا هذا القرآن لئن لم تنتهوا لنرجمنكم وليمسنكم منا عذابٌ اليم اذهب ايها البق والبر غوث والنمل باذن الملك الحق وبالف لاحول ولا قوة الا بالله العلى العظيم

لکھنے کے بعد چاروں تعویذوں کو لوبان کی دھونی دی جائے۔

(فائدہ) بھینس کے چمڑے کی دھونی دینے سے مچھر بھاگ جاتے ہیں۔حرمل کی دھونی بھی یہی خاصیت رکھتی ہے نیز حرمل کو رات بھر سرکہ میں بھگو کر وہ سرکہ مکان میں مچھروں کی جگہ پر چھڑکا جائے تو مچھر مر جاتے ہیں۔زیرہ کی دھونی سے بھی مچھر ختم ہو جاتے ہیں۔

(۳) مچھر، چوہے اور حشرات ارض کے دفعیہ کے لئے

زیتون کی چار تختیوں پر بدھ کے روز طلوع آفتاب سے پیشتر ہر تختی پر یہ آیت لکھ کر مکان کے چاروں گوشوں میں دفن کر دیں آیات یہ ہیں۔

لَنُخْرِجَنَّکُمْ مِنْ اَرْضِنَا اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِیْ مِلَّتِنَا فَاَوْحٰی اِلَیْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِکَنَّ الظّٰلِمِیْنَ وَلَنُسْکِنَنَّکُمُ الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِهِمْ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِیْ وَخَافَ وَعِیْدِ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ مِّنْ وَّرَائِهٖ جَهَنَّمُ وَیُسْقٰی مِنْ مَّآءٍ صَدِیْدٍ یَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا یَکَادُ یُسِیْغُهٗ وَیَاْتِیْهِ الْمَوْتُ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَیِّتٍ وَمِنْ وَّرَائِهٖ عَذَابٌ غَلِیْظٌ.

دفن کرنے سے پہلے ہر تختی پر آیات مذکورہ تین مرتبہ پڑھ کر دم کر دی جائیں۔

(۴) چوہے بھگانے کے لئے۔

سورۂ تبت یدا ابی لہب تمام لکھ کر اس کے بعد یہ الفاظ لکھیں۔

ایها الفارا رحل عنافان لم ترحل فاذن بحرب من اللّٰه و رسوله ثم انصرفوا اصرف اللّٰه قلوبهم وحسبنا اللّٰه ونعم الوکیل ولا حول ولا قوة الا باللّٰه العلی العظیم وصلی اللّٰه علی سیدنا محمد وعلیٰ آله وصحبه وسلم.

(۵) چار کچی ٹھیکریاں لے کر ان میں سے ایک پر یہ آیت لکھیں۔

وَحَرامٌ علیٰ قَرْیَةٍ اَهْلَکْنَا هَا اَنَّهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ الفار. دوسری پر سیهزم الجمع ویولون الدبر الفار. تیسری پر یوم ترجف الراجفة تتبعها الردفة قلوب یومئذ واجفة الفار چوتھی پر کا نهم یوم یرونها لم یلبثوا الا عشیة اوضحها الفار. پھر چاروں کو ترتیب وار مکان کے چاروں گوشوں میں دفن کر دیں۔انشاءاللہ چوہے بھاگ جائیں گے۔

(۶) ٹڈیوں کے دفعیہ کے لئے۔

ان کلمات کو لکھ کر ایک بانس کی نلکی میں رکھ کر کھیت میں دفن کردیں انشاءاللہ ٹڈیاں نقصان نہ پہنچا سکیں گی۔ مجرب ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم اللّٰھم صلی علی محمد وعلی آل محمد وصحبہ وسلم اللّٰھم اھلك صغارھم واقتل کبارھم وافسد بیضھم وخذ بافواھھم عن معائشنا وارزاقنا انك سمیع الدعاء انی توکلت علی اللّٰہ ربی و ربکم ما من دابۃ الا ھو آخذ بناصیتھا . ان ربی علی صراط مستقیم اللھم صلی علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد واستجب منایا ارحم الراحمین۔

(۷) چیونٹیوں کے دفعیہ کے لئے۔

یہ آیت پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر چیونٹیوں کے بل میں ڈال دے انشاءاللہ سب دفع ہوجائیں گی۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم حَتّٰیٓ اِذَا اَتَوْا عَلٰی وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَۃٌ یّٰٓاَیُّھَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰکِنَکُمْ لَا یَحْطِمَنَّکُمْ سُلَیْمٰنُ وَجُنُوْدُہٗ وَھُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ۔

فصل دوم

جذام یعنی کوڑھ کے علاج کے بیان میں۔

(۱) حسب ذیل آیات روغن تلخ یعنی سرسوں کے تیل پر سات مرتبہ پڑھ کر جذامی کے بدن پر ملیں۔ انشاءاللہ صحت ہوگی۔ آیات یہ ہیں۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم . فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْھَمِرٍ وَّ فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا فَالْتَقَی الْمَآءُ عَلٰٓی اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَیْھِمْ رِیْحًا صَرْصَرًا فِیْ یَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ تَنْزِعُ النَّاسَ کَاَنَّھُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِہِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِھَا وَبَثَّ فِیْھَا مِنْ کُلِّ دَآبَّۃٍ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ۔

(۲) تانبہ کی ایک تختی بنوا کر اس پر یہ نقش کندہ کر کے اسے مریض کے پینے کے پانی میں ڈال دیں اور اس میں سے مریض پانی پیتا رہے انشاءاللہ آرام ہوگا۔

۷۸۶

ه	ل	ا	ه	ل	ل	ا
ا	ه	ل	ل	ا	ه	ل
ل	ل	ا	ه	ل	ا	ه
ا	ه	ل	ا	ه	ل	ل
ل	ا	ه	ل	ل	ا	ه
ه	ل	ل	ا	ه	ل	ا
ل	ا	ه	ل	ا	ه	ل

باب الجیم الفارسی (چ)

اس باب میں دو فصلیں ہیں

فصل اول

چیچک اور موتی جھرہ کے دفعیہ کے بیان میں۔

(۱) جب چیچک نکل آئے تو نیلے سوت کے ۳۱ تار لے کر سورۂ الرحمٰن پڑھے جب فبای آلاء ربکما تکذبان پر پہنچے تو اس ڈورے پر دم کر کے گرہ دے یہاں تک کہ سورۃ تمام ہو جائے پھر اس کو مریض کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ صحت ہو گی۔

(۲) نیلے سوت کے ۲۱ تار لے کر نو گرہ دے اور ہر گرہ پر سورہ فاتحہ ایک بار پڑھ کر دم کرے اور گلے میں باندھے۔

(۳) یہ نقش طلوع آفتاب سے پیشتر لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ چیچک ہرگز نہیں نکلے گی اور اگر نکل آئے گی تو جلد اچھی ہو جائے گی۔ انشاء اللہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

الحمد لله	غير المغضوب	الصراط المستقيم	واياك
صراط الذين	اياك نعبد	رب العلمين	انعمت عليهم
يوم الدين	نستعين	ولا الضالين	الرحمن
عليهم	الرحيم	ملك	اهدنا

(۴) مندرجہ ذیل نقش لکھ کر مریض کی گردن میں ڈالیں مرض میں زیادتی نہیں ہو گی۔ اور اسے لکھ کر مکان کے دروازہ پر لٹکائیں تو اس گھر والے چیچک سے محفوظ رہیں گے۔ نقش یہ ہے۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

فصل دوم

چور اور چوری معلوم کرنے کے بیان میں۔

(۱) عمل مشکیزہ چور کا پیٹ پھولنے کے لئے۔

ایک سفید کاغذ پر سورۂ یٰسین شریف و اتخذوا من دون اللہ آلھۃ لعلھم ینصرون تک سورۂ نساء انہ کان فاحشۃ ومقتاً تک اور سورۂ جن تمام لکھ کر ایک مشکیزہ میں ڈالے۔ اور مشتبہ اشخاص کے نام پرچہ پر الگ الگ لکھ کر ایک ایک پرچہ ڈال کر مشکیزہ میں پھونک مارے انشاء اللہ چور کا پیٹ پھول جائے گا۔

(۲) ایضاً۔ اس طلسم کو کاغذ پر معہ آیات کے لکھ کر مشک کے اندر رکھ کر مشک کو ہوا سے بھرے اور مشک کا منہ عورت کے سر کے بالوں کی رسی سے باندھے۔ اور جس جگہ سے مال چوری گیا ہے اس جگہ مشک لٹکائے اور انار کی لکڑی سے تین مرتبہ مشک پر آہستہ مارے اور کہے کہ چور کا پیٹ مثل مشک کے پھول جائے انشاء اللہ چور کا پیٹ پھول جائے گا جب وہ شئے مسروقہ واپس کر دے تو اسے کھول دے مجرب ہے۔ طلسم یہ ہے۔

افرئیت من اتخذ الھہ ھواہ واضلہ اللہ علی علم وختم علی سمعہ وقلبہ وجعل علی بصرہ غشاوہ ولھم عذاب عظیم فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ ك ك ك ك ی ی ی ی ی ی ی الا الا الا الا الا الا الا الا الا الھمہ فتح بطن السارق من ھو سارق بحق لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم ج احد جیا لمرا جبرائیل اجب یا ابیض اجب اجب لنا یکورھا۔

سب سے نیچے چور کا نام لکھئے۔

(۳) شنگرف پر دس مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی ران پر ملے۔ اور ۴۰ بار ان اسماء کو استرہ پر پڑھ کر اپنی ران کے بال مونڈ ڈالے چور کے سر کے بال خود بخود منڈ جائیں گے۔ اسماء یہ ہیں۔

بسم اللّٰہ علیقہ ملیقہ تلیقہ نلیقہ بحق لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ وعلی ولی اللّٰہ. مجرب ہے۔

(۴) ان آیات کو روٹی پر لکھ کر مشتبہ اشخاص کو کھلاؤ انشاء اللہ جو شخص چور ہوگا وہ کھانے پر قادر نہیں ہو سکے گا آیات یہ ہیں۔

واذ قتلتم نفسا فادرائتم فیها واللّٰہ مخرج ما کنتم تکتمون یتجرعه ولا یکاد یسیغه ویاتیه الموت من کل مکان وما هو بمیت ومن ورائه عذابٌ غلیظ اللّٰہ الذی یخرج الخبء فی السموات والارض ویعلم ما تخفون وما تعلنون وبالحق انزلناه وبالحق نزل وصلی اللّٰہ علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ اٰله وصحبه وسلم. مجرب ہے۔

(۵) ایک چار پہلو کیل لے کر اس کے ایک جانب یٰسٓ والقرآن دوسری جانب صٓ والقرآن تیسری جانب قٓ والقرآن اور چوتھی جانب حٰمٓ عٓسٓقٓ هذا الیوم لا ینطقون ولا یؤذن لهم فیعتذرون لکھیں پھر وہ کیل زمین میں گاڑ دیں اور اس پر سورہ ملک پڑھ کر دم کریں اور مشتبہ اشخاص کو کھڑے ہونے کا حکم دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چور کھڑا

نہیں ہو سکے گا۔

(۶) مندرجہ ذیل نقش بیضۂ مرغ پر مشتبہ اشخاص کے نام کے ساتھ معہ اسماء والدہ لکھ کر چولہے میں گاڑے کہ گرمی پہنچتی رہے اور جلنے نہ پائے انشاء اللہ جو شخص چور ہوگا وہ سوائے مال واپس کرنے کے کوئی چارہ نہیں دیکھے گا۔ نقش یہ ہے۔

۶۹ ۱۹۱۱۱۱ الحہ ۱۱۵

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

السمٰوٰت اوفی الارض — ۱۱۵ صراط ۱۱۱۱ ھ ما

یا بنی انہا ان تک مثقال حبۃ — ۱۵ ۱۹ ۱۱۱۱ ۱۹ ۱۱۵

یأت بها الله.

۱۱۵ صراط ۱۱۱۱ ھ ما ۱۱۵ صراط ۱۱۱۱ ھ ما ۱۱۵ صراط ۱۱۱۱ ھ ما

(۷) اول دو رکعت نماز نفل بہ نیت استخارہ پڑھیں پھر یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ خبر کرنی سو مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھ کر یہ نقش لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے انشاء اللہ بذریعۂ مؤکلات چور کی شکل معلوم ہوگی۔ نقش یہ ہے۔ مجرب ہے۔

ط	حبیب	واحد	۱۶
ودود	حوا	ی	طیب
وهاب	۱۷	۲۴	هو
طبیب	واجب	احد	حی

(۸) ان حروف کو کاغذ پر لکھ کر اپنے کان کے برابر رکھ کر سو جائے خواب میں چور کی شکل معلوم ہو جائے گی۔ حروف یہ ہیں۔ مجرب ہے۔

هحه ۶۵ ھ عدع

(۹) یہ نقش لکھ کر تازہ پانی میں دھو کر مشتبہ اشخاص کو کھلائیں انشاء اللہ جو شخص چور ہوگا وہ اس روز سے ایک ہفتہ تک ضرور بیمار ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۲۱۰	۲۰۲	۲۰۸
۲۰۴	۲۰۷	۲۰۹
۲۰۶	۲۱۱	۲۰۳

(۱۰) جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو ان کے نام کاغذ کے پرزوں پر لکھ کر ان کی الگ الگ گولیاں گیہوں کے آٹے میں بنا کر ایک طشت میں پانی بھر کر اول درود شریف پھر آیۃ الکرسی اور چاروں قل ایک ایک بار پڑھے۔ اور سب گولیاں ایک ساتھ طشت میں ڈال دے۔ چور کا نام تیر جائے گا۔ اور باقی گولیاں ڈوب جائیں گی۔

باب الحاء

اس باب میں پانچ فصلیں ہیں

فصل اول

حصاروں کے بیان میں۔

(۱) کسی پر خطر عمل یا حاضرات کے وقت پہلے اپنے اردگرد حصار کرلیا جائے تو نظر آنے والی اشیاء حصار کے اندر داخل ہوکر عامل کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچا سکیں گی۔ طریقہ یہ ہے کہ آیۃ الکرسی چاروں قل اور یہ آیت اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ. سورۂ بقرہ ختم تک ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے او پر دم کرے نیز اپنی شہادت کی انگلی یا لوہے کے دستہ والے چاقو پر دم کر کے اپنے چاروں طرف دائرہ کھینچ کر اس چاقو کو اپنے سامنے گاڑ دے پھر عمل شروع کرے۔

(۲) حصار منقول از حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ کہ جس کو مخمس امیر کہتے ہیں۔

اسے تین مرتبہ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام اعضاء پر دم کرے بعدہٗ سر سے شروع کر کے تمام بدن پر ہاتھ پھیر لے تمام بلاؤں اور شر شیاطین سے محفوظ رہے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ فَفِرُّوْا اِلَی اللّٰه تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰه وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰه حَسْبِیَ اللّٰه مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه تَحَصَّنْتُ بِذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَکُوْتِ وَاعْتَصَمْتُ بِذِی الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَدَخَلْتُ فِیْ حِرْزِ اللّٰهِ وَفِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَفِی حِفْظِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْبَرِیَّةِ اَجْمَعِیْنَ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حمعسق وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

(۳) ان اسماء کو ۷ مرتبہ پڑھ کر تمام بدن پر دم کرے امن میں رہے گا۔ اسماء یہ ہیں۔

سَاماً سَاماً سَمًّا سَمْسَمُوْنَ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظاً وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ.

فصل دوم

عملیات حاضرات کے بیان میں۔

(۱) نقش پندرہ کو ۱۵ یوم تک روزانہ ۱۱ عدد لکھ کر دریا میں ڈالے زکوٰۃ ادا ہوگی بعدہ برائے حاضرات نقش مذکور لکھ کر ایک نابالغ لڑکے کو نہلا کر نئے کپڑے پہنا کر بٹھائے اور یہ نقش اس لڑکے کی گردن پر رکھے۔ اور جارج پنجم کا ایک پیسہ لے کر اس پر کن انگلی سے ایک بوند پاکی ڈالے۔ اور عامل لڑکے سے کہے کہ اس تعویذ کے موکل اس پانی میں نظر آئیں تمام چیزیں لڑکے کو صاف صاف نظر آئیں گی۔ لڑکے کی عمر ۸۔۹ سال سے زیادہ نہ ہو۔

(۲) کورے چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈال کر سیاہی اپاڑے پھر اس سیاہی میں چنبیلی کا تیل ملا کر نابالغ لڑکے کے ناخن پر ملے۔ اور اسماء موکلاں تین مرتبہ پڑھ کر بچہ اور سیاہی پر دم کرتا رہے بار بار ایسا ہی کرے لڑکے کو تمام اشیاء جو عامل حکم دے گا نظر آئیں گی اسماء موکلاں یہ ہیں۔

جَرْبُوْسَ اَرَادَسْ هَبُوْنَ بَرْتُوْنَ سَلْمُوْسْ سَلُوْمَايِسْ اَلَا يَارْبِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ. حاضر شو۔

اگر لڑکے کا ناخن چھوٹا ہو تو ایک چینی کی پیالی پر یہ سیاہی ایک روپیہ کے برابر طول و عرض میں لگائے لڑکا اس میں دیکھے تمام اشیاء نظر آئیں گی اگر سفید ہرن کی جھلی پر ایک روپیہ کی برابر سیاہی لگا کر اسی ترکیب سے کرے تو بڑے شخص کو موکل نظر آئیں گے۔

(۴) يَا هُوَ يَا هُوَ يَا مَنْ هُوَ يَا مَنْ لَيْسَ لَهُ اِلَّا هُو. کافور کی سیاہی اپاڑ کر اس میں عطر ملا کر چالیس مرتبہ مذکورہ اسماء پڑھ کر دم کرے۔ اور نابالغ لڑکے کے ناخن پر لگا کر موکلوں کو طلب کرے پھر ان کے ذریعہ سوال و جواب کئے جائیں بچہ کو سب کچھ نظر آئے گا موکل یہ ہیں۔ رومائیل، حزرائیل، ہمزائیل، طاطائیل۔

(۵) لڑکے کے ناخن پر کسی قسم کا خوشبودار تیل لگا کر سورۂ یٰسین شریف پہلے مبین تک پڑھ کر لڑکے کے ناخن پر دم کرے لڑکے کو جو کہو گے وہی نظر آئے گا مگر چاہئے کہ ہر سوال پر ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرتا رہے اگر پہلی مرتبہ پڑھنے پر نظر نہ آئیں تو دوبارہ یٰسین

شریف پڑھ کر دم کرے اگر تب بھی نظر نہ آئیں تو سہ بارہ پڑھے اس مرتبہ ضرور نظر آئیں گے۔ انشاءاللہ۔

(۶) دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر سیاہی لگائے جب سیاہی خشک ہو جائے تو اس پر تیل لگائے اور یہ نقش لکھ کر انگوٹھے اور انگشت میانہ کے درمیان پکڑائے۔ اور لڑکا ناخن پر بغور دیکھتا رہے سب کچھ انگوٹھے میں نظر آئے گا۔ نقش یہ ہے۔

۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰

۱۳۰ح
۱۳۰ح

(۷) ستر روز تک بلا ناغہ دریا کے کنارے بیٹھ کر باوضو عزیمت ذیل ۱۰۷ مرتبہ پڑھے ستر روز کے بعد پانی پر جس کام کے معلوم کرنے کے لئے پڑھے گا موکل اس میں نظر آئیں گے عزیمت یہ ہے۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَالْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِحَقِّ اِسْرَافِيْلْ عليه السلام بِحَقِّ عِزْرَائِيْلْ عليه السلام بِحَقِّ سُليمانْ بِنْ داود عَلَيْهِمَا السَّلام بحَقِّ يا بُدُّوْحُ حاضر باباحاضر بابا حاضر بابا.

(۸) سیاہ بلی کا پتہ اور دونوں آنکھیں سیاہ مرغ کے پتہ اور آنکھوں کے ساتھ سایہ میں خشک کر کے سب کو پیس لے ضرورت کے وقت آنکھ میں لگائے جنات نظر آئیں گے۔ ان سے ڈرنا نہ چاہئے۔

(۹) اُلو کی دونوں آنکھیں خشک کر کے پیس کر آنکھ میں لگائے جنات نظر آئیں گے۔

فصل سوم

اعمال متعلقہ حمل کے بیان میں۔

(۱) استقرار حمل کے لئے (بانجھ پن کا علاج)

مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر بانجھ عورت کی گردن میں باندھے انشاء اللہ حاملہ ہوگی اگر

تجربہ کرنا ہو تو کڑک مرغی کی گردن میں باندھ کر دیکھو وہ انڈے دینے لگے گی۔ طلسم یہ ہے۔

ححححححححح ۱ | | | | ہ بالف

الف لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم.

(۲) سورۂ جمعہ پاک برتن میں لکھ کر اسے پانی سے دھو کر زن عقیمہ چاند کی ۱۵ تاریخ کو اس سے غسل کرے (وہ پانی کسی جگہ احتیاط سے دفن کر دیا جائے) پھر سات عدد چھوارے یا منقی لے کر ہر ایک پر مندرجہ ذیل اسماء میں سے ایک ایک لکھو اور جمعہ کے دن سے طلوع آفتاب سے پہلے عورت کو نہار منہ ایک ایک روزانہ کھلاؤ پھر سورۂ ملک اور اس کے ساتھ آیۃ کریمہ فوقع الحق وبطل ما کانوا لیعلمون کاغذ پر لکھ کر عورت کے پیٹ پر باندھ دو انشاء اللہ چالیس دن نہیں گذریں گے کہ وہ حاملہ ہو گی اسماء یہ ہیں۔

اللّٰہ، الوھاب، الرزاق، الفتاح، الخالق، المصور، البدیع

(۳) چالیس عدد لونگوں پر آیت کریمہ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَاۤ اَخْرَجَ یَدَهٗ لَمْ یَكَدْ یَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ. ہر لونگ پر سات سات مرتبہ پڑھے۔ اور روزانہ ایک عدد کھلائے۔ اور یہ عمل انقطاع حیض کے پہلے دن سے غسل کرنے کے بعد شروع کرے اور ان ایام میں شوہر ہم خواب ہوتا رہے۔ مجرب ہے۔

(۴) اسقاط حمل کا علاج

مندرجہ ذیل اسم لیموں کے ۴۵ پتوں پر لکھ کر جس عورت کا حمل گر جاتا ہو اس کی شرم گاہ کو دھونی دی جائے پھر اسقاط نہیں ہو گا اسم یہ ہے۔

ھـــشـــھـــبـــہ

(۵) سرخ ڈورا قد کی برابر سات تار بائیں پاؤں کی انگلی سے موئے پیشانی تک ناپ کر اس کے اوپر سات مرتبہ یہ اسم معہ کلمۂ طیبہ کے پڑھ کر گرہ دے اور کل سات گرہ

دے پھر عورت کی کمر میں باندھے خدا کے فضل سے حمل برقرار رہے گا۔ اور ہرگز نہ گرے گا

اسم یہ ہے۔

الصَّبُوْرُ لا اله الا الله محمد رسول الله

(۶) باوضو ایک گوشہ میں بیٹھ کر لکھے اور عورت کے پیٹ پر باندھے بحکم الٰہی حمل محفوظ رہے گا۔

بسم الله الرحمن الرحيم. ان كل نفس لما عليها حافظ فالله خير حافظا وهو ارحم الراحمين اللّٰهم احفظ حمل هذه المرأة من جميع الآفات بحق لا اله الله محمدر سول الله آمين آمين آمين.

(۷) حمل مذکر کے لئے

جو عورت کہ ہمیشہ لڑکی جنتی ہو اور لڑکے کی خواہش ہو تو جب حمل پر تین مہینے گذر جائیں تو ہرن کی جھلی پر گلاب اور زعفران سے یہ آیت لکھ کر عورت کی کمر میں باندھے اللہ تعالیٰ اس کو لڑکا بخشے گا۔

بسم الله الرحمن الرحيم. الله يعلم ما تحمل كل انثیٰ وما تغيض الارحام وماتزدادو كل شئُ عندهٗ بمقدار عالم الغيب والشهادة الكبير المتعال يا زكريا انا نبشرك بغلام ن اسمهٗ يحيیٰ لم نجعل لهٗ من قبل سميا اللّٰهم اعطنى بحق مريم وعيسیٰ ابناً صالحاً طويل العمر وبحق محمد واله صلى الله عليه وعليهم وسلم.

(۸) ایضاً یہ ترکیب مذکورہ بالا کمر میں باندھے۔

بسم الله الرحمن الرحيم. بسم الله وبالله ومن الله فاوجس منهم خيفة قالوا لا تخف وبشروه بغلام عليم فاقبلت امرأته فى صرة فصكت وجهها وقالب عجوزٌ عقيم قالوا كذالك قال ربك انهٗ هو الحكيم العليم.

(۹) حمل سے باز رکھنے کے لئے

یہ طلسم ہرن کی جھلی پر لکھ کر عورت کی گردن میں باندھے اسے حمل نہیں ٹھہر سکے گا۔

طلسم یہ ہے۔

۱۲۱ ۱۹ ۱۱ ھ ک ک ۹ ۱۱ ک ۱ ۸ ۱ ۸ ط ط ۸ ۸ ۵ ہوم

(۱۰) انگشتری کے نگینہ پر رجب کی پہلی تاریخ کو اسے کندہ کرا کر انگلی میں پہنے اور کاغذ پر لکھ کر عورت کے بازو پر باندھے کبھی حمل نہیں ٹھہرے گا۔

ای ۱۱ ۹ ۱ ۱ ك دملا ٥ ١ ٩ ٩ ملا

(۱۱) اسے لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالے حاملہ نہیں ہوگی۔

مهلين ما ا ع يا حم مهو ٨ بو لا ٥ فااهلوع منها و ی ل ٥ ٥ ١١ د سها ملام ح طا ك ٩ ط ط ا ی مه م

و لا م ما اود ع ع مر كا لارض مع هل ما متل بد ح ١١ ع واسب ٨١ ٧ ٨ ١ ٥ ٨١١ ٨١١ ٦١١١ ٨١١١ ٨١١١ ١١١ لا طم اك

(۱۲) اس طلسم کو لکھ کر عورت و مرد دونوں گلے میں ڈالیں حمل نہیں ٹھہرے گا۔ طلسم یہ ہے۔

سلططوس حم برهوهو سحر هيا شرا هيا امطر يا ٥ عسولاهی هی يسط ليهل مهجل كفلسكير قد حضره مهلها حرهی هی فعمد.

فصل چہارم

اعمال متعلقہ حیض کے بیان میں۔

(۱) خون حیض (استحاضہ) بند کرنے کے لئے۔

اگر کسی عورت کا خون استحاضہ جاری ہو تو یہ تعویذ تین عدد لکھ کر ایک کو عورت اپنے دامن کے اگلے حصہ میں باندھے۔ دوسرے کو پچھلے حصہ میں اور تیسرے کو ناف کے نیچے انشاء اللہ بند ہو جائے گا۔ تعویذ یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم. وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل افأن مات او قتل انقلبتم انقلب يا دم بالف لا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم هج هج لج هج لج هج لج هج هج لخطاس هی.

(فائدہ) یہ تعویذ نکسیر کے لئے بھی مفید ہے لکھ کر دونوں آنکھوں کے درمیان ناک پر لٹکائے نکسیر بند ہوگی۔

(۲) بروز شنبہ لوح رصاص پر کندہ کر کے رنگین ریشمی ڈورے میں باندھ کر گلے میں ڈالے خون خواہ کسی قسم کا ہو بند ہو جائے گا نقش یہ ہے۔

ح م ا ح ل ی ق ی
ح ا ل م ح ی ح م ا
ح ل ی ق ی ح ا ل ح م
ی ی ح م ا ل ح ل ی ق
ی ح ا ل ق م ح ی ق
ی و ب ح م س

(۳) مندرجہ ذیل نقش لکھ کر عورت کی کمر میں باندھے۔ مگر شرط یہ ہے کہ عورت سے پچیس روپے لے کر خیرات کر دے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹	۳۳	۳۶	۲
۳۵	۳	۸	۳۴
۴	۳۸	۳۱	۷
۳۲	۶	۵	۳۷

(۴) حیض جاری کرنے کے لئے اگر کسی عورت کا حیض بند ہو جائے اور اس سے اذیت میں مبتلا ہو تو مندرجہ ذیل آیات لکھ کر عورت کو پلائے انشاء اللہ خون جاری ہو جائے گا۔ آیات یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. واذاستسقیٰ موسیٰ لقومہٖ فقلنا اضرب بعصاك الحجر فانفجرت منه اثنتا عشرة عینا قد علم كل اناسٍ مشربهم كلوا واشربوا من رزق الله ولا تعثوا فی الارض مفسدین. قل كونوا حجارةً اوحدیداً اوخلقاً مما یكبرفی صدوركم فسیقولون من یعیدنا قل الذی فطركم اول مرة فسینغضون الیك رؤسهم ویقولون متی هو قل

عسیٰ ان یکون قریبا وبست الجبال بسا فکانت هباءً منبثا وحملت الارض والجبال فدکتا دکۃً واحدۃ.

فصل پنجم

اعمال حب کے بیان میں۔

(تنبیہ) ناجائز مواقع پر ان کو استعمال کرنے کی اجازت نہیں ورنہ نقصان اٹھانا پڑے گا۔

(۱) عروج ماہ ساعت قمر میں روبقبلہ ہو کر شیرینی یا دیگر اشیاء خوردنی پر ۲۱ مرتبہ معہ اول وآخر درود شریف ۳-۳ مرتبہ معہ اسماء چہار کس بروز پنجشنبہ اس آیۃ کو پڑھ کر دم کر کے مطلوب کو کھلائے اگر کھلا نہ سکے تو عطر یا خوشبو دار پھول پر دم کر کے سنگھائے انشاء اللہ مطلوب مسخر ہوگا کہ بغیر اس کے قرار نہیں آئے گا۔ مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ط وَاللّٰهُ قَدِیْرٌ ط وَاللّٰهُ غفورٌ رَّحِیْمٌ ط۔ الٰہی بدوستی محمد ﷺ وعائشہؓ صدیقہ الٰہی بدوستی یوسفؑ وزلیخا الٰہی بدوستی موسیٰؑ وصفورا الٰہی بدوستی ابراہیمؑ وسارا الٰہی بدوستی علیؓ وفاطمۃؓ الزہراء الٰہی بدوستی نیک مرداں ونیک زناں وبحق کھیعص وبحق حمعسق وبحق یٰسین وبحق طٰہٰ وبحق عاشقانِ راہ تو وبحق مشتاقانِ درگاہِ تو وبقدرتِ خدائی تو فلاں بن فلاں رابدوستی فلاں بن فلاں مہربان ومبتلا گرداں بحق یا ودود یا ودود یا ودود وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَاداً یُّحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰهِ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعاً وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعَذَابَ ط اَفَلَا یَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِی الْقُبُوْرِ وَحُصِّلَ مَا فِی الصُّدُوْرِ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ یَوْمَئِذٍ لَّخَبِیْرٌ ط۔

(۲) اول اس عمل کو ایک نشست میں چار ہزار مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ ادا کرے پھر شکر سرخ پر چودہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے محبوب کو کھلائے انشاء اللہ مسخر ہوگا مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. لَا اِلٰهَ اَلْشَیْ اِلَّا اللّٰهُ قُرَیْشَیْ محمدٌ رسول اللہ فلاں بنت فلاں کو مجھ بن کل نہ پڑے۔

(۳) اس نماز کو متواتر گیارہ روز پڑھے ناغہ نہ کرے انشاء اللہ مطلوب ضرور طالب تک پہنچے گا۔ مجرب ہے۔

نیت اس طرح کرے ''میگزارم چہار رکعت نماز یاودود کہ دودِ عشق من از ناخنِ پائے فلاں تا بسرش زود زود خزد'' ''اللہ اکبر'' بعد اداء نیت ہر رکعت میں ایک مرتبہ یا وَدُود پڑھے رکوع وسجود حسب معمول ادا کر کے بوقت قعدۂ اخیرہ بعد التحیات درود شریف قبل از سلام سو مرتبہ یہ دعا پڑھے پھر سلام پھیرے دعا یہ ہے۔

یاودود یاودود بحق سلیمان بن داؤد وبحق صبر ایوب وبحق آب چشم یعقوب فلاں بن فلاں رابمن زود برساں ہمچو ابر ہمچو باد ہمچو دود یارب زود از زود یا معبود یا معبود فلاں بن فلاں رامطیع ومسخر من گردان۔ نوچندی جمعرات سے بعد نماز عشاء ابتداء کر کے بصدق قلب گیارہ روز تک کر کے قدرتِ خداوندی کا مشاہدہ کرے۔

(۴) سورۂ فیل سات مرتبہ پڑھ کر شکر پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے دیوانہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ بسم خواب فلاں بن فلاں علٰی حب فلاں بن فلاں فَعَلَ رَبُّکَ ختم تک بسم خواب فلاں بن فلاں علٰی حب فلاں بن فلاں۔

(۵) ساعت مشتری میں اسم طالب ومطلوب کے اعداد استخراج کر کے ۱۲۴۳ عدد جمع پر زیادہ کر کے حسب قاعدہ نقش مربع پر کر کے مشک وزعفران وگلاب سے تحریر کریں اور حاشیہ پر آیتہ کریمہ یحبونھم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حبا اللہ لکھیں۔ اور خوشبو سے معطر کر کے کسی ہوادار جگہ پر لٹکائیں (یہ نقش اس وقت کام دے گا جبکہ مطلوب کا مزاج بادی ہو اس کے نام کا پہلا حرف لے کر مزاج کی کیفیت باب الف میں نقشہ اسامی سے معلوم کرلو) نقش مربع اس رفتار سے پر کریں۔

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

(۶) مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے کے سات ٹکڑے لے کران پر یہ تعویذ لکھے اور شنبہ کے روز سے جلانا شروع کرے سات دن کے اندر مطلوب حاضر ہوگا روغن چنبیلی کورے چراغ میں ڈال کر خانہ محبوب کی طرف اس کا رخ کر کے جلائے۔ مجرب ہے۔

علع	مماد	۵۸۸جهم۸۸
۸۸۸۸ العـ / ۸۸۸۸	۱۲ حد ۸۸ ا / ۸۸	دعود علا ۸
	ھ / ۱۲	

(۷) اگر محبوب کا طالع بادی ہوتو طلسم ذیل مشک وزعفران وگلاب سے ساعتِ سعید میں لکھ کر ہوادار جگہ پر لٹکائے یا کسی درخت سے باندھے کہ ہلتا رہے محبوب بے قرار ہو کر آئے گا بارہا بار کا مجرب وآزمودہ ہے طلسم یہ ہے۔

ص ااا ااع اا ااع اا ۹ اا ۹ ح ھ ///اا// اا

ع ۱۹ ۱۹ اا اا ااا ۹۲۸ ۹ حدا ۶ ن م سھ ۹ امم ادم ع

باسم فلاں بنت فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعہ الساعہ الساعہ

(۸) اس عزیمت کو بیضۂ مرغ پر لکھ کر آگ میں دفن کرے مطلوب مثل کتے کے طالب کے پیچھے پیچھے پھرے گا۔ مجرب ہے۔

سعو سم سح اما اا ۱۳ ۱۳ ۴

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں الساعہ الساعہ
الساعہ الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں الساعہ الساعہ الساعہ الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل

(۹) بروز پنجشنبہ ساعت مشتری یا زہرہ یا قمر میں انار کے قلم سے زعفران سے لکھے۔ اور عود وعنبر کی دھونی دے بعدہٗ دو رکعت نماز ادا کرے اور موم جامہ کر کے بازوئے راست پر باندھے اگر مطلوب ہزار کوس پر بھی ہوگا تب بھی حاضر ہوگا اگر نہ آئے گا تو محبت میں بے قرار ہوگا۔ مجرب ہے۔ دعا یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. عزمت علیکم بعزۃ اللّٰہ وقدرتہٖ سبحان اللّٰہ بحق موسیٰؑ کلیم اللّٰہ وبحق عیسیٰؑ روح اللّٰہ وبحق آدمؑ وحواؑ وبحق المشرق والمغرب وبحق لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ وبحق سبوح تدوس وبحق جبرائیلؑ ومیکائیلؑ واسرافیلؑ وعزرائیلؑ وبحق مکہ و مدینہ وبحق بیت المقدس وصفاومروہ وبحق شعیب وداؤد ومہتر سلیمان ومہتر یوسف وزکریا وجمیع الانبیاء علی نبینا وعلیھم الصلوٰۃ والسلام وبحق توراۃ وانجیل وزبور والفرقان العظیم وجعلنا من بین ایدیھم سداً ومن خلفھم سداً فاغشینا ھم فھم لا یبصرون صم بکم عمیٌ فھم لا یرجعون الٰھی بحق اس عزیمت کے محبت فلاں بن فلاں کی یہاں تک بڑھاوے کہ بغیر دیکھے اور بولے مجھ فلاں بن فلاں کے ایک لحظہ قرار وآرام فلاں بن فلاں کو نہ ہو ہر وقت مجھ فلاں بن فلاں کی محبت میں بے چین و بے قرار رہے۔ آمین۔

(تنبیہ) اس تعویذ کو باندھے ہوئے بیت الخلاء میں نہ جائے اور احتیاط سے رکھے۔

(۱۰) لا الٰہ کی کماں الا اللہ کا تیر محمد رسول اللہ (یہاں مطلوب کا تصور ضروری ہے) اس کا کلیجہ چیر۔ بروز پنجشنبہ ایک ہزار مرتبہ گلاب کے پھول پر دم کر کے مطلوب کو سنگھائے فوراً محبت میں مبتلا ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۱۱) لا الٰہ جھت کر، الا اللہ ضبط کر محمد رسول اللہ حب کا نور اس میں پر کر۔

عروج ماہ ساعت مشتری میں ۱۰۱ مرتبہ چھوٹی الائچیوں پر ۲۱ یوم تک پڑھ کر دم کرتا رہے اول و آخر ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے۔ نیز عمل ایسی جگہ کرے جہاں سایہ نہ پڑے۔ اور با پرہیز جمالی کرے پھر ان میں سے ایک الائچی مطلوب کو کھلا کر تماشہ دیکھے۔

(۱۲) مشک وزعفران سے لکھ کر روغن کنجد ڈال کر کورے چراغ میں فتیلہ بنا کر مطلوب کی جانب روئے چراغ کر کے جلائے بارہا بار کا مجرب ہے۔

صلع	صلو	سبع	طتحد	سلح	سح ہ
احسا	سبع	اطاس	مسلع	ملح	لعلی

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

(۱۳) شکر سرخ یا سفید پر یہ عزیمت سات بار پڑھ کر مطلوب کو کھلائے اگر کھلا نہ سکے تو چالیس روز تک چیونٹیوں کو کھلائے مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اَلَمْ تَرَ کَیْفَ بستم خواب وقرار فلاں بن فلاں فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحَابِ الْفِیْلِ بستم خواب وقرار فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں اَلَمْ یَجْعَلْ کَیْدَ هُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ وَّاَرْسَلَ عَلَیْهِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ تَرْمِیْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ فَجَعَلَهُمْ کَعَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ بستم خواب وقرار فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق جرائیلؑ ومیکائیلؑ واسرافیلؑ وعزرائیلؑ وآل ابراہیمؑ واسمٰعیلؑ والحق وبحق توراۃ وانجیل وزبور وفرقان فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں۔

(۱۴) سورہ مزمل شریف ۱۵ مرتبہ معہ اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ عطر پر پڑھ کر دم کر کے اپنے کپڑوں پر مل کر محبوب کے سامنے جائے مسخر ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۱۵) مندرجہ ذیل طلسم کوری ٹھیکری پر لکھ کر چنبیلی کا تیل اس میں بھر کر جلائے یا کاغذ پر لکھ کر فلیتہ بنا کر چنبیلی کے تیل سے نئے چراغ میں جلائے اور چراغ کا رخ مطلوب کے مکان کی طرف کرے۔ مجرب ہے۔

باب الخاء

اس باب میں چار فصلیں ہیں

فصل اول

اعمال خواب بندی کے بیان میں

(۱) مندرجہ ذیل تعویذ کاغذ پر لکھ کر ایک کیل لوہے کی لپیٹ کر اپنے سر کے نیچے رکھ کر سورہے مطلوب کی نیند بند ہوگی۔ مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. الحمد للہ بستم خواب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں وبستم رویش رب العلمین بستم مویش وبستم دلها الرحمن بستم لبانش الرحیم بستم گوشش مالك یوم الدین بستم سینه اش علیٰ حب فلان بن فلان ایاك نعبد بستم شکمش وایاك نستعین بستم زبانش اهدنا الصراط المستقیم بستم دستهایش صراط الذین بستم پایش انعمت علیهم بستم عقلش غیر المغضوب بستم هوشش علیهم ولا الضآلین. آمین. از ریش دریسمان و دیوان و پریان من بستم شمانیز بندیدتا من نکشایم شمانیز نکشائید بحرمۃ اهیا اشراهیا فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں العجل العجل العجل العجل العجل الیوم الیوم الیوم۔

(۲) ایک کاغذ لے کر اس کو بصورت مطلوب کامل الاطراف تراش کر مطلوب اور اس کی ماں کا نام صورت کے سر پر لکھ کر پیشانی پر فاذا نقر فی الناقور دائیں ہاتھ پر غلت ایدیهم بائیں ہاتھ پر شطو اریش اور سینہ پر یوسوس فی صدور الناس تحریر کرو پھر ایک کیل لے کر اس کو مشرقی دیوار کے درمیان گاڑو اور کندر اور رائی کی دھونی دو گاڑتے وقت سورۂ جن کی تلاوت شروع کر کے اسے آٹھ مرتبہ پڑھو ہر مرتبہ پڑھ کر ایک مرتبہ یہ الفاظ کہو یَا مَعَاشِرَ الْاَرْوَاحِ الْمُوَکِّلِیْنَ بِھٰذَا الْعَمَلِ اَعْقِدْ وَانَوْمَ فلا نة بنت فلا نة الی فلان بن فلانة۔ اس سے فراغت کے بعد کاغذ کو جلا دو اور کیل بدستور گڑی رہنے دو جب تک کیل گڑی رہے گی مطلوب کو نیند نہیں آئے گی۔

(۳) دشمن کی نیند باندھنے کے لئے۔
۲۶ تاریخ کو یہ حروف بعد نماز عشاء زرد کاغذ پر تحریر کر کے بھاری پتھر کے نیچے دبا دو دوسرے روز اُسے نکال کر جلا دو اور دوسرا لکھ کر دبا دو تیسرے روز اسے بھی جلا دو اور دوسرا لکھ کر دبا دو اس کو دبا رہنے دو جب تک نقش دبا رہے گا اس کو نیند نہیں آئے گی۔ حروف یہ ہیں۔
ا د ہ و ح ط ن ل م س ع ص ر لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا فلاں بن فلاں کا خواب بستہ ہو۔

فصل دوم

خنازیر (کنٹھ مالا) کے دفعیہ میں۔
(۱) دباغت دیئے ہوئے چمڑے کا تسمہ مریض کے قد کے برابر لے کر ۴۰ گرہ دے اور ہر گرہ پر یہ دعا ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کی گردن میں باندھے انشاء اللہ شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَعَظْمَۃِ اللّٰہِ وَبُرْھَانِ اللّٰہِ وَسُلْطَانِ اللّٰہِ وَکَنَفِ اللّٰہِ وَ جَوَارِ اللّٰہِ وَاَمَانِ اللّٰہِ وَجِرْزِ اللّٰہِ وَصُنْعِ اللّٰہِ وَکِبْرِیَاءِ اللّٰہِ نَظَرِ اللّٰہِ وَجَلَالِ اللّٰہِ وَکَمَالِ اللّٰہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ.

(۲) عروج ماہ میں بدھ کے دن نابالغہ کنواری لڑکی سے سوت کتوا کر جمعرات کے دن نماز فجر کے بعد اسی جگہ دوزانو خاموش بیٹھا رہے کسی سے ہم کلام نہ ہو جب سورج نکلنے لگے تو درود شریف ۳۰ مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ پڑھ کر اس سوت میں گرہ دے اسی طرح سات گرہ دے پھر تیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر ختم کر دے۔ پھر قدرے شیرینی پر حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کی روح کو ثواب پہنچا کر بیمار کے گلے میں گنڈہ کس کر باندھے۔ چند روز کے بعد جب گنڈہ ڈھیلا ہو جایا کرے کس دیا کرے انشاء اللہ جلد شفاء حاصل ہوگی۔

فصل سوم

خوف اطفال (بچوں کے ڈر) کے دفعیہ میں۔

(۱) چاندی یا تانبے کی تختی پر اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ بچہ کبھی نہیں ڈرے گا۔ نقش یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

(۲) مندرجہ ذیل کلمات مشک وزعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالے مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اعوذ اباللّٰہ الواحد الصادق من شر کل طارق بحق ایاك نعبد وایاك نستعین ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم. بسم اللّٰہ خیر الاسماء بسم اللّٰہ رب الارض ورب السماء بسم اللّٰہ الذی لا یضر مع اسمہٖ شیٔ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم.

فصل چہارم

خرابی دشمن کے بیان میں۔

(۱) ماہ قمری کے آخری جمعہ کو پچاس تنکے مسجد سے لے اور قدرے مٹی کسی ویرانے اور غیر آبادی مسجد اور اجڑے مکان کی لے کر ہر تنکے پر پچاس پچاس مرتبہ سورۂ الم ترکیف پڑھے۔ اور تنکوں کو جلا کر ان کی راکھ اس مٹی میں ملا کر رکھ لے اور دشمن کے مکان میں ڈال دے انشاء اللہ دشمن خانہ خراب ہوگا۔

(۲) مندرجہ ذیل نقش کچی ٹھیکری پر آخری سنیچر کے دن لکھ کر اس پر یہ آیت ۴۵ مرتبہ پڑھ کر قدرے حمام کے پانی میں ڈالے جب پگھل جائے تو اس پانی کو دشمن کے مکان میں چھڑکے انشاء اللہ وہ مکان ایسا برباد ہوگا کہ کبھی آباد نہ ہو سکے گا۔ آیت یہ ہے ھُوَ الَّذِیْ اَخْرَجَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا تا بِاَیْدِیْھِمْ پ ۲۸ سورۂ حشر آیت: ۲۔ نقش یہ ہے۔

نقشہ

				ا				
			ج	ج	ج			
		هـ	هـ	هـ	هـ	هـ		
	ز	ز	ز	ز	ز	ز	ز	
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
	ز	ز	ز	ز	ز	ز	ز	
		هـ	هـ	هـ	هـ	هـ		
			ج	ج	ج			
				ا				

باب الدال

اس باب میں دو فصلیں ہیں

فصل اول

اعمال دست غیب کے بیان میں

" یااللّٰہُ یارحمٰنُ یارحیمُ" ایک ہزار ایک مرتبہ۔ فَاغْفِرْلِیْ وَهَبْ لِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابْ سو مرتبہ بعد نماز عشاء چاندرات سے شروع کریں چلہ کے بعد سے خرچ کے لئے کچھ روپے یومیہ ملیں گے مجرب ہے۔

(۲) ہر مہینہ کی سات تاریخ کو قبل نماز فجر غسل کر کے گیہوں کے آدھ پاؤ آٹے کی دو روٹیاں تیار کرے۔ اور گھی میں چرب کر کے ایک پر شکر رکھے اور دوسری پر دہی تھوڑا سا نمک اور چار عدد مرچ سیاہ رکھے۔ پھر جانماز کے دونوں کناروں پر رکھ کر چار رکعت نماز نفل ادا کرے بعد ازاں ان روٹیوں پر حافظ خدایار خاں کی فاتحہ دے کر سورج نکلنے سے پہلے یہ نقش سات عدد لکھ کر بحفاظت رکھے کہ سورج اور آدمی کی نظر ان پر نہ پڑے پھر ظہر کے وقت سب کو دریا میں ڈالے۔ لکھتے وقت بات نہ کرے۔ اور درود شریف دل میں پڑھتا رہے نقش ہفت در ہفت یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰	۴۵	۴۴	۷	۱۱	۱۲	۴۶
۹	۱۹	۳۴	۱۷	۲۰	۳۵	۴۱
۸	۱۸	۲۴	۲۳	۲۸	۳۲	۴۲
۴۹	۳۷	۲۹	۲۵	۲۱	۱۳	۱
۴۸	۳۶	۲۲	۲۷	۲۶	۱۴	۲
۴۷	۱۵	۱۶	۳۳	۳۰	۳۱	۳
۴	۵	۶	۴۳	۳۹	۳۸	۴۰

(۳) پچاس روپیہ روز کا عمل

اَللّٰہُ الصَّمَدُ اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْل مذکورہ اسم کو نوچندی اتوار یا پیر یا جمعرات یا جمعہ سے شروع کر کے خواہ جتنے دن میں چار لاکھ پورا کرے مگر چلہ کے اندر اندر پورا ہو جانا ضروری ہے۔ اول و آخر ۱۱۔۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے روزانہ ایک تعداد مقرر کر کے پڑھے اس میں کمی بیشی نہ ہو بعد زکوٰۃ پانچ سو مرتبہ وقت مقررہ پر اسم کو پڑھے اگر کسی دن ترک ہو جائے تو دوسرے دن پورا کرے اور کسی سے ظاہر نہ کرے پچاس روپئے روزانہ مقرر ہو جائیں گے۔

(ہدایت) اگر دوران عمل خواب و خیال میں کسی قسم کا خوف معلوم ہو تو تین مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھے انشاء اللہ خوف جاتا رہے گا۔ اس عمل میں ترک حیوانات جمالی ضروری ہے۔

(۴) ایضاً۔

عروج ماہ بروز جمعہ بماہ ذوجسدین و برج آبی بوقت طلوع آفتاب غسل کر کے پاک کپڑے پہن کر بترکیب ذیل عمل کرے شب جمعہ (پہلی رات) میں چار سو ۳۲ مرتبہ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْل بِحَقِّ یَا بَاسِطُ پڑھے۔ اور خوشبو لگائے اور ۶ عدد نقش دو پائی برابر دریا ریگ مطہر پر انار کے قلم سے (کہ جس پر چاقو تین مرتبہ چلایا گیا ہو) لکھے۔ شب دوم میں ۸۶۴ مرتبہ مذکورہ اسم پڑھے۔ اور ۱۲ عدد نقش لکھے۔ شب سوم میں ۱۲۹۶ مرتبہ مذکورہ اسم پڑھے۔ اور ۱۸ عدد نقش تحریر کرے۔ شب چہارم میں ۱۷۲۸ (مرتبہ) پڑھے۔ اور ۲۴ نقش لکھے۔ شب پنجم میں ۲۱۶۰ مرتبہ پڑھے۔ اور ۳۰ نقش لکھے ان پانچ ایام میں ترک حیوانات جلالی و جمالی ضروری ہے عمل ختم ہونے پر اسی روز صبح کو جانب جنوب منہ کر کے کھڑا ہو کر سفید کاغذ پر ایک نقش تحریر کرے اور خالی خانہ میں عدد لکھے پھر دوزانو بیٹھ کر دائیں ران کے نیچے اس نقش کو رکھ کر بصدق دل ۲۱۶ مرتبہ اسم مذکور پڑھے عمل ختم ہونے پر عدران کے نیچے سے اٹھالے۔ اور نقش ایک پہر تک اپنی ٹوپی یا دستار میں رکھے پھر روزانہ بوقت طلوع آفتاب اسی طرح کیا کرے اور اس نقش کو یا دو تین نقوش جمع کر کے دریا میں ڈال دیا کرے روپیہ اپنے خرچ میں لائے۔ ہر مہینہ پانچ روز اس عمل کی تجدید یا پرہیز ضروری ہے نقش یہ ہے۔

(فائدہ) ذوجسدین مہینے حسب ذیل ہیں۔ اساڑھ، کنوار، پوس، چیت ان میں سے صرف چیت آبی ہے۔ لہٰذا اس عمل کی ابتداء صرف ماہ چیت بکرمی سے ہو سکتی ہے۔

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	۵۰/-	۳۰

(۵) سنت فجر وفرض کے درمیان سورۂ ہمزہ ۴۱ مرتبہ معہ اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھے چلہ کے بعد یکمشت ۴۰ روپیہ مل جائیں گے۔ دوران عمل میں اتحاد مکان وزماں ضروری ہے پرہیز کچھ نہیں۔ مجرب بارہا۔

(۶) سو روپیہ روز کا عمل

چاند کی تین تاریخ سے لے کر بارہ تک خواہ کسی تاریخ کو شروع کرے مگر جمعرات سے شروع کرنا بہتر ہے اول دس روپے کی شیرینی پر مشکل کشا کی روح پاک کو فاتحہ دے کر نمازیوں کو کھلائے خود بھی کھا سکتا ہے بچہ اور بے نمازی کو ہرگز نہ کھلائے اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھے اور مندرجہ ذیل نقش بارہ عدد اس طرح پر کرے کہ ہر خانہ پر بارہ مرتبہ یا واجب پڑھ کر دم کرتا رہے بارہ روز تک ۱۲ نقش لکھے روزانہ آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے آمد ورفت میں کسی سے بات نہ کرے۔ اور نہ پیچھے مڑ کر دیکھے۔ کسی کو علم نہ ہو نہ کسی سے ذکر کرے تیرہویں روز بعد نماز فجر ایک نقش زعفران وگلاب سے پر کر دو کاغذ کے ٹکڑے روپیہ کی برابر تراش کر جس جگہ تلاوت ختم کرے قرآن شریف میں رکھ دے روزانہ ایسا ہی کرے چودھویں روز سے سو روپے قرآن شریف میں رکھے ہوئے ملیں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷	یاواجب	۵

(٧) سو روپیہ روز کا عمل

عروج ماہ روز پنجشنبہ بماہ برج آبی بالخصوص برج سرطان میں اس عمل کو شروع کرے ٢٧ روز تک روزہ رکھے اکل حلال صدق مقال اور ترک حیوانات جلالی و جمالی اختیار کرے روزہ دودھ چاول سے افطار کرے۔ اور سوائے تعویذ لکھنے کے قلم اپنے ہاتھ میں نہ پکڑے یعنی دیگر تحریر سے محترز رہے۔ اور ہر روز ٢٧ نقش لکھ کر دریا میں ڈالے کسی دن ناغہ نہ کرے ٢٧ روز تک برابر باپرہیز نقوش لکھے بعد اختتام عمل سو روپے یومیہ غیب سے روزانہ ملا کریں گے لیکن چاہئے کہ ایک نقش وقت معینہ پر روزانہ لکھ کر دریا میں ڈالتا رہے تاکہ عمل قابو میں رہے۔ برج آبی مندرجہ ذیل ہوتے ہیں۔ سرطان ماہ ساون عقرب ماہ اگھن جوت ماہ چیت۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٨	٣٠	٣٣	١
٣٢	٢	٧	٣١
٣	٣٥	٢٨	٦
٢٩	٥	٤	٣٤

(٨) ایضاً

"اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ شَوْقِكَ شوق ہے تیرے نور کا" بعد نماز عشاء برابر لب دریا اس دعا کو دو ہزار ایک سو مرتبہ پڑھے ایک دیا سلائی لے کر (جس میں ایک بھی تیلی نہ نکالی گئی ہو) ایک چھوٹی چونی اس میں رکھے اس چونی کو خرچ نہ کرے ایک چاقو بھی اپنے ساتھ ہو تینوں اشیاء ہر وقت موجود رہا کریں۔ وظیفہ شروع کرتے وقت قطب کی جانب منہ کر کے شروع کرنے سے پہلے آیۃ الکرسی پڑھ کر ایک دائرہ اپنے جسم کے چاروں طرف کھینچ لے یہ وظیفہ ٢١ روز تک دریا پر کیا جائے۔ جگہ کی تعیین شرط ہے اشیاء مذکور میں سے ایک بھی گم نہ ہو۔ ٢١ دن پورے ہونے پر ایک بزرگ نمودار ہوں گے اور ایک رقم دے جائیں گے اس کو

بھی دیا سلائی میں رکھلے (بزرگ خوفناک شکل میں نمودار نہیں ہوں گے ان سے بالکل نہ ڈرے) بعدازاں بیس روز یہی وظیفہ گھر کیا جائے ترک حیوانات جمالی ضروری ہے۔ وظیفہ کے بعد بات نہ کرے پڑھتے وقت چاقو اپنے آگے نصب کرے۔ چاقو کی دھار قطب کی طرف ہو۔ دیا سلائی بھی سامنے پڑی ہوئی ہو بعد چلہ کے بستر کے نیچے سے روزانہ سو روپیہ ملا کریں گے۔ بہت زیادہ محنت و کوشش سے یہ عمل حاصل ہوا ہے۔ عاملین کو اس کی قدر کرنی چاہئے مجرب ہے۔

(۹) نوچندی جمعرات کو روزہ رکھ کر دودھ چاول سے افطار کر کے بعد نماز عشاء عمل شروع کرے اول و آخر درود شریف ۱۰۱ مرتبہ اور اسم یا وہاب ۴۱ ہزار مرتبہ پڑھے صرف ایک رات کا عمل ہے۔ اگر عمل شب سے پیشتر ہی ختم ہو جائے تو مصلے پر صبح صادق تک بیٹھے رہنا ضروری ہے ختم ہونے کے بعد دعاؤں میں مشغول رہے۔ خدا کے فضل سے امداد غیبی ہوگی اس کا موکل باجازت حضرت خضر علیہ السلام روز ینہ لاتا ہے۔ مجرب ہے۔

(۱۰) پیر کے دن روزہ رکھ کر دودھ چاول سے افطار کرو۔ بعد نماز عشاء بلا روزہ دس ہزار مرتبہ معہ درود شریف بہ تعداد مذکورہ پڑھو اسی طرح بدھ کے روز۔ پھر جمعرات کو روزہ رکھ کر بعد نماز عشاء ۴۱ ہزار مرتبہ پڑھو موکل حاضر ہوگا۔ اگر اس روز بھی حاضر نہ ہو تو پھر جمعہ ہفتہ اور اتوار کو بعد نماز عشاء بلا روزہ دس دس ہزار مرتبہ معہ درود شریف پڑھو۔ پھر پیر کو روزہ رکھ کر رات کو ۴۱ ہزار مرتبہ پڑھو اس روز ضرور موکل حاضر ہوگا اس سے جس قدر رقم چاہو طلب کر سکتے ہو۔ اگر وہ آپ کی مطلوبہ رقم سے کم پر اصرار کرے تو وہی لے لو ورنہ اس سے بھی ہاتھ دھونا پڑے گا۔ پڑھنے سے پیشتر آیۃ الکرسی کا حصار کرلیں اس میں کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے۔ ایک صاحب نے اس عمل کو تین مرتبہ کیا تینوں مرتبہ ہوا۔ مجرب ہے۔

فصل دوم

ہر قسم کے درد کے دفعیہ میں

(۱) درد شقیقہ و درد سر کے لئے۔

آیۃ ذیل کو باوضو لکھ کر مقام درد پر باندھے۔ اور قدرے شیرینی پر اولیاء اللہ کی فاتحہ کی نیت کر کے بچوں کو تقسیم کردے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً شفا ہوگی۔ مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. ولا یشعرن بکم احداً اللّٰھم اسکن ھذا الوجع بحق محمدٌ و آلہٖ اجمعین.

(۲) ایضاً۔ یہ نقش نہایت روز اثر ہے لکھ کر درد کی جگہ باندھے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یا بدوح	یا بدوح	یابدوح	یا بدوح
۸	۶	۴	۲
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح

(۳) ان آیات کو تین تین مرتبہ پڑھ کر مریض کے سر پر سات بار دم کرے یا لکھ کر درد کی جگہ باندھے۔ مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. الٓمّٓ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ نَزَّلَ عَلَیْکَ الْکِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقاً لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ وَاَنْزَلَ التَّوْرَاۃَ وَالْاِنْجِیْلَ مِنْ قَبْلُ ھُدًی لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ط اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِاٰیَاتِ اللّٰہِ لَھُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ط وَاللّٰہُ عَزِیْزٌ ذُوْانْتِقَام ط اُخْرُجْ مِنْھَا مَذْؤُماً مَّدْحُوْراً لَاَمْلَأَنَّ جَھَنَّمَ مِنْکَ وَمِمَّنْ تَبِعَکَ مِنْھُمْ اَجْمَعِیْنَ ط

(۴) سر کے تمام امراض کے لئے لکھ کر سر میں باندھے۔ مجرب ہے۔

ک ,من نعمۃ للہ علی کل قلب خاشع وغیر خاشع وکم من نعمۃ للہ علی کل ,رق ساکن وغیر ساکن اسکن ایھا الوجع والنصارب من جمیع الراس وشق الراس والصداع وجمیع النزلات العارضۃ فی الوجہ والحلق و الصدربحق من سکن لہٗ ما فی اللیل والنھار وھو السمیع العلیم

اح اك ك ح ع ح ام ح الم تر الیٰ ربك کیف مد الظل ولو شاء لعجلہٗ ساکنا

(۵) درد دنداں کے لئے

لفظ یَعْلَمُوْنَ کو پندرہ مرتبہ پڑھ کر مقام درد پر تین مرتبہ دم کرے درد موقوف ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۶) ایضاً

یہ نقش لکھ کر درد والے کو کہدیں کہ درد کی جگہ شہادت کی انگلی رکھ لے پھر بسم اللہ پڑھ کر تین سال کے لئے میم میں میخ ٹھونکیں پھر پانچ سال کے لئے واو میں پھر سات سال کے لئے دوسرے میم میں انشاء اللہ آرام ہوجائے گا۔ نقش یہ ہے۔

یا شموم

(۷) داڑھ کے درد کے لئے

دیوار پر مندرجہ ذیل الفاظ لکھ کر مریض کو کہیں کہ وہ داڑھ پر انگلی رکھے پھر ایک نئی میخ لے کر اسے پہلے حرف پر رکھو اگر درد موقوف ہوجائے فبہا ورنہ اگلے حرف پر رکھو جس پر بھی موقوف ہوجائے اسی پر وہ میخ دیوار میں گاڑ دو پھر کبھی درد نہیں ہوگا۔ مجرب ہے۔ حروف یہ ہیں۔

سفغلفف لمثع اسکن باذن اللہ تعالیٰ.

(۸) لکڑی سے اپنی بائیں ہتھیلی پر بغیر روشنائی کے یاقوم لکھو پھر مریض سے کہو کہ مقام درد کو شہادت کی انگلی سے پکڑے اور پھر لکڑی کو یاقوم کی یاء پر رکھ کر دباؤ پھر الف پر انشاء اللہ دونوں میں سے کسی ایک حرف پر درد موقوف ہوجائے گا۔ میرا روز کا معمول ہے بلا بخل ظاہر کردیا ہے۔

(۹) درد سینہ کے لئے۔

ایک تعویذ دھو کر پلائے۔ اور ایک مقام درد پر باندھے مجرب ہے۔

بسم اللہ رب اشرح لی صدری ویسرلی امری.

(۱۰) درد دل اور دل کی گھٹن کے لئے۔

ایک مثقال سونا۔ اور ایک مثقال چاندی لے کر دونوں سے ایک تختی تیار کر کے یہ اسماء اس پر کندہ کرا کر رکھیں جو شخص اسے دھو کر پئے گا مرض کا ازالہ ہوگا ہمیشہ کام آنے والی چیز ہے۔ اسماء یہ ہیں۔

لا الہ الا اللہ ھھدس س س سسد

لا الہ الا اللہ ھھدس س س سسد

لا الہ الا اللہ ھھدس س س سسد

(۱۱) دل کی دھڑکن کے لئے۔

یہ اسم مریض کے ہاتھ پر لکھ کر تین دن چٹائیں مجرب ہے اسم یہ ہے۔

بطحیطشا

(۱۲) ایضاً۔ اسے کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ اسم یہ ہے۔

یھلیا یھلیا ھیا اللہ یھلیا ھا اللہ.

(۱۳) درد کمر کے لئے۔

یہ اسماء گیارہ مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ پڑھ کر درد کی جگہ دم کرو درد موقوف ہوگا۔ اسماء یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا شَافِیْ یَا کَافِیْ بسم اللہ الرحمن الرحیم یَامُحِیْطُ یَاوَاسِعُ بسم اللہ الرحمن الرحیم یَا رَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ

(۱۴) ایضاً، بروز یکشنبہ ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران سے لکھ کر کمر پر باندھو۔ نقش یہ ہے۔

اللہ	ے	ط	ع
۱۵	حا	رو	ب

(۱۵) درد شکم کے لئے

جب درد کی شکایت ہو تو یہ نقش لکھ کر سات تار کچے تاگے کے اس پر لپیٹ کر پیٹ پر باندھیں۔ درد دفع ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

من	۲	۱۵
حا	۱۱ہ	۲
ما	گن	ع

(۱۶) ایضاً۔ اسے لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں درد دور ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۳	ط	صر	صر
ح	ع	الو	۱۱
ہ	و	ی	و
و	و ط	۲۵	ح ہ

(۱۷) ایضاً۔ یہ دعا لکھ کر دھو کر پلائیں فی الفور درد موقوف ہوگا۔ انشاءاللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اللّٰھم انت الباسط وانا المبسوط فمن یدع المبسوط الا الباسط یا اللہ یا اللہ یا اللہ.

(۱۸) برائے دروزہ

ان کلمات کو لکھ کر حاملہ کے دائیں بازو پر باندھیں۔ اور بچہ پیدا ہوتے ہی کھول دیں ورنہ آنت نکلنے کا اندیشہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اللّٰھم اخرج ھذا الولد من بطن امہ کما اخرج الیونس من بطن الحوت بحرمۃ محمد صلی اللہ علیہ سلم وبحق موسیٰ کلیمک علیہ السلام فی بطن امہ

(۱۹) مندرجہ ذیل آیات لکھ کر بائیں ران پر باندھیں بفضلہ تعالیٰ درد اسی وقت موقوف ہوگا۔ اور بچہ بآسانی تولد ہوگا۔ بچہ پیدا ہوتے ہی فوراً کھول دیں۔ تاخیر نہ کریں۔

مجرب ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم.اذا السماء النشقت واذنت لربھا وحقت واذا الارض مدت والقت ما فیھا وتخلت اھیا اشراھیا

(۲۰) برائے دردِ قولنج ان اسماء کو اپنے ہاتھ پر لکھ کر مریض کے پیٹ پر رکھو انشاء اللہ آرام ہوگا۔حروف یہ ہیں۔**سلکا غالا باعا سفالا کم سلططا لکیلا یعلف.**

(۲۱) ان اسماء کو ناف (سنڈی) کے چاروں طرف لکھو۔ اور ایک مثقال خولنجان استعمال کراؤ۔انشاء اللہ درد موقوف ہوگا۔اسماء یہ ہیں۔

باب الذال

ذہن وحافظہ کی ترقی کے بیان میں

(۱) ایک برتن میں پاک وصاف پانی بھر کر ۸۶ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم روبقبلہ بیٹھ کر دم کر کے غبی یا بدشوق کو صبح نہار منہ پلاؤ انشاء اللہ ذہن روشن ہوگا۔

(۲) سورۂ انشراح اور یہ تعویذ مشک وزعفران وگلاب سے لکھ کر بوقت صبح ۲۱ یوم تک پلائیں انشاء اللہ حافظہ قوی ہوگا۔ اور بدشوق شوقین ہوجائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۵	۱۴۲	۱۳۷
۱۴۰	۱۳۸	۱۳۶
۱۳۹	۱۳۴	۱۴۱

(۳) ان حروف وآیات کو کانچ کے برتن میں مشک وزعفران وگلاب سے لکھ کر تین دن پلاؤ عجب طرح کا حافظہ ہوجائے گا، انشاء اللہ مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ففھمناھا سلیمان وکلا آتینا حکما و علما وسخرنا مع داوو الجبال یسبحن والطیرو کنا فاعلین وعلمناہ صنعة لیوس لکم لتحصنك من باسکم فھل انتم شاکرون سفلحکم للحلمحکم للہ ملتحف طلمس طلسم فـــعـــعـــد ح حح دد ی احسہ دب ولح فاصط للہ للہ اح فط ع لم م کـــمـــہ اعلہ

باب الراء

رجعتِ عمل کے دفعیہ کے بیان میں

(۱) اگر کوئی شخص جلالی عمل کی وجہ سے دیوانہ ہو جائے تو تین روز تک بعد نماز فجر ۱۱-۱۱ مرتبہ دعا قنوت اور درمیان میں ۱۰۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض کے دونوں کانوں میں دم کرے انشاء اللہ سات روز تک افاقہ ہو جائے گا۔

(۲) برائے رجعتِ عمل وردسحر

اگر کوئی شخص اس کو ۲۱ مرتبہ پڑھا کرے تو کبھی رجعت نہ ہو اور نہ سحر وغیرہ کا اثر ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. علیقاً ملیقاً طلیقاً خَالِقاً مَخْلُوْقاً کَافِیاً شَاقِیاً اِرْتَضٰی مُرْتَضٰی بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَاءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَاراً بِحَقِّ اسأً تَا مساً لَا نسا سَالُوْ سًا.

(۳) ایضاً۔ چاشت کے بعد ۲۱ مرتبہ یہ دعا پڑھے رجعت اور سحر وغیرہ سب دور ہوں

بسم اللہ الرحمن الرحیم یَارَبِّ دَخَلْتُ دَخْلِیْ اَنْتَ وَکِیْلِیْ وَکَافِیْ یَلْفِیْنِیْ حَافِظٌ حَفِیْظِیْ یَکْفِیْنِیْ حَنَّانٌ مَنَّانٌ یَکْفِیْنِیْ غَفُوْرٌ غَفَّارٌ یَکْفِیْنِیْ قَهَّارٌ جَبَّارٌ یَکْفِیْنِیْ حَیٌّ قَیُّوْمٌ یَکْفِیْنِیْ خَالِقٌ خَلَّاقٌ یَکْفِیْنِیْ عَلِیْمٌ عَلَّامٌ یَکْفِیْنِیْ رَازِقٌ رَزَّاقٌ یَکْفِیْنِیْ شَاهِدٌ نَاظِرٌ یَکْفِیْنِیْ اللّٰهُ یَکْفِیْنِیْ یَکْفِیْنِیْ یَکْفِیْنِیْ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظاً وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ. لَا تَخَافِیْ وَلَا تَحْزَنِیْ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَیْكَ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ یَامُوْسٰی اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ بسم اللہ الرحمن الرحیم . فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا.

باب الزاء

اس باب میں چار فصلیں ہیں

فصل اول

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے بیان میں۔

(۱) شب جمعہ کو (جمعرات کا دن گذرنے پر) بعد نماز عشاء غسل کرے اور پاکیزہ کپڑے پہن کر عطر لگائے اور لوبان جلائے اور یہ درود شریف ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر اسی جگہ سو رہے انشاء اللہ زیارت سے مشرف ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِجَلَالِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ اَنْ تَرَآنِیْ وَجْهَ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ مَنَامِیْ هٰذَا رُوْيَتِیْ تَقَرُّبِهَا عَيْنِیْ وَتفرجِ بِهَا كَرْبِیْ وَتَشْرَحُ بِهَا صَدْرِیْ وَتَالَفُ بِهَا شَمْلِیْ وَتجْمَعُ بِهَا بَيْنِیْ وَبَيْنَ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِی الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی وَلَا تُفَرِّقْ بَيْنِیْ وَبَيْنَهٗ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

(۲) شب جمعہ کو دو رکعت نماز نفل پڑھے ہر رکعت میں بعد فاتحہ آیۃ الکرسی ایک بار اور سورۂ اخلاص ۱۱ مرتبہ پڑھے۔ پھر بعد سلام اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر اسی جگہ سو جائے۔ انشاء اللہ زیارت نصیب ہوگی۔

(۳) چھ رکعت نماز نفل کی نیت باندھے بعد فاتحہ رکعت اولیٰ میں ۰ الشمس ثانیہ میں واللیل ثالثہ میں والضحیٰ رابعہ میں الم نشرح خامسہ میں والتین اور سادسہ میں سورۂ قدر ۷۔۷ مرتبہ پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ جس کی زیارت چاہے گا نصیب ہوگی۔

فصل دوم

اعمال زبان بندی کے بیان میں

(۱) مندرجہ ذیل نقش قمر ناقص النور میں ساعت مرّیخ میں لکھ کر نیچے نام دشمن معہ والدہ تحریر کر کے بیری کے درخت میں باندھ دو انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ایک حرف بھی خلاف نہ کہہ سکے گا۔ مجرب ہے۔

اللہ اللہ اللہ طــمــہ ع ع ع حح حح حح مرب انہ الا لا لا لا لا لا نا تہا اہیا اشر اہیا اروتی مارشہ اللھم اعقد لسان فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں. ۱۲

(۲) اس نقش کو معہ اسماء چہار کس لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دبائے زبان بند ہوگی مجرب ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۶	۱۶۵۱	۱۶۵۸
۱۶۵۷	۱۶۵۵	۱۶۵۳
۱۶۵۲	۱۶۵۹	۱۶۵۴

(۳) دو عدد نقش لکھ کر ایک کو قبر میں مردے کے دائیں ہاتھ کی طرف دفن کرے اور دوسرے کو بازو پر باندھے۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۲۳	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۲۰
۱۹	۲۶	۲۱

(۴) ان آیات کو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دبا دو مجرب ہے۔

فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم ص ص ص و و و ہ ہ ہ ع ع ع ب ب ب ج ج ج ط ط ط لا الٰہ الا ھو رب العرش الکریم صم بکم عمی فھم لا یرجعون صم بکم عمی فھم لا یفقھون صم بکم عمی فھم لا ینطقون.

فصل سوم

اعمال دافع زہر کے بیان میں۔

(۱) برائے کثروم (بچھو) گزیدہ

سورۂ الم ترکیف تمام۔ شب معراج یا شب قدر یا شب برأت میں بطور زکوٰۃ ایک ہزار مرتبہ معہ درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھیں پھر بچھو کے کاٹے ہوئے پر یہ سورۃ ۱۔۳۔۵ مرتبہ پڑھ کر تین دفعہ جائے گزیدہ پر دم کرے لیکن اس وقت لفظ کَیْفَ نہ پڑھے انشاء اللہ زہریلے سے زہریلے بچھو کا زہر بھی اس سے اتر جائے گا۔ مجرب ہے۔

(۲) از حضرت شیخ الاسلام السید حسین احمد صاحب مدنی رحمۃ اللہ علیہ

مار گزیدہ یا کزدم گزیدہ کو کہہ دیں کہ وہ کاٹی ہوئی جگہ کو نہ باندھے۔ پھر باوضو ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر نیم کی شاخ سے اوپر سے نیچے کی طرف جھاڑو جہاں آکر درد ٹھہر جائے وہاں سے دو مرتبہ پڑھ کر جھاڑو حتیٰ کہ درد کاٹی ہوئی جگہ پر آجائے ہر مرتبہ سورۂ فاتحہ ایک ایک مرتبہ بڑھاتا جائے انشاء اللہ آرام کلی ہوگا۔

(۳) مقام گزیدہ کو مضبوط پکڑیں اور زمین پر فرعون لکھ کر لوہے کی کیل فرعون کی ف پر رکھ کر ۳ جوتے مارے پھر چھوڑ دے پھر اس جگہ کو پکڑے اور ف پر اسی طرح تین جوتے مارے تین مرتبہ ایسا ہی کرے انشاء اللہ زہر اتر جائے گا۔

(۴) برائے زہر زنبور (بھڑ اور تتیا)

نو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر زمین پر تھوکے اور تھوک میں مٹی ملا کر ڈنک کی جگہ ملے انشاء اللہ زہر اتر جائے گا۔

(۵) آیۃ کریمہ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ سات مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر سانس لئے بغیر دم کرے اور کاٹی ہوئی جگہ کے اردگرد شہادت کی انگلی گھماتا رہے سات دفعہ دم کرے انشاء اللہ زہر نہیں چڑھے گا۔ مجرب ہے۔

(۶) سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ہر مرتبہ ایک ایک کا اضافہ کرے حتیٰ کہ سات مرتبہ ہو جائے مگر کاٹی ہوئی جگہ کو مضبوط پکڑے اور ہر پھونک پر چھوڑ دے۔ مجرب ہے۔

فصل سوم

اعمال زیادتی شیر اور مکھن کے بیان میں۔

(۱) مندرجہ ذیل نقش لکھ کر عورت یا جانور کی گردن میں باندھیں انشاء اللہ دودھ میں اضافہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

میکائیل میکائیل

بسم وان لکم فی الانعام لعبرة

نسقیکم مما فی بطونہ

من بین فرث ودم لبنا

رزاق	باعث	شافی	کافی
۰۳۹۰	۰۱۱۲	۰۳۰۷	۵۷۴
۰۱۱۳	۰۳۹۲	۰۵۷۱	۰۳۰۶
۰۵۷۲	۰۳۰۵	جامع	۰۳۹۲

(۲) برائے زیادتی شیر زن۔

یہ آیت لکھ کر عورت کے گلے میں اس طرح ڈالے کہ چھاتی پر پڑا رہے انشاء اللہ دودھ زیادہ ہوگا۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم . یعلم ما تحمل کل انثیٰ وما تغیض الارحام وماتزدادو کل شیٔ عندہٗ بمقدار عالم الغیب و الشھادة الکبیر المتعال برحمتك یا ارحم الراحمین.

(۳) ایضاً۔ یہ نقش لکھ کر تین روز تک پانی میں دھو کر عورت کو پلائے انشاء اللہ دودھ میں اضافہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴۶۰	۱۴۷۴	۱۴۷۱	۱۴۶۷
۱۴۶۵	۱۴۶۶	۱۴۶۱	۱۴۷۳
۱۶۶۵	۱۴۶۹	۱۴۷۶	۱۴۶۲
۱۴۷۵	۱۴۶۳	۱۴۶۴	۱۴۷۰

(۴) برائے زیادتی مکھن

اگر دودھ سے مکھن زیادہ نہ نکلے تو یہ نقش لکھ کر مدھانی میں باندھیں انشاءاللہ کافی سے زیادہ مکھن نکلے گا۔ نقش یہ ہے۔

باب السین

اس باب میں دو فصلیں ہیں

فصل اول

علاج سحر کے بیان میں۔

(۱) سورۂ فلق سورۂ ناس ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھ کر کڑوے تیل پر دم کر کے مسحور کی آنکھوں، ناک، کانوں اور بیسوں ناخنوں پر ملے انشاء اللہ شفا ہوگی خواہ کیسا ہی زبردست سحر ہو۔

(۲) از افاضات حضرت مرشدی واستاذی شیخ الاسلام مولانا السید حسین احمد صاحبؒ

ایک کورے گھڑے میں تازہ پانی بھر کر اس پر یہ آیات گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو اس سے گیارہ دن تک روزانہ غسل کرائیں انشاء اللہ تعالیٰ اثر سحر زائل ہوگا مجرب ہے۔ آیات یہ ہیں۔

فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی سے وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ تک (پارہ ۱۱ رکوع ۱۲) فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ سے رَبِّ مُوْسٰى وَهَارُوْنَ تک (پارہ ۹ رکوع ۳) اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى.

(۳) پاک وصاف مٹی کا ایک گولہ بنا کر اس پر یہ دعا سات مرتبہ پڑھ کر آگ میں ڈال دے جب سرخ ہو جائے تو نکال کر صبح وشام ۳ مرتبہ پانی میں غوطہ دے کر وہ پانی مسحور کو پلائے انشاء اللہ اثر جاتا رہے گا۔ دعا یہ ہے۔

آیۃ الکرسی دل قرآن آپ چیلے تو رحمان ہلکے ہلکے سات آسمان ساتوں کے لئے ایک دربان۔ پاؤں رکھے جبرئیل علیہ السلام دھڑ رکھے رحمان کمر رکھے محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سر رکھے سبحان وجود موجود بارگاہ رسول چھلا کرے چھلاوہ کرے جادو کرے جو کرے سو مرے الٹ پھیر اس کا اسی پر پڑے سب ملے حضرت محمد مصطفےٰ نہ ملے بحق لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

(۴) ۲۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے مسحور کو پلائے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ
بجری بجری کواڑا بجری باندھوں دسوں دوار بجری آئے بجری جائے سب جگ سمائے ٹونہ جادو
سب ردہوجائے جوٹونہ جادو پھر کرآئے الٹ پلٹ وہاں کا وہاں پر جائے جو کرے سو مرے
بحَقِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا ھُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَۃٌ
لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَاراً.

(۵) چینی کی طشتری پر سات روز لکھ کر نہار منہ سحر زدہ کو پلائے۔ مجرب ہے۔

فَلَمَّا اَلْقَوْ اقَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْر اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ سَیُبْطِلُہٗ
سَیُبْطِلُہٗ بَطَلَ بَطَلَ السِّحْرُ باذن اللّٰہ ١١ ام ☆

(٦) سحر باطل کرنے کے لئے بارہا کا مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ موسیٰ اور ہارون کی لاٹھی ٹوٹکا کرنے والے کی ٹوٹے پاٹھی ساحر
گرے موت کی گھاٹی کعبہ کی نظر بیکار ہوا جادو کا اثر بسم اللہ اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر بحق
لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم ۷ روز تک ۴۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

فصل دوم

ساعات سبعہ سیارگان کے بیان میں۔

ایام ہفتہ کی نسبت جس سیارہ کی طرف ہے اس روز بوقت طلوع آفتاب پہلی ساعت
اسی سیارہ کی ہوگی مثلاً شنبہ کی طرف زحل منسوب ہے تو اس روز کی ساعتوں کی ابتداء زحل
سے ہوگی دن اور رات کی علیحدہ علیحدہ بارہ بارہ ساعتیں ہوتی ہیں خواہ دن اور رات بارہ بارہ
گھنٹے کے ہوں یا کم وبیش۔ کمی بیشی کو ہر ساعت پر تقسیم کرلیا جائے مثلاً دن چودہ گھنٹہ کا ہوتو
بارہ سے دو زائد گھنٹوں کو ہر ایک پر تقسیم کر کے ہر ساعت ایک گھنٹہ دس منٹ کی قرار دیں
گے اسی طرح دن دس گھنٹہ کا ہوتو ایک ساعت ۵۰ منٹ کی ہوگی۔

مشتری۔ زہرہ۔ شمس اور قمر کی ساعتوں اور ان سے منسوبہ ایام میں حب وتسخیر نیز
متعلقۂ خیر اعمال کئے جاتے ہیں۔ اور زحل ومریخ میں اعمال شر اور عطارد میں اعمال زبان
بندی وغیرہ کئے جاتے ہیں (شرعاً ان چیزوں کی کوئی اصلیت نہیں) نقشۂ ذیل سے ایام

ہفتہ کی ساعات معلوم کیجئے۔ ضمیمہ پر ملاحظہ فرمائیے۔

نقشہ ساعات

شب روز	ساعت ۱	ساعت ۲	ساعت ۳	ساعت ۴	ساعت ۵	ساعت ۶	ساعت ۷	ساعت ۸	ساعت ۹	ساعت ۱۰	ساعت ۱۱	ساعت ۱۲
شب شنبہ و روز سہ شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
روز شنبہ شب چہارشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب یکشنبہ روز چہارشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
روز یکشنبہ شب پنجشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب دوشنبہ روز پنجشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
روز دوشنبہ شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب سہ شنبہ روز جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

(۲) یَا سَلَامُ سوا لاکھ مرتبہ ایک یا چند اشخاص مل کر پڑھیں اور مریض کے لئے دعا کریں انشاء اللہ لب دم بھی شفایاب ہوگا از افاضات حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی رحمۃ اللہ علیہ۔

(۳) مندرجہ ذیل نقش بروز پنجشنبہ بوقت طلوع آفتاب مشک و زعفران اور گلاب سے لکھ کر دو رکعت نماز ادا کرے۔ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ انشراح اور دوسری میں سورۂ نصر پڑھے پھر استغفار ۳۱۳ مرتبہ درود شریف ۳۱۳ مرتبہ اور سورۂ اخلاص ۱۰۰۲ مرتبہ پڑھے۔ اور ہر سو مرتبہ کے بعد ایک مرتبہ یہ الفاظ کہے۔

اَجِبْ یَا رُوْقِیَائِیْل وَیَاجِبْرَائِیْل وَیَا مِیکَائیل وَیَااِسْرَافِیْل وَ یَاعَنْیَائِیْل وَمَاسَمْسَمَائِیْل وَیَاکَسْفِیَائِیْل بِبُلُوْغِ مَقْصَدِیْ وَمُنْتَهٰی اَمَلِیْ بِحَقِّ سُوْرِهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْجَلِیْلِ وَسَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَّذِیْ اَتَاهُ الْوَحْیُ وَالتَّنْزِیْلُ.

پھر وہ نقش مریض کی گردن میں ڈالے انشاء اللہ شفاء حاصل ہوگی۔

(فائدہ) یہی عمل قضاء حاجت کے لئے بھی مجرب ہے۔ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

محمد حبیب اللہ ۷۸۶ ابوبکر الصدیق

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لهٗ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لهٗ	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لهٗ	کفوا	احد

باب الصاد

صبر اور اطمینان قلب حاصل ہونے کے لئے۔

چار رکعت نماز نفل کی نیت باندھ کر پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کفرون دوسری میں سورۂ نصر تیسری میں سورۂ لہب اور چوتھی میں سورۂ اخلاص پڑھ کر حسب معمول سلام پھیر کر یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر اپنے مطلب کے لئے دعا کریں انشاء اللہ صبر اور اطمینان قلب حاصل ہوگا میرا بارہا کا مجرب وآزمودہ ہے۔ دعا یہ ہے۔

يَااَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْد يَا وَدُوْدُ يَا ذَالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِىْ مَلَأَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَاَسْئَلَكَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِىْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَاَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِىْ وَسَعَتْ كُلَّ شَيْئٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِىْ.

باب الضاد

ضرر دشمن کے دفعیہ کے لئے

(۱) جو شخص کسی دشمن سے خائف ہو تو آیۃ کریمہ كُلَّمَا اَوْ قَدُوْا نَاراً لِّلْحَرْبِ اَطْفَاهَا اللّٰهُ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَاداً وَّاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ. کے اعداد بحساب ابجد نکال کر ان کی برابر اس آیت کو پڑھے انشاء اللہ اس کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔

(۲) روزانہ ایک ہزار مرتبہ حَسْبِىَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم وقت مقررہ پر پڑھے انشاء اللہ دشمن اس بستی سے چند روز میں رخصت ہو جائے گا۔

باب الطاء

(۱) برائے طاعون۔

اسے لکھ کر مکان کے دروازے پر چسپاں کر دیا جائے انشاءاللہ وہ مکان اس سے محفوظ رہے گا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللّٰہ امان من الطعن محمد رسول اللّٰہ طعن فی الطاعون سید عبد الوھاب الشعرانی سیدی شمس الدین الحنفی سیدی سراج الدین البلقینی حی صمد باقی ولہ کنف واقی سبحان الملک الخلاق.

(۲) ہر قسم کی وبا سے حفاظت کے لئے۔

کاغذ پر لکھ کر حویلی کے صدر دروازے پر چسپاں کر دیں۔ مجرب ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. یَا اَہْلَ یَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَکُمْ فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْ آمنہ پوت عبداللہ جایا۔ جاری وبا محمد آیا صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۳) مندرجہ ذیل دعا صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھے انشاءاللہ ہر قسم کی وبا سے محفوظ رہے گا۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. تَحَصَّنْتُ بِذِی الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَاعْتَصَمْتُ بِرَبِّ الْمَلَکُوْتِ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ اِصْرِفْ عَنَّا ھٰذَا الْوَبَاءَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

باب العین

اس باب میں دو فصلیں ہیں

فصل اول

عشق کے علاج کے بیان میں۔

(۱) اگر کوئی شخص کسی کے عشق میں مبتلا ہو اور اس سے محبوب کو بھلا دینا مقصود ہو تو مندرجہ ذیل اسما چینی کی طشتری پر لکھ کر دھو کر عاشق کو تین روز پلائیں انشاء اللہ وہ اسے فراموش کردے گا۔ اسماء یہ ہیں سمللطل أيصغل اللهم قلب فلان ابن فلانة عن محبة معشوقه بعزة الله وقدرته وعونه. الله ولاحول ولاقوة الا بالله العلى العظيم. خط کشیدہ عبارت سات مرتبہ لکھیں۔

(۲) یہ دونوں اسماء عاشق کی ہتھیلی پر لکھ کر نہار منہ چٹائیں۔ اسماء یہ ہیں

دیکنوس. بطلیموس

(۳) چینی کی طشتری پر لکھ کر عاشق کو پلائیں انشاء اللہ عشق سلب ہوگا۔ یا قدوس یا قدوس یا الله یا الله یاه یاه یاه یاه یاه یا ہ ونزعنا مافی صدورهم من غل انما يريد الله ليذهب عنكم الرجس اهل البيت وليذهب عنكم رجز الشيطن وليربط على قلوبكم وما النصر الا من عندالله العزيز الحكيم ولونشاء لطمسنا علىٰ اعينهم نسوا الله فنسيهم كذلك ينسى فلان ابن فلانة محبوبتهٗ اللّٰهم انزع حبها من قلبه انك علىٰ كل شئٍ قدير حتى لا يصير اليها ولا يتخيل لهواهابحم عسق حمى بكهيعص كفى حم تنزيل من الرحمن الرحيم ولا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم .

فصل دوم

اعمال عداوت کے بیان میں۔

(۱) سات کنکری نمک سانبھر کی لے کر دونوں شخصوں کا نام معہ والدہ اور اس آیۃ کو ہر کنکری پر سات سات مرتبہ پڑھ کر آگ میں ڈالے بروز شنبہ یا سہ شنبہ اسے کیا جائے فوراً

لڑائی ہوگی۔مجرب ہے آیۃ یہ ہے۔

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ.

(۲) اس تعویذ کو بھوج پتر پر لکھ کر پرانی دو قبروں کے درمیان دفن کردے جدائی واقع ہوگی۔تعویذ یہ ہے۔والقینا بینہم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیٰمۃ.

(۳) اس نقش کو لکھ کر پرانی قبر میں دفن کردو جدائی واقع ہوگی نقش یہ ہے۔

(۴) اس تعویذ کو زوال ماہ میں بروز شنبہ یا سہ شنبہ لکھ کر مٹی کے برتن میں رکھ کر پرانی قبر میں دفن کرے دونوں میں فوراً جدائی ہوگی تعویذ یہ ہے۔

قال هذا افراق بینی و بینك
لا اله الا هوا عالم الغیب و الشهادة
هوالرحمن الرحیم

(۵) جن دو شخصوں یا خاندانوں میں لڑائی مقصود ہے ان کے ناموں کے ساتھ یہ دونوں نقش سفید کاغذ پر لکھ کر پرانی قبر میں دفن کریں فوراً جدائی واقع ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

یا قہا ریا قہا ریا قہا

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

اخرط اجہرط اجہرط

بحق بدوح یا بدوح بدوح

بحق بدوح یا بدوح بدوح

یا قہا ریا قہا ریا قہا

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

اخرط اجہرط اجہرط

بحق بدوح یا بدوح بدوح

بحق بدوح یا بدوح بدوح

باب الفاء

اس باب میں دو فصلیں ہیں

فصل اول

فتوحات (کشائش رزق) کے بیان میں۔

(۱) عروج ماہ روز چہار شنبہ سے وقت مقررہ پر آیۃ کریمہ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَہٗ مَخْرَجاً وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْئٍ قَدْراً ط روزانہ اکتالیس روز تک ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھے پڑھتے وقت کسی سے بات نہ کرے انشاء اللہ العزیز رزق میں اتنی فراخی ہوگی اسکو پتہ بھی نہیں چلے گا۔ اور کبھی تنگ دست نہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۲) اَلرَّحْمٰنُ. اس اسم کی زکوٰۃ ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پرہیز جمالی کے ساتھ طاق دنوں میں ادا کر کے روزانہ وقت شام ایک سو پانچ مرتبہ پڑھے ہمیشہ امیر رہے گا ہرگز محتاج نہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۳) نقش بست در بست کو حسب ذیل ترکیب سے عمل میں لائے انشاء اللہ مالدار ہوگا۔ اور کسی قسم کی تنگی نہیں رہے گی۔ ترکیب یہ کہ ۲۱ روز تک دریا کے کنارے بیٹھ کر خوشبو لگا کر با طہارت، بخورات روشن کر کے اکیس نقش مشک و زعفران سے لکھ کر ۲۰ نقوش کی آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے اور اکیسواں نقش اپنے بازو پر باندھ لے دوسرے روز بازو والے نقش کو آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے اور پھر اکیس نقش بطریق مذکور عمل کرے اکیسویں دن آخری نقش کو بازو پر بندھا رہنے دے انشاء اللہ فتوحات کے ساتھ ساتھ یہ نقش ہر کام دے گا۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

(۴) نوچندی پنجشنبہ کو بعد نماز عشاء غسل کر کے پاکیزہ کپڑے پہن کر ۱۳۱۱ مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ معہ تسمیہ یہ اسم پڑھے انشاء اللہ چلہ کے بعد فتوحات کا دروازہ کھل جائے گا۔ مجرب ہے۔

اسم یہ ہے۔ یَافَتَّاحُ تَفَتَّحْتَ بِالْفَتْحِ وَالْفَتْحُ فِیْ فَتْحِ فَتْحِكَ یَا فَتَّاحُ.

(۵) یَاعَزِیْزُمْ یَا عَزِیْزِیْ بِلُطْفِكَ یَاعَزِیْزُ نوچندی جمعرات سے بعد نماز عشاء روزانہ ۱۲۱ مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھے چلہ کے بعد سے فتوحات شروع ہوں گی۔ مجرب ہے۔

(۶) عمل سورہٗ یٰسین شریف برائے فتوحات وقضاء حاجات مجرب المجرب۔

سورہٗ یٰسین شریف کو بسم اللہ پڑھ کر اس طرح شروع کرے یٰسین صلی اللہ علیہ وسلم بحق یٰسین والقرآن الحکیم الخ جس وقت پہلے مبین پر پہنچے دائیں ہاتھ کی خنصر (چھوٹی انگلی) کو بند کرلے پھر اسی طرح اول سے شروع کرے جب دوسرے مبین پر پہنچے بنصر کو بند کرلے پھر از سرنو شروع کر کے تیسرے مبین پر بیچ کی انگلی بند کرلے پھر سرے سے شروع کر کے چوتھے مبین پر انگشت شہادت بند کرے پھر اسی طرح پانچویں مبین پر انگوٹھا چاروں بندھی ہوئی انگلیوں پر رکھ کر خوب مضبوط مٹھی باندھ لے پھر اول سے پڑھتا ہوا چھٹے مبین پر بائیں ہاتھ کی خنصر پھر ساتویں مبین پر بنصر بند کرلے جب ساتوں عقود سے فارغ ہو جائے تو

پھر سورۃ کو اول سے شروع کر کے آخر تک پڑھتا چلا جائے۔اور ہر مبین پر پہنچ کر بائیں ہاتھ کی بنصر سے بترتیب معکوس انگلیاں کھول دے پھر سورہ یٰسین تمام کرے پھر ایک بار سورۃ اول سے آخر تک پڑھے روزانہ اس کا ورد رکھے۔

(۷) سورہ یٰسین شریف کا ایک مجرب عمل دوسری ترکیب سے مجھے ایک بزرگ سے ملا ہے جو اس طرح ہے۔

اول ایک سو بار درود شریف پڑھکر سورہ یٰسین ۴۱ بار ۴۱ روز تک بعد نماز فجر بلا ناغہ پڑھے پھر روزانہ بعد نماز فجر ایک بار پڑھتا رہے انشاء اللہ کبھی محتاج نہ ہوگا اور تا عمر کاروبار میں انتہائی خیر و برکت ہوگی۔

(۸) بسم اللہ الرحمن الرحیم. اَللّٰهُمَّ يَا غَنِيُّ يَا حَمِيْدُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا رَحِيْمُ يَا وَدُوْدُ اَكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

نوچندی جمعرات سے وقت مقررہ پر یہ اسماء ۱۲۱ مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھے چلہ کے بعد سے فتوحات کی ابتداء ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۹) رات کے ثلث اخیر میں اُٹھ کر باوضو سورہ طلاق (پ ۲۸) آٹھ مرتبہ پڑھو۔اور ہر مرتبہ میں یہ آیۃ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا سو مرتبہ پڑھو۔ پھر آٹھ مرتبہ سورۃ تمام کرنے کے بعد یَا اَللّٰہُ۔ اور درود شریف ایک ایک ہزار مرتبہ پڑھو انشاء اللہ تعالیٰ حد درجہ فتوحات ہوں گی۔مجرب ہے۔

(۱۰) برائے برکت مال و زیادتی خریداران۔

مندرجہ ذیل نقش نوچندی جمعرات یا جمعہ یا پیر یا بدھ کو بعد طلوع آفتاب باوضو مشک و زعفران و گلاب سے نئے قلم سے لکھ کر عطر میں معطر کر کے لوبان کی دھونی دے کر پاک و صاف موم جامہ میں لپیٹ کر اپنی دوکان یا مال تجارت میں رکھے انشاء اللہ بہت برکت ہوگی خریدار غیب سے پیدا ہوں گے اس قدر نفع ہوگا کہ عقل حیران ہوگی نقش لکھتے وقت اگر بتی جلائیں نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یختص برحمتہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم

۴۲۲۱ ۱۹۵۹	۴۲۲۵ ۱۹۶۳	۴۲۲۸ ۱۹۶۶	۴۲۱۴ ۱۹۵۲
۴۲۲۷ ۱۹۶۵	۴۲۱۵ ۱۹۵۳	۴۲۲۰ ۱۹۵۸	۴۲۲۶ ۱۹۶۴
۴۲۱۶ ۱۹۵۴	۴۲۳۰ ۱۹۶۸ بحکم خدا از دو فروخت شود	۴۲۲۳ ۱۹۶۱	۴۲۱۹ ۱۹۵۷
۴۲۲۴ ۱۹۶۲	۴۲۱۸ ۱۹۵۶	۴۲۱۷ ۱۹۵۵	۴۲۲۹ ۱۹۶۷

واللہ ذوالفضل العظیم

یافتاح من فضل اللہ وان الفضل بیدہ اللہ یؤتیہ من یشاء

(۱۱) مندرجہ ذیل آیت کو آیت قطب کہتے ہیں۔ اس کا عامل کبھی مقروض نہیں ہوتا۔ روزی اور عزت میں روز افزوں ترقی ہوتی ہے اور دنیا میں نمایاں مقام حاصل ہوتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو روزہ رکھیں غسل کر کے پاک کپڑے پہنیں اور عصر و مغرب کے درمیان ۱۳۳ بار پڑھیں اور زکوٰۃ کی نیت سے ہی روزہ افطار کریں افطاری کا کھانا خود ہی پکائیں۔

پانی ایک کورے مٹی کے برتن میں لاکر رکھیں اور اس سے ۲۵۰ گرام چاول بلانمک کے پکائیں آدھے خود کھائیں اور آدھے فقیر کو دیدیں اگلے روز پھر روزہ رکھیں اور دوسرے کپڑے بدل کر بعد عصر ۱۳۳ بار پڑھیں اور حسب سابق آدھے خود کھا کر بقیہ فقیر کو دیدیں۔ تیسرے روز پھر روزہ رکھکر کپڑے بدل کر بعد عصر ۱۳۳ بار پڑھیں اور افطاری زکوٰۃ ہی کی نیت سے کھائیں اس سے پہلے کل کھانے پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام اولیاء کرام کا ختم کریں اور نصف اسمیں سے فقیر کو دیں زکوٰۃ مکمل ہو جائیگی مداومت کے لئے روزانہ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھکر ۴۱ مرتبہ پڑھا کریں۔ وبا۔ بیماری اور درد میں بھی جس کو لکھکر دینگے انشاءاللہ فوری شفا ہوگی آیت ہے۔ ثم انزل۔ بذات الصدور تک (پارہ ۴ رکوع ۷)

فصل دوم

اعمال فتح وفیروزی کے بیان میں۔

(۱) مقدمہ اور امتحان وغیرہ میں کامیابی کے لئے۔

مندرجہ ذیل نقش ساعت سعید میں مشک وزعفران اور گلاب سے لکھ کر اپنی ٹوپی یا عمامہ میں رکھ کر عدالت وغیرہ میں جائے انشاء اللہ سرخرو واپس ہوگا۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

اذاجاء	نصر	اللّٰه	والفتح	وئيت	الناس	يدخلون	فی دين	اللّٰه
نصر	اللّٰه	والفتح	ورئيت	الناس	يدخلون	فی دين	اللّٰه	افواجا
اللّٰه	والفتح	ورئيت	الناس	يدخلون	فی دين	اللّٰه	افواجا	فسبح
والفتح	ورئيت	الناس	يدخلون	فی دين	اللّٰه	افواجا	فسبح	بحمد
ورئيت	الناس	يدخلون	فی دين	اللّٰه	افواجا	فسبح	بحمد	ربك
الناس	يدخلون	فی دين	اللّٰه	افواجا	فسبح	بحمد	ربك	واستغفره
يدخلون	فی دين	اللّٰه	افواجا	فسبح	بحمد	ربك	واستغفره	انه
فی دين	اللّٰه	افواجا	فسبح	بحمد	ربك	واستغفره	انه	كان
اللّٰه	افواجا	فسبح	بحمد	ربك	واستغفره	انه	كان	توابا

(۲) گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے کے لئے۔

ہرن کی جھلی پر لکھ کر گھوڑے کی گردن میں باندھے۔ اور خود سوار ہو تو اپنے پاس رکھے۔

بسم اللّٰه الرحمن الرحيم. والسابقون السابقون اولئك المقربون. لايسبقك سابق ولايلحقك باسماء اللّٰه لاحق عوذتك بذی العزة الجبروت والجلال من كل طارق وسلال وسارق ومحتال عوذتك يالملك الوهاب من كل مالم يؤلم الدواب ولا حول ولا قوة الا باللّٰه العلی العظيم.

يااللّٰه	يااللّٰه	يااللّٰه
يااللّٰه	يااللّٰه	يااللّٰه
يااللّٰه	يااللّٰه	يااللّٰه

باب القاف

اعمال قضاء حاجات کے بیان میں

(۱) صلوۃ الخضر

بہت مشہور اور مجرب عمل ہے جو قضاء حاجات وحل مشکلات کے لئے بے نظیر ہے۔

کسی تنہائی یا خاموشی کے وقت اول دو رکعت نماز نفل بہ نیت قضاء حاجت یا حل مشکل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کفرون دس مرتبہ اور دوسری میں سورۂ اخلاص دس مرتبہ پڑھے بعدہٗ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سجدہ میں سر رکھے اور دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرْ پھر دس مرتبہ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط پڑھے بعد ازاں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی حاجت طلب کرے انشاء اللہ چند روز ایسا کرنے سے حاجت پوری ہوگی۔ مجرب ہے۔

(۲) اس نقش کو لکھ کر خوشبو لگا کر اپنے پاس ٹوپی یا دستار میں رکھے اور قدرت خدا ملاحظہ کرے۔ سب مشکلاب حل ہوں گی۔ انشاء اللہ۔ نقش یہ ہے۔

یاجبرائیل ۷۸۶ بحق یا بدوح

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

یا تنکفیل بحق یا بدوح

یا دردائیل بحق یا بدوح

یارفتمائیل بحق یا بدوح

(۳) بعد نماز عشاء تازہ وضو کر کے چار رکعت کی نیت اس طرح باندھے۔ نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَکَعَاتِ صَلٰوۃَ النَّفْلِ قَضَاءَ حَاجَاتٍ مُتَوَجِّھاً اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرْ پھر پہلی رکعت میں الحمد کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنَاہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ وَزَکَرِیَّا

اِذْنَادٰی رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ سومرتبہ پڑھے۔ دوسری رکعت میں رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ط سومرتبہ تیسری میں وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ وَاللّٰهُ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ط سومرتبہ۔ اور چوتھی میں حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ط سومرتبہ پھر بعد سلام رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سومرتبہ پھر اپنے مطلب کے لئے دعا مانگے اسی طرح سات روز کرے انشاءاللہ حاجت روا ہوگی۔ مجرب ہے۔

(۴) اس دعا کو لکھ کر دریاء رواں میں ڈالے اور ڈالتے وقت اپنی حاجت کا اظہار کرے۔ اور درود شریف پڑھے نیز اس عمل کو جمعرات کے روز سے سات دن تک کرے انشاءاللہ حاجت ضرور برآئیگی۔ مجرب بارہا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم. لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم بسم اللہ الملک الحق المبین من العبد الذلیل الی المولی الجلیل رب انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین.

(۵) منقول از حضرت جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

جس شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو یا دشمن سے خوف زدہ ہو تو اس دعا کو باخلاص تمام کاغذ کے تین پرزوں یا تین پتوں پر لکھ کر آب جاری یا کنویں میں ڈالے اگر اسی وقت اس کی کاربراری نہ ہو تو قیامت کے دن میرا دامن پکڑے۔ اور مجھ سے داد چاہے مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الملک الحق المبین من العبد الذلیل الی المولی الجلیل رب انی مسنی الضر وانت الرحم الراحمین بحرمۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان تکشف عنی ھمی وحزنی وادفع غمی برحمتک یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علی سید محمد والہ اجمعین الطیبین الطاھرین.

(۶) عمل سورۂ یٰسین برائے قضاء حاجت عجیب الاثر۔

تنہائی میں بیٹھ کر سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت شروع کریں جب وَخَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ پر پہنچیں تو الرحمٰن پر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کریں پھر دوسرے الرحمٰن پر وَمَا اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَیْءٍ میں اس کے پاس والی انگلی (بنصر) بند کریں پھر تیسرے الرحمٰن پر اِنْ

یَرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ میں درمیانی انگلی بند کریں یہ تینوں انگلیاں بند رکھیں پر وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَکُمُ اللّٰہُ پر پہنچ کر لفظ اللہ پر دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کریں پھر اسی آیۃ میں دوسرے لفظ اللہ پر اس کے پاس والی انگلی بند کریں۔ جب آیۃ ھٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ پر پہنچیں تو یہ چوتھا الرحمٰن ہے اس پر انگشت سبابہ (انگوٹھ کے پاس والی انگلی) بند کر لیں پھر تیسرے لفظ اللہ پر آیۃ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ میں دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی بند کریں اس کے بعد سورۃ ختم کر دیں۔ اور ساتوں انگلیاں بند رکھیں بعد ازاں سورۂ ملک شروع کر دیں جب مَاتَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ پر پہنچیں تو لفظ الرحمٰن پر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کھولدیں اور مَا نَزَّلَ اللّٰہُ مِنْ شَیْءٍ میں لفظ اللہ پر دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کھولیں غرض کہ لفظ الرحمٰن پر بائیں ہاتھ کی انگلی کھولیں اور لفظ اللہ پر دائیں ہاتھ کی اسی طرح سورۃ ختم کر دیں پھر دو رکعت نماز ادا کر کے سو مرتبہ درود شریف (جو نماز میں پڑھی جاتی ہے) پڑھیں پھر اپنی حاجت کے لئے دعا کریں۔ دوسرے روز پھر سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت کریں اور اب کی مرتبہ لفظ الرحمٰن پر دائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کریں اور لفظ اللہ پر بائیں ہاتھ کی اور سورۂ ملک پڑھتے وقت لفظ الرحمٰن پر دائیں ہاتھ کی انگلیاں کھولیں۔ اور لفظ اللہ پر بائیں ہاتھ کی اس طرح سورۃ ختم کر کے بدستور دو رکعت اور درود شریف پڑھیں انشاء اللہ ضرور بالضرور حاجت پوری ہوگی۔ مگر چاہیئے کہ سوائے خیر کے اس سے اور کوئی کام نہ لے نا اہل سے پوشیدہ رکھے۔

(۷) سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت ۴۱ مرتبہ جس مقصد کے لئے بھی کی جائے گی۔ وہ ضرور پورا ہوگا۔ انشاء اللہ۔

(۸) آیۃ کریمہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ط ایک ہزار چار سو انہتر (۱۴۶۹) مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ حاجت روا ہوگی۔ مجرب ہے۔

باب الکاف

اعمال حصول کیمیا کے بیان میں

(۱) اَللّٰہُ الصَّمَدُ روزانہ سات ہزار مرتبہ باپرہیز جمالی وقت مقررہ پر پڑھو۔ پانچویں روز ایک غیبی شخص آ کر نکات کیمیا سمجھا جائے گا۔

(۲) عروج ماہ میں نصف شب کے بعد بیدار ہو کر نماز تہجد ادا کر کے اول ۱۰۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعترتہٖ بَعْدَ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ بعدازاں یہ آیت ستر بار پڑھے اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِیَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّیْلُ زَبَدًا رَّابِیًا ط وَمِمَّا یُوْقِدُوْنَ عَلَیْهِ فِی النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْیَةٍ اَوْمَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ كَذٰلِكَ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ط فَاَمَّا الزَّبَدُ فَیَذْهَبُ جُفَآءً ط وَاَمَّا مَا یَنْفَعُ النَّاسَ فَیَمْكُثُ فِی الْاَرْضِ كَذٰلِكَ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ط بعدہ ستر مرتبہ یَامُعَلِّمَ الْاِنْسَانِ مَالَمْ یَعْلَمْ عَلِّمْنِیْ مِنَ الْاَیْسَرِ یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ. پڑھے پھر ۱۰۱ مرتبہ مذکورہ بالا درود شریف پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ کوئی شخص خواب یا بیداری یا غنودگی کی حالت میں نسخۂ کیمیا بتا جائے گا۔ قلم دوات اور کاغذ سرہانے رکھ کر سوئے تاکہ بیدار ہوتے ہی لکھ لے اور بھول نہ جائے گا انشاء اللہ چلہ کے اندر ہی تعلیم ہو جائے گی ورنہ دوسرے تیسرے چلہ میں یقیناً بفضل ایزدی نسخۂ طلائی حاصل ہوگا۔

(۳) بوقت شب بصدق دل پچاس روز تک بلا ناغہ مندرجہ ذیل اسم سات سو مرتبہ پڑھیں اس عرصہ کے بعد ایک شخص آ کر نسخہ سکھا جائے گا اکل حلال اور صدق مقال کی پابندی کریں اسم یہ ہے۔ یَاطَبْطَهَا۔

باب الکاف الفارسی (گ)

گریۂ اطفال (چلوانس) کے علاج میں

(۱) یہ نقش لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالیں بفضل اللہ اس کا رونا موقوف ہوگا۔

۷۸۶

۸	۱۳	۳۴	۷
۳۴	۶۱	۳۴	۱۷
۱۲۳	۷۱	۱۳۲	۱۷
۱۲	۹	۹	۴

لا یرون فیھا شمسا ولا زمھریراً

(۲) یہ نقش چار عدد لکھ کر ایک بچہ کے گلے میں باندھیں۔ اور تین دھو کر پلائیں انشاء اللہ بچہ چپ ہو جائے گا۔ نیز آسیب، جادو، اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۲۲	۱۹	۸
۲۰	۷	۲	۲۱
۶	۱۷	۲۴	۳
۲۳	۴	۵	۱۸

(۳) یہ آیت لکھکر گلے میں ڈالیں انشاء اللہ بچہ کو فوراً سکون ہوگا۔

شھد اللّٰہ انہ لا الہ الا ھو والملئکۃ واولو العلم قائماً بالقسط لا الہ الا ھو العزیز الحکیم ان الدین عند اللّٰہ الاسلام اسکن بعزۃ اللّٰہ اسکن بقدرۃ اللّٰہ اسکن بجلال اللّٰہ

باب الیمیم

اس باب میں چار فصلیں ہیں

فصل اول

مرگی کے دفعیہ میں۔

(۱) ایک مرغ سفید یک رنگ لے کر بروز یکشنبہ بوقت طلوع آفتاب ذبح کر کے اس کے خون سے تعویذ لکھے۔ اور تانبے میں مڑھ کر گلے میں ڈالے مجرب ہے نقش یہ ہے۔

طمسا طسما طسما

۷۸۶

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

طمسا طسما طسما

۷۸۶

٢	٩	٤
٧	٥	٣
٦	١	٨

(۲) مندرجہ ذیل طلسم پیپل کے پتہ پر سفید مرغ کے خون سے لکھ کر مرگی والے کے سر میں باندھے انشاءاللہ مرگی جاتی رہے گی۔ طلسم یہ ہے۔

(۳) ایک تانبے کی تختی پر اتوار کے دن بوقت طلوع آفتاب ایک طرف یا قہار انت الذی لا یطاق انتقامہٗ یا قہار اور دوسری طرف یا مذل کل جبار عنید بقہر سلطانہٖ یا مذل کندہ کر کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

(۴) سورۂ حجرات پانی پر پڑھ کر دم کر کے مرگی والے کو پلائیں اور اسی پانی سے اس کے منہ پر چھینٹیں ماریں انشاءاللہ شفاء حاصل ہوگی۔

(۵) ان اسماء کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر اسی پانی سے مریض کے منہ پر چھینٹیں ماریں آرام ہوگا۔ اسماء یہ ہیں۔ **الطج بطمطما طسا اطحا طمعس طمسا هملوسا متعويل قد سايا رحمن**

(۶) یہ اسماء ایک نئے سفید کپڑے پر لکھ کر فتیلہ بنا کر جلائیں اور مصروع کی ناک کے قریب لے جائیں انشاء اللہ اسے افاقہ ہوگا اسماء یہ ہیں۔

بكسوا كسليط العقلم فليكف بللشا سحليا ملكوت.

فصل دوم

علاج مسان کے بیان میں۔

(۱) جو لڑکا حد بلوغ کو نہ پہنچتا ہو اور مر جاتا ہو تو اس تعویذ کو کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر جس مکان میں عورت رہتی ہے اس کے چاروں گوشوں میں دفن کر دیں بفضلہٖ تعالیٰ امن میں رہے گی۔ **بسم الله الرحمن الرحيم حسبى الله وكفى بالله اياك نعبد واياك نستعين ولا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم ان شاء الله وبعزة الله وصدقت يا رسول الله وبهمت ائمة الا عزاء بصغر بحد بلوغ وشباب وشيب مرشد الله سبحانهٗ وكرمهٗ وبحرمة ايں اسماء فلاں بن فلاں راعمر طبعى ارزانى فرما.**

اور یہ تعویذ کے گلے میں ڈالے۔

بسم الله ملاثمان الرحمن ابرثمان الرحيم حيث ثمان والله المستعان ثاماً ثاماً ثماً ثم ثمون بسم الله الرحمن الرحيم بارك الله علينا ودافع بلاء نايارؤف لبيك الرحيم لبيك والشفيع لبيك وان الله يبعث من فى القبور وصلى الله على خير خلقهٖ محمد وآلهٖ اجمعين اللّٰهم اجعل فلاناً محبوباً فى قلوب المؤمنين وبلِّغهُ عمره وبشرة الى مأته وعشرين سنة فاالله خير حافظا وهو ارحم الراحمين برحمتك يا ارحم الراحمين.

(۲) اس نقش کو لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالیں مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

٦	٢	١٢
٤	١١	٥
١٠	٧	٣

فصل سوم

واپسی مفرور (بھاگے ہوئے) کے بیان میں۔

(۱) یہ نقش لکھ کر اندھیرے کمرہ میں دو پتھروں کے درمیان دبا کر رکھدیں انشاء اللہ سات روز میں مفرور گھبرا کر واپس آئے گا یا اس کی اطلاع آجائے گی مجرب ہے۔ پہلے سورہ فاتحہ معہ تسمیہ اور آیۃ الکرسی لکھے اور اس کے بعد یہ دعا لکھے۔

اللّٰهم انی اسئلك بان لك السموات والارض ومن فيهن اجعل اللهم السماء والارض ومافيهما علىٰ عبدك فلان بن فلان اضيق من خلقه حتى يرجع الىٰ مولاه برحمتك يا رحم الراحمين اوكظلمات فى بحر لجى يغشاه موج من فوقه موج من فوقه سحاب ظلمات بعضها فوق بعض اذا اخرج يدهٗ لم يكد يرٰها ومن لم يجعل اللّٰه له نوراً فما لهٗ من نور ومن ورائهم برزخ الىٰ يوم يبعثون وضرب لنا مثلاً ونسى خلقه قال من يحيىٰ العظام وهى رميم واللّٰه من ورائهم محيط بل هو قرآن مجيد فى لوح محفوظ. اللّٰهم انى اسئلك بان لك السمٰوات والارض ومن فيهن اجعل اللّٰهم السماء والارض وما فيهما على عبدك فلان بن فلان اضيق من خلقه حتى يرجع الىٰ مولاه برحمتك يا ارحم الراحمين.

(۲) یہ طلسم لکھ کر چرخہ میں باندھ کر الٹا گھمائے انشاء اللہ مفرور واپس آجائے گا۔ طلسم یہ ہے۔

ذ کٓ	مہ	ک
ال	ح	ال
ک	مہ	ک

فلاں بن فلاں واپس گردد

فصل چہارم

موافقت ومخالفت عناصر کے بیان میں۔

عملیات میں مخالفت وموافقت عناصر کی خاص ضرورت رہتی ہے۔ اکثر ناکامی اس وجہ سے ہوتی ہے کہ عناصر اربعہ کا لحاظ نہیں رکھا جاتا پس جاننا چاہئے کہ جب کوئی دعا یا اسم پڑھنا مقصود ہو تو پہلے یہ معلوم کرلے کہ اپنے نام اور اس عمل کے پہلے حرف میں موافقت ہے یا نہیں اگر موافقت ہو تو کامیابی ہوگی ورنہ ناکامی سے دوچار ہونا پڑے گا ایسی صورت میں یا تو اپنے نام کے ساتھ کوئی اسم لگا کر اس عمل کے موافق بنالے یا عمل کو اپنے نام کے موافق کرلے مثلاً عمل آتشی ہے اور اپنا نام آبی مثلاً زبیر، تو زبیر کے شروع میں محمد بڑھا کر اسے آتشی بنایا جاسکتا ہے۔

اس قاعدہ کی رعایت حب وبغض کے معاملات میں اشد ضروری ہے دیگر معاملات میں چنداں ضروری نہیں۔ عناصر اربعہ کے مطابق حروف کا مزاج بخورات کے بیان میں نقشہ کی صورت میں گذر چکا ہے وہاں دیکھ لیا جائے۔

آتش وباد میں محبت ہے مگر باد غالب ہے آتش پر۔ خاک وآب میں موافقت ہے مگر خاک آب پر غالب ہے۔ خاک وآتش میں عداوت ہے نیز خاک آتش پر غالب ہے۔ آب وباد موافق ہیں لیکن باد غالب ہے آب پر، باد اور خاک میں دشمنی ہے نیز باد غالب ہے خاک پر، آتش وآب میں بھی دشمنی ہے نیز آب غالب ہے آتش پر، آتش وآتش، آب وآب، خاک وخاک اور باد وباد میں موافقت ہے۔ آتش سے آب قوی ہے اور آتش خاک سے۔ آب سے خاک قوی ہے اور باد دونوں سے قوی تر۔

باب النون

اس باب میں بارہ فصلیں ہیں

فصل اول

نقوش کے فوائد کے بیان میں۔

جاننا چاہئے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے حروف میں عظیم تاثیرات ودیعت رکھی ہیں اسی طرح ان کے اعداد میں بھی بڑے بڑے اثرات پوشیدہ رکھے ہیں یہی وجہ ہے کہ حاملین اکثر نقوش سے کام لیتے ہیں اور ان سے وہ محیر العقول اثرات نمایاں ہوتے ہیں کہ ان تک عقل و دماغ کی رسائی ممکن نہیں، نقوش میں جہاں اختصار پایا جاتا ہے وہیں ان کو بعض ایسے مواقع پر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے جہاں آیات قرآنیہ سے کام نہیں لے سکتے اسی اہمیت کے پیش نظر میں اس کو مفصلاً بیان کر رہا ہوں۔

عاملین نے نقش کی ہر قسم کو سبعہ سیارہ کی طرف منسوب کیا ہے اور جو اثرات سبعہ سیارہ سے ظاہر ہوتے ہیں انہی کا مظہر نقوش کو قرار دیا ہے مثلاً نقش مربع مشتری کی طرف منسوب ہے اور مشتری سعد اکبر ہے تو اس کو انہی مواقع پر استعمال کیا جاتا ہے جو خیر وصلاح سے تعلق رکھتے ہوں اور وہی اثرات اس سے ظاہر ہوتے ہیں جو اس سے متعلق ہیں اسی طرح دوسرے نقوش کو خیال کرنا چاہئے۔ نقوش کی نسبت سبعہ سیارہ کی طرف حسب ذیل طریق پر ہے۔

مثلث (زحل)، مربع (مشتری) مخمس (مریخ) مسدس (شمس) مسبع (زہرہ) مثمن (عطارد) متسع (قمر) اور نقش معشر (وہ دروہ) فلک البروج کی طرف منسوب ہے واللہ اعلم۔

فصل دوم

نقش مثلث مساوی الاضلاع پر کرنے کے بیان میں۔

جس اسم یا آیت کا نقش مثلث پر کرنا ہو اس کے اعداد لے کر مجموعہ میں سے بارہ عدد کم کر کے باقی کو تین پر تقسیم کر کے حاصل تقسیم کو پہلے خانہ میں رکھ کر ہر خانہ میں ایک ایک عدد

کا اضافہ کرتے جاؤ نقش پر ہو جائے گا۔ مثلاً حوا کا نقش پر کرنا ہے اس کے اعداد کا مجموعہ پندرہ ہے لہٰذا اس میں حسب ذیل عمل کرو۔ حاصل تقسیم ایک ہوا اسے پہلے خانہ میں لکھو۔ اور ہر خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کیا۔ نقش پر ہو گیا۔

۱۵
۱۲
۱)۳(۳
۳
x

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نقش میں جس ترتیب سے اعداد بھرے گئے ہیں یہی ترتیب اس کے خانوں کی ہے پس جس میں ایک ہے وہ پہلا خانہ ہے۔ اور جس میں دو ہے وہ دوسرا اسی ترتیب کا ہر قسم کے نقوش میں خیال رکھا جائے جب اعداد کی تقسیم برابر ہو جائے تب یہ صورت ہے لیکن اگر تقسیم سے کچھ باقی بچ جائے تو اگر ایک بچے اسے ساتویں خانہ میں لکھو اور دو باقی رہیں تو چوتھے خانہ اس کا اضافہ کردو مثلاً کسی نام کے اعداد سولہ ہیں تو اس طرح عمل ہوگا۔

۱۶
۱۲
۱)۴(۳
۳
۱ باقی

۶	۱	۹
۸خانہ کسرا	۵	۳
۲	۱۰	۴

اس کے ساتویں خانہ میں ایک کا اضافہ ہے اور اگر ۱۷ عدد ہیں تو اس کی صورت یہ ہے۔

۱۷
۱۲
۱)۵(۳
۳
۲ باقی

۷	۱	۹
۸	۶	۳
۲	۱۰	۵خانہ کسر۲

اس کے چوتھے خانہ میں ایک کا اضافہ ہے

نقش مندرجہ بالا آتشی چال سے پر ہے۔ مندرجہ ذیل نقوش سے نقش مثلث کی خاکی، بادی اور آبی چال معلوم کیجئے۔

خاکی

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

بادی

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

آبی

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

فصل سوم

نقش مثلث دو پائی پر کرنے کے بیان میں۔

اسم یا آیت وغیرہ کے اعداد نکال کر بارہ پر تقسیم کرے اور حاصل تقسیم کو پہلے خانہ میں رکھے اور ہر خانہ میں حاصل تقسیم کے مطابق عدد زیادہ کرے یعنی اگر حاصل تقسیم ایک ہے تو ہر خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کرے اور دو ہے تو دو دو کا اور مثلاً ۶ ہے تو ۶۔۶ کا اگر تقسیم سے ایک باقی رہے تو چھٹے خانہ میں ۱، دو باقی رہیں تو ایک عدد تیسرے خانہ میں۔ اور ایک چھٹے خانہ میں چار رہیں تو ایک عدد تیسرے خانہ میں اور ایک چھٹے خانہ میں چار رہیں تو ایک تیسرے میں اور دو چھٹے میں پانچ رہیں تو دو تیسرے میں اور ایک چھٹے میں چھ رہیں تو دو تیسرے میں اور دو چھٹے میں، سات رہیں تو دو تیسرے میں اور تین چھٹے میں آٹھ رہیں تو تین تیسرے میں اور دو چھٹے میں نو رہیں تو تین تیسرے میں تین چھٹے میں دس رہیں تو تین تیسرے میں چار چھٹے میں اور گیارہ باقی رہیں تو چار تیسرے میں اور تین چھٹے میں زائد کرے نقش پر ہو جائے گا مثلاً اسم واجب کے عدد ۱۲ ہیں انہیں بارہ پر تقسیم کیا تو حاصل تقسیم ایک ہوا اسے پہلے خانہ میں لکھا۔ اور ایک ایک کا اضافہ کیا نقش پر ہو گیا اس طرح۔

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷		۵

اسم حوا کے عدد ۱۵ ہیں انہیں بارہ پر تقسیم کیا حاصل تقسیم ایک ہوا۔ اور تین باقی رہے تو ایک ایک کا اضافہ تیسرے اور چھٹے خانہ میں کیا گیا اس طرح۔

۴	۱۰	۱
۲	۵	۸
۹		۶

کسی اسم عدد مثلاً اڑتالیس ہیں انہیں بارہ پر تقسیم کیا تو چار حاصل تقسیم ہوئے انہیں پہلے خانہ میں لکھ کر ہر خانہ میں چار چار کا اضافہ کریں گے اس لئے کہ حاصل تقسیم کے مطابق اضافہ کیا جاتا ہے۔ نقش اس طرح پر ہوگا۔

۱۲	۳۲	۴
۸	۱۶	۲۴
۲۸		۲۰

فصل چہارم

نقش مثلث خالی البطن پر کرنے کے بیان میں۔

اعداد مطلوب لے کر اس میں سے چھ عدد کم کر کے باقی کو چھٹے خانہ میں لکھو پھر ایک ایک کا اضافہ کر کے آٹھویں خانہ تک پر کر کے پہلے خانہ میں ایک کا ہندسہ لکھ کر پانچویں خانہ تک ایک ایک کا اضافہ کرو مثلاً اسم واجب کے ۱۲ عدد لے کر اس میں سے چھ کم کئے چھ باقی رہے ان چھ کو چھٹے خانہ میں لکھ کر آٹھویں خانہ تک ایک ایک کا اضافہ کیا اس طرح۔

	۸	
۷		
		۶

اس کے بعد پہلے خانہ میں ایک لکھ کر پانچویں خانہ تک ایک ایک کا اضافہ کیا اس طرح

۳		۱
		۵
۲	۴	

اب نقش مکمل ہو گیا اس طرح

۳	۸	۱
۷		۵
۲	۴	۶

دوسری مثال۔ کسی اسم کے عدد چونتیس ہیں ان میں سے چھ کم کئے ۲۸ باقی رہے انہیں چھٹے خانہ میں رکھا اور آٹھویں خانہ تک ایک ایک کا اضافہ کیا پھر بدستور پہلے خانہ میں ایک لکھ کر پانچویں خانہ تک ایک ایک زائد کیا گیا نقش پر ہو گیا اس طرح

۳	۳۰	۱
۲۹		۵
۲	۴	۲۸

فصل پنجم

نقش مربع پر کرنے کے بیان میں۔

اعداد مطلوب لے کر اس میں سے ۳۰ عدد کم کر کے باقی کو چار پر تقسیم کر و حاصل تقسیم کو پہلے خانہ میں لکھ کر ہر خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کرو نقش پر ہو جائے گا۔ مثلاً ۳۴ کے نقش میں اس طرح عمل ہوگا۔

۳۴
۳۰
۴)۴(۱
۴
X

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اگر تقسیم سے ایک باقی رہے تو تیرہویں خانہ میں دو رہیں تو نویں خانہ میں اور تین رہیں تو پانچویں خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کرو مثلاً نقش ۱۳۵ اس طرح پر ہوگا۔

۸	۱۱	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۲
۳	۱۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۶

۳۵
۳۰
۴)۵(۱
۴
۱ باقی

اس کے تیرہویں خانہ میں ایک عدد زیادہ کیا گیا ہے اس لئے بجائے ۱۳ کے ۱۴ لکھا گیا

ملاحظہ ہو نشان

نقش مذکورہ بالا آتشی چال سے پر کیا گیا ہے مندرجہ ذیل نقوش سے اس کی دوسری چالیں معلوم کیجئے۔

خاکی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

بادی

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

آبی

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

فصل ششم

نقش مربع زوج الزوج پر کرنے کے بیان میں۔

اگر حصۂ چہارم یا کل اعداد فرد ہیں تو نقش پر نہ ہوگا۔ اعداد مطلوب لے کر ان میں سے ساٹھ عدد کم کر کے باقی کو چار پر تقسیم کریں اور حاصل تقسیم کو پہلے خانہ میں رکھ کر ہر خانہ میں دو دو عدد کا اضافہ کریں۔ نقش پر ہوگا۔ مثلاً کسی اسم کے عدد اڑسٹھ ہیں تو ان میں اس طرح عمل ہوگا۔

۶۸
۶۰
۲)۸(۴
۸
x

۲	۲۸	۲۲	۱۶
۲۴	۱۴	۴	۲۶
۱۲	۱۸	۳۲	۶
۳۰	۸	۱۰	۲۰

اگر تقسیم سے دو باقی رہ جائیں تو تیرہویں خانہ میں دو کا اضافہ کر دو مثلاً

۷۰
۶۰
۲)۱۰(۴
۸
x

۲	۳۰	۲۲	۱۶
۲۴	۱۴	۴	۲۸ کسر ۲
۱۲	۱۸	۳۴	۶
۳۲	۸	۱۰	۲۰

اس کی چالوں کو سابق پر قیاس کیا جائے۔

فصل ہفتم

نقش مربع ذوالکتابت پر کرنے کے بیان میں۔

جس اسم یا آیت کا نقش پر کرنے کا ارادہ ہو اسے نقش مربع کی پہلی سطر میں دائیں سے بائیں تحریر کریں پھر پہلے حروف کے اعداد پر ایک ایک کا اضافہ کر کے دوسرے سے چوتھے خانہ تک لکھیں پھر پانچویں خانہ سے دوسرے حروف کے اعداد تحریر کریں بایں طور کہ آٹھویں خانہ میں جو حرف ہے اس کے اعداد میں سے تین عدد کم کر کے پانچویں خانہ میں لکھیں۔اور ایک ایک بڑھائیں پھر چودھویں خانہ والے حرف کے اعداد میں سے ایک کم کر کے تیرہویں خانہ میں لکھیں اور بدستور نقش پر کریں مثلاً اسم قیوم کا نقش بروش ذوالکتابت پر کرنا ہے تو پہلے نقش مربع کی سطر میں بعینہٖ وہ حروف لکھیں اس طرح

ق	ی	و	م
			۱

پھر چونکہ قاف پہلے خانہ میں واقع ہے اور اس کے اعداد سو ہیں اس لئے ان پر ایک کا اضافہ کر کے دوسرے خانہ میں لکھا اور خانہ چہارم تک ایک ایک کا اضافہ کیا اس طرح۔

ق	ی	و	م
		۱۰۱	
			۱۰۲
	۱۰۳		

اس کے بعد دیکھا کہ آٹھویں خانہ میں حرف میم واقع ہے اور اس کا تعلق پانچویں خانہ سے ہے۔ اور اس کے اعداد ۴۰ ہوتے ہیں اور خانہ پنجم تک تین ہندسوں کا فرق ہے لہٰذا اس میں سے تین عدد کم کر کے پانچویں خانہ میں لکھ کر ساتویں خانہ تک ایک ایک عدد کا اضافہ کریں گے اس طرح

			م
	۳۹		
۳۸			
		۳۷	

اس کے بعد حرف واو گیارہویں خانہ میں واقع ہے اور اس کے عدد ٦ ہیں۔ اور اس کا تعلق نویں خانہ سے ہے لہٰذا اس میں سے دو عدد کم کر کے نویں خانہ میں لکھ کر دسویں اور بارہویں میں ایک ایک کا اضافہ کریں گے اس طرح

		و	
۷			
	۴		
			۵

بعد ازاں ی کو دیکھا کہ اس کے عدد دس ہیں۔ اور یہ چودھویں خانہ میں واقع ہے اور اس کا تعلق تیرہویں خانہ سے ہے تو اس کے اعداد میں سے ایک کم کر کے تیرہویں خانہ میں لکھیں گے اور پندرہویں اور سولہویں خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کریں گے اس طرح

	ی		
			۹
		۱۲	
۱۱			

اب نقش مکمل ہو گیا۔

ق	ی	و	م
۷	۳۹	۱۰۱	۹
۳۸	۴	۱۲	۱۰۲
۱۱	۱۰۳	۳۷	۵

فصل ہشتم

نقش مخمس پر کرنے کے بیان میں

اعداد مطلوب میں سے ۶۰ عدد کم کر کے باقی کو ۵ سے تقسیم کر کے حاصل تقسیم کو پہلے خانہ میں لکھیں اور ایک ایک عدد کا اضافہ کرتے جائیں اگر تقسیم سے ایک بچے تو اکیسویں دو بچیں تو سولہویں تین بچیں تو گیارہویں اور ۴ بچیں تو بارہویں خانہ میں ایک ایک عدد زیادہ کریں مثلاً نقش ۶۵، اس طرح پر ہوگا۔

۶۵
۶۰
۵)۵(۱
۵
x

۷	۱۳	۱۹	۲۵	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

فصل نہم

نقش مسدس پر کرنے کے بیان میں۔

مجموعۂ اعداد میں سے ۵ کم کرکے باقی کو چھ پر تقسیم کرکے حاصل تقسیم کو پہلے خانہ میں لکھ کر بدستور نقش پر کریں تقسیم سے ایک بچے تو اکتیسویں دو بچیں تو پچیسویں تین بچیں تو انیسویں چار بچیں تو تیرہویں اور پانچ بچیں تو ساتویں خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کریں نقش پر ہوگا۔ مثلاً

۱ ۱ ۱
۱ ۰ ۵
۶) ۶ (۱
۶
x

۳۶	۳۰	۲۴	۱۳	۷	۱
۲۵	۱۹	۳	۳۵	۱۷	۱۲
۶	۱۰	۱۴	۲۱	۲۸	۳۲
۲۰	۲	۲۹	۱۱	۳۱	۱۸
۱۵	۲۴	۸	۱۷	۵	۲۲
۹	۱۶	۳۳	۴	۲۳	۲۶

(فائدہ) کسر یعنی تقسیم سے بچے ہوئے عدد کو پر کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ کم سے کم عدد کو آخری دور کے پہلے خانہ میں بڑھاؤ اور اس سے ایک زائد کو آخری دور سے پہلے دور میں، اسی طرح تمام کسور کو پورا کرلو۔ مثلاً نقش مربع کا ایک دور چوتھے خانہ پر تمام ہوجاتا ہے دوسرا

پانچویں سے شروع ہو کر آٹھویں پر اور تیسرا نویں سے شروع ہو کر بارہویں پر اور چوتھا تیرہویں سے شروع ہو کر سولہویں پر پس اگر نقش مربع میں ایک کی کسر واقع ہو۔ اور یہ کم سے کم عدد ہے تو اسے آخری دور کے پہلے خانے یعنی تیرہویں خانہ میں بڑھاؤ اور اس سے ایک زائد یعنی دو کی کسر ہو تو آخری سے پہلے دور یعنی نویں خانہ میں ایک کا اضافہ کرو اسی طرح نقش معشر تک کسور کو قیاس کرو۔

فصل دہم

نقش مسبع پر کرنے کے بیان میں۔

مجموعۂ اعداد میں سے ۱۶۸ کم کر کے باقی کو سات پر تقسیم کر کے حاصل تقسیم کو پہلے خانہ میں لکھ کر بدستور نقش پر کرو مثلاً

۱۷۵
۱۶۸
۷) ۷ (۱
۷
×

۲۳	۴۲	۵	۱۷	۲۹	۴۸	۱۱
۶	۱۸	۳۰	۴۹	۱۲	۲۴	۳۶
۳۱	۴۳	۱۳	۲۵	۳۷	۷	۱۹
۱۴	۲۶	۳۸	۱	۲۰	۳۲	۴۴
۳۹	۲	۲۱	۳۳	۴۵	۸	۲۷
۱۵	۳۴	۴۶	۹	۲۸	۴۰	۳
۴۷	۱۰	۲۲	۴۱	۴	۱۶	۳۵

کسور کا حال مذکورہ بالا فائدہ سے معلوم کرو

فصل یازدہم

نظر بد کے دفعیہ میں۔

(۱) مندرجہ ذیل دعا لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالیں نظر دور ہو گی۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم ۔ خرجت عین الحسود من حدق بیض وسود فلقیھا جبرئیلٌ ومیکائیلُ فقال لھا عزمنا علیك ایتھا العین انك لا تکونی علی حامل کتابی ھذا بحق قل اعوذ برب الفلق من شرما خلق ومن شر غاسق اذا وقب ومن شر النفثت فی العقد ومن شر حاسد اذا حسد

(۲) یہ نقش لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالیں مجرب ہے نقش یہ ہے

۷۸۶

حسبنا	اللّٰه	ونعم	الوکیل
عزیز	سابق	محیط	مغنی
مانع	واحد	مهلك	عالم
محیی	ممیت	معبود	باقی

(۳) مندرجہ ذیل آیت سات عدد لال مرچوں پر سات سات مرتبہ پڑھ کر سات بار وم کر کے بچہ کے اوپر سے سات مرتبہ اتار کر دہکتی آگ میں ڈال دیں انشاء اللہ نظر اسی وقت دور ہو جائے گی۔ اور مرچوں کے جلنے سے دھسک بالکل نہیں آئے گی بشرطیکہ بچہ کو نظر ہو مجرب ہے۔

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوْا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ط وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ط

(۴) چوپایوں اور تمام جانوروں کے نظر کے دفعیہ کے لئے۔

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر گردن میں باندھیں انشاء اللہ نظر دور ہوگی۔ مجرب ہے۔

١ ٩ ١ ٦ ١ و ٦ ١ و ١ ع ١ و ٨ ١ ١ ١ ١ ١ ع ١ ٠ و ١ ١

١ ٢ ١ ٢ ١ ٢ ١ ع ١ ١ ١ ١

ان زس ف و اش م ن و ع ف ی س د ا ی ل م
ع دل اس ه و لال م ک س م ح م ص ه ر و ا ن
خ ذک ف ج ش ت ظ خ ز ا ه ط م ی ش ذ
ر ه ط ح ا م ر خ ع ط ی ک ل ن ب ع س
ی ل م د ض ع م ب ر ل

١ ١ ١ ١ ١ ١ ١ ٨ ١ ع ١ ١

١ و ٨ ١ ٢ ٦ ٢ ١ ٢ و ٦ ٦ ١ و ء ١ و ١ ٦ ١ و ١ غ ١ و ١ ١

فصل دوازدہم

نکسیر کے دفعیہ میں

(۱) اگر نکسیر دائیں جانب سے پھوٹے تو ایک ادنیٰ ڈورا لے کر بائیں ہاتھ کی انگشت بنصر اور وسطیٰ (یعنی چھوٹی انگلی کے پاس والی اور درمیانی انگلی) دونوں باندھ دیں اور بائیں جانب سے جاری ہو تو دائیں ہاتھ کی دونوں انگلیاں باندھ دیں انشاء اللہ اسی وقت فائدہ ہوگا۔

(۲) نکسیر کے خون سے مریض کی پیشانی پر یہ طلسم علهلج.

(۳) پیشانی پر یہ حروف لکھیں ك س ح م ا ر ه .

(فائدہ) خون استحاضہ روکنے کے لئے جو تعویذات باب الحاء میں لکھے گئے ہیں وہ بھی نکسیر کے لئے مفید ہیں۔

تمّت بالخیر

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْم

مجرب مستند نایاب عملیات ونقوش کا شاہکار
مسمّٰی بہ

خزینۃ الاسرار

از:

مولانا قاری محمد حنیف اسلم قاسمی

تاج کمپنی، اسلام آباد۔ کراچی